گھر کا شناسی

جس میں تمام خانگی امراض کے ڈاکٹری - یونانی - آیورویدک - اور سنیاسی لوگوں کے نہایت مجرب نسخے اور ہر ایک مریض کی غذا - ضروری احتیاط - ہر موسم کے اُصولِ تندرستی - ہر عمر کے تندرست و مریض انسان کیلیے باترتیب اور واضح طور سے بیان کیے گئے ہیں - + + +

مصنفہ

حکیم بھگت رام سبھروال اڈیٹر رسالہ رہنما

مصنف حبیب الحیوانات - ہمہ دان طبیب - گنج قارون - یوگیشور جام جہاں نما - علم کی دیوی - رسالہ جریان - کوک شاستر وغیرہ +

متوطن پنڈدادن خاں ضلع جہلم

مالکان رسالہ رہنما ٹوہانہ نے

(جن میں مصنف بھی شامل ہے) کارخانے کے سرمایہ سے اُجرت دیکر خریدا

اور

کارخانہ بلالی سٹیم پریس ساڈھوڑہ میں باہتمام منشی کرم بخش پرنٹر چھپوایا

بار اول قیمت مجلد ۱۲ ر

جریان کی مکمل حقیقت اور علاج

یہ ایک نہایت فیض بخش رسالہ ہے جو کئی درجن بڑی بڑی قیمتی کتب کی مدد سے حکیم بھگت رام اڈیٹر رسالہ رہنما نے آٹھ دس ماہ کی محنت سے تیار کیا ہے اشتہاری لوگوں کی تعریفیں اور سبز باغ دکھانا آج تک کبھی ہمارا شیوہ نہیں ہوا کتاب ہذا کی فہرست مضامین ذیل ہے آپ مضامین کی سرخیاں ہی پڑھکر رسالہ ہذا کے کہتر و بہتر ہونے کا اندازہ لگا سکتے ہیں قیمت چھ آنہ ۶ر

فہرست مضامین

جریان کیا بلا ہے۔(۲) جریان کیوں ہوتا ہے(۳) جریان کتنے اقسام کی بیماری ہے (۴) جریان منی (۵) جریان مذی (۶) جریان ودی (۷) جریان خون و عورت کا جریان یا سیلان رطوبت (۸) جلق سے جریان اور اس کا تیر بہدف علاج (۹) آتشک سے جریان معہ علاج (۱۰) سوزاک سے (۱۱) اغلام سے (۱۲) جریان کی نامرادعلت معہ تدارک۔ ہر قسم کے جریان کے الگ الگ ترکیبوں سے علاج مثلاً صرف مفرد دواؤں سے۔ صرف نباتی چیزوں سے صرف معدنی ادویہ سے محض کشتہ جات سے ہر ایک قسم کی نامردی کا شرطیہ اور نہایت زود اثر علاج اکسیر اعظم۔ صنایع کامل۔ قانون شیخ۔ ذخیرہ خوارزم شاہی۔ مخزن حکمت معدن الشفا سکندری شاہی وغیرہ وغیرہ بے نظیر کتابوں کا عطر کھینچکر بنایا ہے:

ملنے کا پتہ

گپتا برادرس مالکان رسالہ رہنما ٹوہانہ ایس پی ریلوے

گھر کا شناسی

تمہید

میں یقین کرتا ہوں! کہ آپ کے دل میں یہ بات پختہ طور سے گھر کر چکی ہوگی
کہ آپ بڑے عقلمند ہیں۔ آپ بڑے ہی محقق ہیں آپ بہت حسین ہیں۔ آپ
کے ساتھ کا بات کی تہ کو پانے والا دیگر کوئی بشر آجتک دنیا میں پیدا نہیں ہوا۔
آپ بڑے خاندانی ہیں۔ آپ مرض کی حقیقت کو سمجھنے والے ہیں۔

میرے دوستو! میں آپ سے تمسخر نہیں کر رہا ہوں بلکہ فی الواقعہ یہہ
خیال ہر ایک انسان کے دل و دماغ میں اچھے وزن کا اقامت گزیں ہو چکا ہوتا
ہے! کہتے ہیں ہر بشر کے پیدا ہوتے ہی شیطان اس کے کان میں
پھونک لگا دیتا ہے کہ آپکے ساتھ کا خود مند آدمی دنیا کے اندر آجنک نہیں
پیدا ہوا۔ یہی وجہ ہے کہ ہم نے آپ کو یوں گستاخی کے الزام آپ پر لگا کر متوجہ
کیا ہے مگر اب ہم آپ اس تمسخر کی معافی مانگتا ہے لیکن یہ تو آپ سے پھر
بھی عرض کرنا ہی پڑیگا۔ کہ آپکے دل میں یہ تو عموماً کھٹکتی ہوگی کہ ہم ہیں تو بڑے
لائق" خیر ہم اس جھگڑے کو جانے ہی دیتے ہیں"۔

میرے عزیزو! دنیا میں کوئی شخص بھی ایسا نہیں ہے جو اپنے ناک
پر مکھی بیٹھنے دیگا اور یہ امر بھی نمایاں طور سے ہر جگہ آپکو حاوی و مبسوط نظر آئیگا۔
یعنی کہ تمام انسان اپنے مطلب کو چابک کیطرح اپنے اوپر لینے کو تیار ہو جاتے
ہیں مگر سیدھی طرز سے کوئی شخص اپنا کان نہ پکڑ یگا۔ مثلاً ایک آدمی کا نا ہے۔

تو اگر آپ اُس سے فوراً ہی یہ سوال کردیں کہ تو کیوں کانا ہے یا کیوں کانا ہوا ہے تو وہ فوراً جوتی پکڑ کر آپ کی خاطر تواضع کو تیار ہو جائیگا۔ اگر ڈھنگ کیساتھ آپ اس سے پوچھیں "بھائی صاحب! آپ کی اس آنکھ کو کیا بیماری ہوئی تھی جس سے نصیب دشمناں برگشتہ ہوا۔ اور ہمیشہ کیلئے یہ قیمتی و خوبصورت عضو نکما ہو گیا تو وہ فوراً ہی شروع سے لیکر انجام تک اپنے کانے ہونے کی ہسٹری خوشی سے آپ کو سنا دیگا۔ یونہی آپ ایک آدمی کو کہہ دیکھئے۔ کہ آپ تو بڑے حضرت ہیں۔ آپ تو بڑے ہی بھلے انسان ہیں۔ تو اس کو یہ آپکے الفاظ بندوق کی گولی کیطرح لگیں گے۔ غرضیکہ دنیا کے اندر انسانی دماغ ایسا کچھ معجون مرکب بنایا گیا ہے جس کی تاثیر میں ذرا بھر بھی اونچ نیچ ہو جائے تو اسکا پارہ آن کی آن میں اور کا اور ہو جاتا ہے۔

ہماری طبی کتاب ہے لہٰذا ہمیں طبابت کے متعلق ہی بات چیت کرنا زیبا ہے ہمارا روئے سخن اس مضمون کو ادا کرنیکا تھا۔ کہ دنیا میں ہر کسی کے دل میں اپنی بڑائی اپنی دانائی اپنا فہم و ذکا ٹھا کر لوگوں کو دکھانے کی آرزو رہا کرتی ہے اور ہر دل و گردے کا انسان یہی چاہتا ہے۔ کہ میری ٹانگ کے نیچے سے ہی تمام انسانی تعداد گذرتی چلی جائے۔

اب آپ ڈاکٹروں حکیموں۔ ویدوں اور سنیاسیوں کے خیالات کو جانچئے تو یاروں سے کوئی بھی آپکو ایسا نہ ملیگا۔ جو اپنی حکمت و طبابت کو ادنے اور دوسرے فن والے کی فراست یا علمیت کو اعلے تسلیم کریگا۔

ڈاکٹر صاحب یہ کہتے ہیں ہرگز شرم نہ کرینگے کہ ہم تمام دنیا کے حکما سے افضل ہیں ان کا یہی دعوےٰ ہوگا۔ کہ اور سب پرانی لکیر کے فقیر ہیں اور علم ڈاکٹری ہی نئی روشنی کا اجالا ہے اور کیمیائی حکمت کا نچوڑ ہے۔

اگر آپ حکیم صاحب سے بات چیت کرینگے تو وہ یونانی طبابت کو ہی تمام

عالم کے فن حکمت سے چوٹی کا ثابت کرنے پر زور دینگے

وید مہاراج کا خیال ایورویدک چکتسا (طبابت) کو ہی ساری دنیا کی فلاسفیوں سے بالا و برتر ماننے اور منوانے پر تلا ہوا ہوگا۔

سنیاسی مہاتما دیگر سب لوگوں کو بودم اور عقل سے کورا بتلائینگے مگر اپنی حکمت کو تمام کمزوریوں سے معرا و نقصوں سے بے عیب کہنے کی ضد کرینگے"۔

جب یہ بات ہے کہ ہر صیغہ حکمت میں ایک کا دوسرے سے اختلاف لئے ہے یعنی ڈاکٹروں۔ طبیبوں۔ ویدوں اور سنیاسیوں کا قارورہ ہی آپسمیں نہیں ملتا اور ذرا ذراسی بات میں ایک کو دوسرے پر صدہا اعتراض سوجھتے ہیں پھر ہم ان ہر چہار فنون کو یکجا پہلو بہ پہلو قلمبند کرنے کی جراءت کیونکر کرنے لگے ہیں۔ بات یہ ہے کہ وہ تو مضمون کی تصویر کا ایک ہی رخ تھا جو تردید کے مسائل کا آپ سے عرض کیا گیا ہے۔ اب آپ دوسرا پہلو ملاحظہ کریں۔ یعنی آپ اعتراض اور جھگڑے کیطرف جانا ہی چھوڑ دیں تو آپ کو ہر کسی سے کچھ نہ کچھ لابھ ہی ہوگا۔ آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ دنیا کے اندر ہر ایک ذی حیات میں اس کے "خیالات کی سپرٹ" ہی کام کر رہی ہے۔ جیسا کسی کا خیال ہوگا اس کے لئے وہ چیز ویسی ہی محسوس ہوگی۔

جنکا ہر جگہ و ہر وقت ہر کسی پر اعتراض کرنا ہی شیوہ ہو جائے انکو تمام لوگوں کی خوبیاں بھی عیب نظر آنے لگتے ہیں۔ اور وہ اچھی شے کی موجودگی میں بھی خراب ہی چیز پر گرینگے۔ آپ بھنورے کو دیکھیں وہ زہردار پھولوں سے بھی خوشبو (امرت) ہی نکالیگا۔ مگر زنبور کی عادت ہے وہ گلاب اور بید مشک کے پھولوں سے بھی زہر ہی جذب کرنے کی کوشش کریگا۔ یہ نیچر کے سبھاؤ کا اصول ہے کہ جیسی کوئی آدمی عادت بنالے ویسا بھی اس کو ویسی محسوس ہوتی ہے لہذا جو لوگ

اچھی خصلت کے ہیں وہ لوگوں کے عیوب پر توجہ ہی نہیں دیتے بلکہ ہر کسی کی نیک عادات و اوصاف سیکھنے کی دھن میں رہتے ہیں۔

ہم نے کتاب ہذا میں جو کچھ مصالحہ بھرا ہے سب کا سب آپکے مفید مطلب فراہم کرتا ہے۔ آپ نہ کسی ڈاکٹر سے نہ حکیم صاحب سے نہ وید اور سنیاسی جی مہاراج سے کسی بات کا تکرار کیا کریں بلکہ ہر ایک کی دانائی اور کامیابی سے فائدہ اٹھانا اپنا ساری عمر کا شعار بنائیں۔ اور دن بدن آپ کی لیاقت۔ سمجھ بوجھ ترقی کریگی۔ اس لئے ہرگز آپ کسی کے نقص چھانٹنے پر اپنا مغز پچی ہی نہ کیا کریں۔ کیونکہ ؎

مرد باید کہ گیرد اندر گوش
گر نوشت است پند بر دیوار

(بھگت رام)

درد سر قسم

دو قسم کا درد سر ہوا کرتا ہے۔ ایک داخلی فتور کے سبب دوسرے خارجی یعنے بیرونی صدمہ سے۔

قسم اول۔ سر کے گوشت کا درد جس کو ڈاکٹری میں "ٹیوبرلیجک ہیڈایک" کہا جاتا ہے اور یونانی میں صداع ساذج خارجی موسوم کیا گیا ہے۔

بکثرت سردی یا بہت زیادہ گرمی لگنے سے یہ درد پیدا ہوتا ہے یا مرض گٹھیا کے مریضوں کو کمی بیشی حرارت کی وساطت سے پیدا ہوتا ہے۔

علاج۔ اگر سردی کیوجہ سے تو مندرجہ ذیل نسخجات مفید ہیں۔

نسخہ ڈاکٹری۔ کیفین فینسی سیٹن ہر ایک ۲ رتی گرم پانی سے کھلائیں

نسخہ یونانی۔ چاء ۳ ماشہ۔ دارچینی ۶ ماشہ بغیر دودھ کے پکا کر شکر حل کر کے پلائیں

نسخہ ویدک۔ اسگندھ ناگوری ۴ ماشہ۔ بیخ تلسی ۲ ماشہ سفوف کر کے گرم گرم دودھ سے دیں۔

نسخہ سنیاسی۔ نصف رتی کشتہ ہرتال طبقی دودھ کی بالائی میں لپیٹ کر کھلائیں

غذا۔ نخود آب۔ روٹی خشک۔ ادرک کی ترکاری در روٹی پلول اور روٹی۔ آلو کا شوربہ اور روٹی۔ گرم گرم دودھ۔ اگر درد بہ گرمی کے باعث ہو تو نسخجات ذیل کارآمد ہیں۔

نسخہ ڈاکٹری۔ پوٹاسی برومائیڈ دس رتی ایک اونس پانی میں ملا کر پلائیں اور پیشانی پر تھال یا ٹنکچر بیلاڈونا لگائیں۔

نسخہ یونانی۔ شربت لیمو یا شربت صندل بقدر ۳ تولہ ٹھنڈا برف کا پانی ڈال کر تین دفعہ ایک دن میں دیں ساتھ ہی عرق گلاب میں صندل گھسکر یا کاہو کر

لیپ کریں۔ پاسر کرسے کپڑا اتر کرکے رکھیں۔ مریض کو سرد مقام میں رکھیں۔
نسخہ ویدک۔ برہمڈنڈی ۷ ماشہ کوٹکر سفوف بناکر صبح کیوقت پانی
کے ساتھہ یا دودھ بکری کا خام لے کر پھانک لیں۔
نسخہ سنیاسی۔ برگ بھنگ یک ماشہ۔ مغز بادام ۲ تولہ رگڑ کر مصری دیسی حل
کرکے چھانکر پلاویں۔
خوراک۔ پالک کا ساگ۔ کدو و روٹی خمیری۔ ڈبل روٹی یا آلو کی ترکاری۔ شلغم
کی ترکاری و چاول
درد سر اندرونی جس کو ڈاکٹری میں سٹیرل ہیڈ ایک اور یونانی میں صداع داخلی
کہتے ہیں۔ یہ درد دماغ کی جھلیوں کے ورم و سوزش سے یا معدہ اور جگر
کی شرکت سے لاحق ہوتا ہے۔
اس درد سر کو ہم تین قسم میں جُدا جُدا بیان کرکے ہر ایک کا الگ علاج لکھتے
ہیں۔ ا
اول درد سر دموی جس کو ڈاکٹری میں کنجشنو اور طبی میں صداع دموی کہتے ہیں
جب یہ درد پیدا ہوتا ہے تو پیشانی کی تمام رگیں خون سے بھری ہوئی سامنے
نظر آتی ہیں۔ مریض کی تمام جسم کی شریانیں ابھر آتی ہیں
اسباب۔ یہ مرض عام طور پر ان لوگوں کو ہوا کرتا ہے جو عیاشانہ زندگی
بسر کرتے ہیں۔ گوشت انڈہ۔ مرغی۔ شراب کباب کھاتے پیتے اور ورزش
وغیرہ کی راہ نہیں جاتے ہیں۔
علاج۔ ڈاکٹری نسخہ۔ رات کے وقت کھانا کھانے کے بعد دو یا تین رتی
لیکوئل کھلائیں۔ اور علی الصباح میگنیشیا سلفاس چار ڈرام چار اونس پانی میں
ملاکر پلائیں تاکہ چند دست آجائیں اور درد کا افاقہ ہو۔

نسخہ یونانی۔ تخم کاسنی عناب۔ پاپڑہ۔ تمر ہندی۔ گلسرخ۔ آلو بخارا ہر ایک چھ ماشہ رات کے وقت ڈیڑہ پاؤ پانی میں بھگوئیں صبح کو چھان کر پانی میں ۴ تولہ شربت بزوری بارد حل کر کے پلائیں۔

نسخہ ویدک۔ چرچٹہ کی جڑ کا پوست تین ماشہ۔ مکوئی سبز پتی سات ماشہ ڈیڑہ پاؤ پانی میں پکا کر ملکر چھانکر ٹھنڈا کر کے قدرے مصری کوزہ حل کر کے دیں۔

سنیاسی نسخہ کشتہ ہڑتال۔ گئودنتی چار رتی صبح کے وقت گائے کے خام دودہ سے یا دو تولہ مکھن کے ساتھہ کھلائیں۔

خوراک زود ہضم از قسم نباتات۔ مثلاً خام تربوز کی ترکاری۔ دودہ چاول۔ ڈبل روٹی کے ساتھہ دال مونگ۔ توری۔ کدو۔ پالک وغیرہ۔

پرہیز۔ ہر قسم کے مصالحہ جات۔ گوشت۔ انڈہ مرغ سے قسم کردیں صبح و شام ہوا خوری ضرور کریں۔ گھر میں ہر وقت نہ گھسے رہیں۔

گرمی کا دردسر

اس کو ڈاکٹری میں بلیس ہیڈ ایک اور طبیب لوگ صداع صفراوی کہکر پکارتے ہیں۔ جگر کی خرابی سے جب صفرا بکثرت پیدا ہو کر معدہ میں گرتا ہے تو اس قسم کا درد پیدا ہوا کرتا ہے اسکا اجرا عموماً غذا کی ہی خرابی ہوتا ہے۔ یہ درد از حد شدت سے پیدا ہو کر مریض کو بیتاب کر دیتا ہے۔ بعضوں کو قے اور ابکایاں شروع ہو جاتی ہیں دل بے چین اور طبیعت از حد پریشان ہو جاتی ہے کنپٹی کی رگیں مریض کی تڑپتی ہیں۔ منہ کا ذائقہ تلخ اور پیاس کی کثرت از حد تنگ کرتی ہے کھانے پینے سے مریض کو نفرت ہوا کرتی ہے۔ اگر کھانا کھائے تو بھی

لیپ کریں۔ یا سر کے کپڑے تر کر کے رکھیں۔ مریض کو سرد مقام میں رکھیں۔
نسخہ ویدک۔ برہمڈنڈی ۲ ماشہ کوٹکر سفوف بناکر صبح کیوقت پانی کے ساتھہ یا دودہ بکری کا خام لے کر پھانک لیں۔
نسخہ سنیاسی۔ برگ بھنگ یک ماشہ۔ مغز بادام ۲ تولہ رگڑ کر مصری ڈیلی حل کر کے چھانکر پلاویں۔
خوراک۔ پالک کا ساگ۔ کدو روٹی خمیری۔ ڈبل روٹی یا آلو کی ترکاری۔ شلغم کی ترکاری وچاول
درد سر اندرونی جس کو ڈاکٹری میں اسٹیرل ہیڈ ایک اور یونانی میں صداع داخلی کہتے ہیں۔ یہ درد دماغ کی جھلیوں کے ورم و سوزش سے یا معدہ اور جگر کی شرکت سے لاحق ہوتا ہے۔
اس درد سر کو ہم تین قسم میں جدا جدا بیان کر کے ہر ایک کا الگ علاج لکھتے ہیں۔ ۱
اول درد سر دموی جس کو ڈاکٹری میں کنجسٹو اور طبی میں صداع دموی کہتے ہیں جب یہ درد پیدا ہوتا ہے تو پیشانی کی تمام رگیں خون سے بھری ہوئی سامنے نظر آتی ہیں۔ مریض کی تمام جسم کی شریانیں ابھر آتی ہیں
اسباب۔ یہ مرض عام طور پر ان لوگوں کو ہوا کرتا ہے جو عیاشانہ زندگی بسر کرتے ہیں۔ گوشت انڈہ۔ مرغی۔ شراب کباب کھاتے پیتے اور ورزش وغیرہ کی راہ نہیں جاتے ہیں۔
علاج۔ ڈاکٹری نسخہ۔ رات کے وقت کھانا کھانے کے بعد دو یا تین رتی لیسکولی کھلائیں۔ اور علے الصباح میگنیشیا سلفاس چار ڈرام چار اونس پانی میں ملاکر پلائیں تاکہ چند دست آجائیں اور درد کا افاقہ ہو۔

نسخہ یونانی۔ تخم کاسنی۔ عناب۔ پاپڑہ۔ تمر ہندی۔ گلسرخ۔ آلو بخارا ہر ایک چھ ماشہ رات کے وقت ڈیڑہ پاؤ پانی میں بہگوئیں صبح کو چھان کر پانی میں ۲ تولہ شربت بزوری بار دحل کر کے پلائیں۔

نسخہ ویدک۔ چرچٹہ کی جڑ کا پوست تین ماشہ۔ مکو کی سبز پتی سات ماشہ ڈیڑہ پاؤ پانی میں پکا کر ملکر چھانکر ٹھنڈا کر کے قدرے مصری کوزہ حل کر کے دیں۔

سنیاسی نسخہ کشتہ ہڑتال۔ گئودنتی چار رتی صبح کے وقت گائے کے خام دودہ سے یا دو تولہ مکھن کے ساتہہ کھلائیں۔

خوراک زود ہضم از قسم نباتات۔ مثلاً خام تربوز کی ترکاری۔ دودہ چاول۔ ڈبل روٹی کے ساتہہ دال مونگ۔ توری۔ کدو۔ پالک وغیرہ۔

پرہیز۔ ہر قسم کے مصالحہ جات۔ گوشت۔ انڈہ مرغ سے قسم کردیں صبح و شام ہوا خوری ضرور کریں۔ گہر میں ہر وقت نہ گھسے رہیں۔

گرمی کا دردسر

اس کو ڈاکٹری میں ہٹیس ہیڈ ایک اور طبیب لوگ صداع صفراوی کہکر پکارتے ہیں۔ جگر کی خرابی سے جب صفرا بکثرت پیدا ہوکر معدہ میں گرتا ہے تو اس قسم کا درد پیدا ہوا کرتا ہے اسکا اجرا عموماً غذا کی ہی خرابی ہوتا ہے۔ یہ درد از حد شدت سے پیدا ہو کر مریض کو بیتاب کردیتا ہے۔ بعضوں کو قے اور ابکایاں شروع ہوجاتی ہیں دل بے چین اور طبیعت از حد پریشان ہوجاتی ہے کنپٹی کی رگیں مریض کی تڑپتی ہیں۔ منہ کا ذائقہ تلخ اور پیاس کی کثرت از حد تنگ کرتی ہے کھانے پینے سے مریض کو نفرت ہوا کرتی ہے۔ اگر کھانا کھائے تو بھی

عموماً قے سے خارج ہو جاتا ہے۔

ڈاکٹری علاج: قبض کی شکایت ہو تو رات کو کیلومل دو یا ڈھائی رتی کھلا کر صبح کو سڈلٹز پوڈر چار یا پانچ ڈرام چار یا پانچ اونس پانی میں حل کر کے پلائیں۔ قبض نہ ہو تو یہ نسخہ چند یوم تک پلا دیں۔

ایسڈ نیٹرو میوریٹک ڈل	۱۵ بوند
ٹنکچر آرن شیائی	۴۰ بوند
ٹنکچر لاونڈر کمپونڈ	۴۰ بوند
سپرٹ کلوروفارم	۲۰ بوند
ایکوا	ایک اونس

مکسچر بنا لیں ایک ایک ڈرام دیں
صبح و شام

دوائی پینے کے بعد ایک دو یا تین گھونٹ پانی پی لینا چاہیے۔

نسخہ یونانی: تخم کاہو تین تولہ، افیون ۲ رتی، زعفران یک ماشہ عرق گلاب میں رگڑ کر ماتھے پر لیپ کریں۔

شربت نارنج، شربت املی ہر ایک آدھی چھٹانک۔ عرق بید مشک آٹھ تولہ بقدر حاجت سرد پانی ملا کر دو تین دفعہ ایک دن میں پلایا کریں۔

نسخہ ویدک: رات کے وقت ۵ تولہ ہرڑ کا مربہ کھلا دیں یا دو تولہ گلقند دودھ کے ساتھ دیں۔ صبح کے وقت دو تین دفعہ ایک دن میں لیموں کا نغدی کو گرم راکھ میں دبا کر گرم گرم ہی تھوڑے سے شکر لگا کر اس کا رس چوستے رہیں۔

نسخہ سنیاسی: پیپل کی ڈاڑھی تولہ ایک تولہ سیر بھر پانی میں پکائیں جب نصف پانی رہ جائے تو اتار کر چھان کر قدرے شکر حل کر کے پلا دیں۔ ایک ہی دفعہ میں آرام ہو جائیگا۔

غذا سوائے بھنڈی کے ساگ کے اور سب کھا سکتے ہیں۔ آلو، اروی، پیٹھ۔

ہاتھی بیج وغیرہ ترکاریاں جائز ہیں۔ دال چھلکا۔ ڈبل روٹی۔
اس درد میں پانی نیم گرم ہی پینا چاہئے۔ شراب اور گوشت وغیرہ منع ہے

آدھے سر کا درد

جس کو ڈاکٹری میں مگیرین اور یونانی میں صداع امتلائی یا درد شقیقہ وبیضہ وغیرہ کہا جاتا ہے۔ یہ درد بدہضمی۔ بکثرت بے خوابی۔ بکثرت محنت وسفر وکثرت میخواری ومباشرت۔ خرابی خون۔ درد گردہ وغیرہ کے سبب پیدا ہوا کرتا ہے

علامتیں۔ بعض مریضوں کو ہر وقت ہی یکساں رہتا ہے مگر عام طور پر اس درد کا دورہ ہوا کرتا ہے۔ علے الصباح ۸ بجے کے قریب شروع ہوتا ہے اور رفتہ رفتہ ترقی پکڑتا ہے جوں جوں سورج بڑھتا ہے درد بھی بڑھتا جاتا ہے۔ جب سورج گھٹنے لگتا ہے تو درد بھی کم ہوتا جاتا ہے۔ بعض آدمیوں کو دن کے وقت آرام رہتا ہے اور رات کو درد ہوا کرتا ہے حقیقت یہ ہے کہ امتلا کے سبب جس وقت دماغ کے پردوں پر انجرات چڑھنے لگتے ہیں اس وقت درد کا دورہ پیدا ہوا کرتا ہے۔ پہلے معمولی درد ہوتا ہے۔ آہستہ آہستہ اس شدت کا درد ہوتا ہے کہ مریض نہائت ہی بے چین و بے حواس ہو جاتا ہے ایسا معلوم پڑتا ہے۔ گو سر کی رگیں پھٹی پڑتی ہیں۔ مریض کو چلنے پھرنے کی ہمت نہیں رہتی۔ چہرہ زرد اور پھیکا پڑ جاتا ہے۔ روشنی میں چل پھر نہیں سکتا۔ آنکھوں کے روبرو چنگاریاں سی اڑتی دکھائی دیتی ہیں۔ بعضوں کو قے اور ابکائیاں آیا کرتی ہیں۔

علاج۔ نسخہ جات ڈاکٹری۔ پوٹاسی بروما ئیڈ ۲ ڈرام سپرٹ کلوروفارم ایک ڈرام۔ سپرٹ آرن شیائی ایک اونس۔ ایکوا۔ ۱۲ اونس

اگر قبض ہو تو سوڈا سلفاس یا میگنشیا بقدر چار ڈرام۔ چار یا پانچ اونس پانی حل
کر کے دیں۔ بعد ازاں چند یوم تک یہ نسخہ پلایا کریں۔

ٹنکچر ویلیریئن امونی ایٹا ۔ ۱۵ بوند۔
سپرٹ امونیا ایرومیٹک ۲۰ بوند
سپرٹ کلوروفارم ۲۰ بوند
ٹنکچر لاونڈر کمپونڈ ۴۰ بوند
ایکوا کمفر ایک اونس

سب کو ملا کر صبح کے وقت اور یہی
خوراک شام کو پلائیں فوراً تسکین ہوگی

امونیا کارب شدت دورہ کے وقت سونگھایا کریں۔ یا ایتھر پیشانی پر لگایا کریں

نسخہ جات یونانی

عرق صندل دو و آتشہ میں مشک کافور حل کر کے ہر وقت کپڑا تر کر کے ماتھے پر
رکھیں یا تخم حنا۔ شحم حنظل۔ اشق۔ اکلیل الملک۔ کباب چینی مصبر ہر ایک ہموزن
سرکہ انگوری میں گھسکر لیپ کریں۔ یا افیون ۲ رتی۔ زعفران ۴ رتی۔ مرکی اجوائن
خراسانی۔ کشنیز۔ کاہو ہر ایک ۴ ماشہ۔ روغن کدو ۳ تولہ میں ملا کر پیشانی پر لیپ کریں
روغن بنفشہ یا لڑکی والی عورت کا دودھ ناک میں دو تین دفعہ ایک دن میں ٹپکاتے
رہا کریں۔

مریض کو آرام دیں۔ اور سرد جگہ میں اس کی رہائش کا بندوبست کریں۔ کوئی تکلیف
کا اور دھوپ میں جانے کا کام نہ بتائیں۔

تخم کشوث۔ بنفشہ کے پھول۔ شاہترہ۔ افسنتین ہر ایک ۴ ماشہ۔ گل گاؤزبان۔
تخم مرہندی۔ تخم کاسنی۔ سپستان۔ عنب الثعلب ہر ایک پانچ ماشہ عناب
۱۲ دانہ۔ تربد سفید مقشر ۷ ماشہ سب کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش کر تین تولہ شربت ورد
[illegible] کو معجون

فلاسفہ کھلایا کریں۔ نسخہ معجون فلاسفہ کا یہ ہے۔

نسخہ ویدک۔ یہ ایک نسوار کا نسخہ نہائت ہی مفید ہے۔ چاول ساٹھی ۱ تولہ سات دن تک آک کے دودھ میں تر رکھیں بعدازاں خشک کر کے برادہ صندل سرخ۔ بیخ بنفشہ ہر ایک نصف جزو۔ ناگپھنی۔ دانہ الائچی خورد۔ آٹھواں جزو ملا کر باریک پیس کر کام میں لاویں۔

نسخہ سنیاسی۔ چار دن تک صبح و شام صرف دودھ اور جلیبی کھائیں اور تمام خوراک کسی قسم کی استعمال نہ کریں۔ ضرور آرام ہوگا۔

غذا۔ اول تو ایک دو دن ناغہ ہی بہتر ہے ورنہ صرف گائے کا خام دودھ یا اس کے ساتھ چاول یا ڈبل روٹی کھائیں۔

پرہیز۔ ہر قسم کی شے سخت نقصان رساں حتٰی کہ تمباکو تک نہ استعمال کریں۔

سر کا گھومنا

جس کو ڈاکٹری میں ورٹی گو اور طبابت میں سر دوار کہا جاتا ہے۔

بیمار کو ہر ایک چیز اپنے گرد چکراتی ہوئی نظر آتی ہے۔ مریض کھڑا نہیں ہو سکتا۔ بکثرت شراب اور منشی اشیائے کے استعمال سے یہ مرض پیدا ہوا کرتا ہے۔ یا بواسیر کا خون بکثرت آنے یا نکسیر ہمیشہ جاری رہنے سے ایسا ہوتا ہے یا عورتوں میں کثرت طمث وغیرہ کی شرکت سے یہ بیماری ہوتی ہے۔

علاج۔ اگر دوسرے مرض کے سبب سے ہو تو اس کا الگ علاج کرنا چاہئے۔ منشیات وغیرہ کی علت سے ہو تو یہ نسخے مفید ہیں۔

نسخہ ڈاکٹری۔ کرو سیلیمیٹ نصف دو۔ گلسرین ایک اونس۔ ٹنکچر سنکونا ۲ اونس سب کو ملا کر ایک ڈرام کے قریب ایکدن میں تین دفعہ ایک اونس پانی میں حل کر کے دیا کریں۔

دیگر۔ سپرٹ امونیا ایرومٹیک چار ڈرام
بیتھیائی سیٹریس ۱۵ گرین
کیفین ۹ گرین
سپرٹ آئرن شیائی ایک اونس
ایکوا کلوروفارم ۸ اونس
} دو گھنٹہ کے بعد ایک اونس پلایا کریں۔

دیگر۔ پوٹاسی بائیکارب ایک ڈرام
ٹنکچر جنشن کمپونڈ چار ڈرام
ٹنکچر کارڈی مم چار ڈرام
ایکوا منیتھی پپ ۸۔ اونس
} سب کو یکذات کر کے ایک اونس خوراک ایک دن میں تین دفعہ دیں۔

نسخہ یونانی۔ رات کے وقت جو مقشر کا دلیا بقدر پاؤ سیر ابریشم مقرض ۲ تولہ سیر بھر عرق گاؤزبان میں بھگوئیں صبح کو آدھ سیر مصری شامل کر کے بطریق شربت تیار کریں۔ یہ شربت ہر روز ۴ تولہ صبح اور ۴ تولہ شام سرد پانی ملا کر پلایا کریں۔

نسخہ ویدک۔ ناگیسر جوکوب کر کے رات کو آدھ سیر پانی میں بھگوئیں صبح کو دو تین جوش دیکر چھانکر قدرے شکر حل کر کے چند یوم تک پلایا کریں۔

نسخہ سنیاسی۔ کشتہ قلعی بقدر ½ رتی گائے کے مکھن میں رکھکر روزمرہ صبح کو کھلایا کریں۔

غذا و پرہیز۔ دال مونگ۔ پالک۔ پلول۔ لیموں کاغذی۔ گوبھی۔ سیم کی پھلی چاول۔ چپاتی۔ دودھ جائز۔ ہر قسم کی شے جماع وغیرہ ممنوع ہیں۔

آنکھوں کی بیماریاں

آنکھ کا دُکھنا جس کو طبیب لوگ رمد یا آشوب چشم اور ڈاکٹر صاحبان اُفتھلمیا کہا کرتے ہیں۔

یہ بیماری شدت گرمی یا مرطوب ہوا کے نفوذ سے پیدا ہوتی ہے یا بدہضمی کے سبب یا آنکھ میں گرد و غبار یا زہریلا کرم کوئی داخل ہو جائے تو آنکھوں کے پپوٹے متورم ہو جاتے ہیں آنکھ کی جھلی سُرخ اور ابھری ہوئی اور بباعث درد کرتی ہے آنکھوں سے غلیظ و چپکنے والا پانی ہر وقت جاری رہتا ہے مریض اجالا برداشت نہیں کر سکتا ہے۔

نسخہ جات ڈاکٹری۔ بورک ایسڈ ۱۰ گرین۔ سلفاس زنک ۳ گرین گوین تین گرین۔ عرق گلاب ایک اونس۔ سب کو یکذات کر کے تین چار دفعہ ایک دن میں چند قطرے ٹپکایا کریں۔

دیگر ٹنکچر اوپیم ۱۰ بوند
زنک سلفاس دو گرین
بورک ایسڈ ۲۰ گرین
صاف پانی ۱۰ اونس

سب کو یکذات کر کے چند قطرے آنکھ میں ڈالا کریں اور ایک صاف گدی تر کر کے اوپر آنکھ کے لگائے رکھیں۔

نسخہ جات یونانی پھٹکڑی۔ رسونت۔ زعفران۔ افیون چاروں ہموزن عرق گلاب میں رگڑ کر آنکھ کے چاروں طرف لیپ کریں۔ قدرے اندر بھی داخل کریں۔

دیگر سہاگا بریاں ایک ماشہ۔ ہلدی۔ مامیراں۔ بیخ چیتہ چاروں ہموزن بغیر

کے دودھ میں گھسکر بطریق صدر کام میں لائیں۔ آنکھوں کو دھوپ اور روشنی سے بچائیں۔

نسخہ ویدک۔ رسونت۔ لودھ پٹھانی۔ پھٹکڑی بریاں۔ ہلدی۔ گیرو۔ ہر ایک دو دو تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست آملہ ہر ایک تولہ تولہ۔ افیون۔ زعفران تین تین ماشہ۔ سب کو جوکوب کر کے عرق گلاب میں بھگو کر پوٹلی باندھکر تر بتر ہر وقت آنکھوں پر رکھیں۔

نسخہ سنیاسی۔ مغز تخم ہلیلہ زرد۔ گلاب یا پانی میں رگڑ کر ایک دن میں تین دفعہ آنکھ میں ٹپکائیں یا تین چار قطرہ بڑ کا دودھ آنکھوں میں ٹپکا کر کے سو جائیں

غذا۔ چاول دال ساگ۔ بھنڈی۔ آلو۔ کدو۔ پھلکا۔ خشک روٹی۔ اگر گرمی خشکی کا عارضہ ہو تو دودھ گھی ملا کر ایک دو دن متواتر پلائیں۔ ہر قسم کے نشے چٹنیاں۔ اچار دور رکھیں۔

گکرہ چشم۔ عام ہندی میں روہے طبی میں جرب الاجفان اور ڈاکٹری میں گرینیو سرلڈز کہتے ہیں۔

یہ مرض یا تو آشوب چشم کے بگڑنے سے پیدا ہوتا ہے یا میلے کچیلے رہنے اور خراب وردی غذا کھانے ورزش و ہوا خوری نہ کرنے سے خراب اور ناقص مکان کی بود و باش سے یا آنکھوں میں بکثرت گرد و غبار پڑتے رہنے سے لاحق ہوا کرتا ہے۔

نشانات۔ آنکھوں سے بکثرت غلیظ پانی جایا کرتا ہے۔ آنکھ کی پلکیں الٹ کر دیکھیں تو اندرونی سطح پر خورد خورد دانے سے پیدا ہوئے معلوم دیتے ہیں آنکھ کی جھلی کھردری سی دکھائی دیتی ہے۔ مریض کو خارش کی عام شکایت رہا کرتی ہے اچھی طرح ٹکٹکی لگا کر دیکھنے کی تاب نہیں ہوتی۔

علاج۔ نسخہ جات ڈاکٹری۔ پلکوں کو الٹ کر کاپر سلفاس یا ۵ سے ۱۰ گرین فی اونس والا کاسٹک لوشن لگائیں یا لیس ڈیلوٹینس لگائیں۔ اگر مرض دیرینہ ہے تو بورک ایسڈ دو ڈرام ٹننک ایسڈ ایک ڈرام ملا کر لگائیں۔ زنک لوشن دو تین دفعہ ایک دن میں ڈالا کریں۔

نسخہ ویدک۔ چاکسو گھیکوار کے رس میں کھرل کر کے لگایا کریں۔

نسخہ سنیاسی۔ کشتہ تانبہ (مس) اور کشتہ جست دونوں ہموزن ایک دن میں تین دفعہ سلائی سے لگایا کریں۔

یہ واضح رہے کہ جو دوائی کی جاوے صرف تین چار دن کام میں لاویں۔ اگر فائدہ ہو جائے تو بہتر ورنہ دوسرا دو تجویز کریں۔

اگر قبض کی شکایت رہا کرتی ہو تو بادام روغن یا کسٹر آئیل بقدر دو تین تولہ دودھ گائے پاؤ بھر میں ملا کر پینا چاہیئے۔

صبح و شام جنگل کی کھلی ہوا میں سیر و سیاحت اور ورزش ضرور کرنا چاہیئے۔

غذا و پرہیز۔ دال چاول۔ ساگ ہر قسم۔ ترکاریاں سوائے بینگن کے سب استعمال کر سکتے۔ دودھ صرف دوا کے طور۔ دہی اور ہر قسم کی کھٹائی۔ سب طرح کے نشے۔ حیوانی غذائیں قطعی منع ہیں۔

لباس اور جسم کو ہر طرح سے پاک و صاف رکھیں۔

آنکھ کا سُرخ نقطہ

اس کو ڈاکٹری میں ایکی موسس اور یونانی میں طرفہ کہتے ہیں۔

بکثرت کھانسی یا قے کے عوارض سے یا آنکھ کی کسی باریک رگ کے پھٹ جانے سے یہ مرض ہوتا ہے۔

نسخہ ڈاکٹری۔ ایلم لوشن چار گرین فی اونس والا آنکھ میں ڈالا کریں۔
نسخہ یونانی۔ زعفران سٹرکی والی عورت کے دودھ میں گھسکر
نسخہ ویدک۔ ستیارا دفسنتین کو نکر پوٹلی کے طور کام میں لاویں
سنیاسی۔ برگ نازک یا مغز تخم سرس کوٹ کر ان کا پانی نچوڑ کر صبح وشام چند قطرہ آنکھ میں ڈالتے رہا کریں۔
غذا زود ہضم و لطیف۔ گرم خشک چیزوں سے پرہیز کریں۔

آنکھ کی پھلی

یونانی میں بیاض العین ڈاکٹری میں اپیسٹی آف کارنیا کہا جاتا ہے۔ آنکھ کے قرنیہ کے طبقات میں رطوبت جمع ہوجانے یا زخموں کے بعد داغ کے سبب آنکھوں میں داغ ہر وہیں سفیدی پڑجاتی ہے۔ یہ سفیدی معمولی سی ہو تو اس کو جالا یا جھلی بولتے ہیں جس کو ڈاکٹری میں نیبولا یونانی میں اثر سحاب یا غمام نامزد کرتے ہیں اگر گہری اور غلیظ ہو تو ڈاکٹری میں لیوکوما اور طب یونانی میں بیاض مطلق نامزد کرتے ہیں۔

یہ مرض رو ہے یا پڑوال ہونے سے بگڑ کر پھلی کی صورت اختیار کر لیتا ہے یا، یعنی آشوب چشم کے ایام میں بدپرہیزی کیجائے یا آنکھوں کو گرد و غبار سے محفوظ نہ رکھا جائے تو پیدا ہوتا ہے۔

علاج۔ ہر روز صبح و شام آنکھوں کو عرق گلاب سے دھویا کریں اور مندرجہ ذیل نسخہ جات سے جو نسخہ بن سکے کام میں لاویں۔

حاشیہ صفحہ ۱۵۔ بعض نسخے ہیں کہ یونانی نام ہی درج کیا جاتا ہے جو کہ ہمارے ملک کے طب جانتے میں۔ یہ اصطلاح کے لحاظ سے یونانی کہا جاتا ہے نہ کہ علمی رو سے۔

نسخہ ڈاکٹری۔ پیگ آئینمنٹ۔ یلو اکسائیڈ آف مرکری تین گرین۔ وینزیلین ایک اونس ہر دو کو خوب ملالیں اور بذریعہ سلائی ہر روز آنکھ میں ڈالا کریں۔

نسخہ یونانی۔ مصبر۔ نوشادر پھٹکری۔ قلمی شورہ۔ زرد کوڑی سوختہ۔ گولمرچ سفید سب کو لیموں کاغذی کے رس میں آٹھ دن تک کھرل کریں اور رات کو سوتے وقت آنکھ میں ڈالا کریں۔

نسخہ ویدک۔ مغز تخم سرس۔ گیرو سر دو ہموزن سفوف کر کے رات کو چٹکی ڈالا کریں۔

نسخہ سنیاسی۔ ایک چمچہ میں دو تولہ جست ڈالکر آگ پر رکھیں اور پوست کا سفوف بقدر دس تولہ تھوڑا تھوڑا چھڑکتے جائیں وہ کشتہ ہو جائیگا یہ کشتہ کھانڈ دیسی ہموزن ملاکر استعمال کریں۔

غذا زود ہضم دال ساگ وغیرہ استعمال کریں۔ گھی بکثرت کھائیں

موتیابند

اس کو ڈاکٹری میں کٹریکٹ اور یونانی میں نزول الماء کہتے ہیں۔

آنکھ کا موتی اور غلاف کی رطوبتیں مکدر ہو جاتی ہیں اور انسان آنکھوں سے خوب رہتا ہوا بھی بصارت سے خالی ہو جاتا ہے۔

یہ بیماری بکثرت جماع کرنے گوشت خوری اور شراب نوشی سے یا ضربہ سقطہ دماغ سے یا آنکھ کی سوزش یا بڈھاپے کی نقاہت سے یا مرض ذیابیطس وغیرہ سے لاحق ہوتی ہے۔

اول ایام میں مریض کو لگتا ہے کہ آنکھوں کے روبرو دھندلاپن یا جالا سا معلوم ہوتا ہے۔ چراغ کی شعاعیں پھیلی ہوئی نظر آتی ہیں چراغ اور چاند بہت بڑے

اور بعض اوقات بجائے ایک کے دو چار دکھائی دیتے ہیں۔ آنکھوں کو بغور دیکھنے سے مریض کی پتلی پھیلی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ پتلی کے پیچھے سفید خاکستری ائیل یا نیلگوں یا عنبریں رنگ کی خمال سی ایک شے دکھائی دیتی ہے۔

علاج۔ پرانے دقیانوسی خیال کے طبیب موتیا بند کے مریضوں کو کنپٹی پر گل لگواتے ہیں یا داغ لگاتے ہیں یا افیون وغیرہ شروع کرا دیتے ہیں لیکن ایسے علاج سراسر نقصان رساں ثابت ہوتے ہیں۔

بہتر علاج یہ ہے کہ کسی لائق جراح (ڈاکٹر) سے آنکھیں بنوائی جائیں۔ کیونکہ رطوبت جلیدیہ میں خون کی رگیں نہیں آتیں ورنہ وہ مکدر ہو جاتی ہے۔ اگر لائق جراح اس مکدر جز کو تراش کر رطوبت زجاجیہ میں گرا دیگا تو وہاں پر بینائی کا مادہ پھر سے اکٹھا ہونے لگیگا۔

مگر ڈاکٹر نہایت ہی لائق ہونا چاہیئے۔ بعض بودم آدمی بجائے آنکھوں کو فیض پہنچانے کے آگے سے بھی مریض کو اندھا کر دیتے ہیں۔

اول شروع میں عمل جراحی بھی نہیں کرانا چاہیئے بلکہ جب اچھی طرح مکدر رطوبت وہاں جڑ پکڑ لیتی ہے اس کو اس کا تراشنا ٹھیک ہوا کرتا ہے۔

نسخہ جات

ڈاکٹری نسخہ۔ یہ عارضی فائدہ دیتا ہے کیونکہ ڈاکٹر لوگ تو اس مرض کا علاج اپریشن سے ہی مناسب سمجھتے ہیں۔ ہایڈرار جیرائی پرکلورائی ڈائی ۱/۲ گرین۔ عرق گلاب ایک اونس روزمرہ چند قطرے ٹپکایا کریں۔

نسخہ یونانی۔ سفیدہ کاشغری۔ چاکسو۔ مغز تخم سرس ہر ایک دو دو تولہ نیلا تھوتھا۔ ہیتہ سبز (بکری) اہنتہ گرہ۔ پنبہ۔ چیل ہر ایک چھ ماشہ تمام ادویات کو آٹھ دن عرق

گلاب میں گھسکر بطور انجن آنکھونمیں ہر روز رات کو سوتے وقت لگایا کریں۔

نسخہ ویدک۔ رتن جوت کو شہد میں گھسکر دو تین دفعہ ایکدن میں سلائی ڈالا کریں

نسخہ سنیاسی۔ بھنگرہ سیاہ کی خاکستر بنا کر عرق گلاب میں گھولکر پانی اسکا ٹپکا کر صبح و شام دو تین قطرے آنکھہ میں ڈالا کریں۔ خاکستر ۱۰ تولہ عرق ایک بوتل۔

موتیا بند والے مریض کو کسی قسم کا نشہ استعمال نہ کرنا چاہئے۔ غذا مثل دودہ چاول مونگ کی دال چپاتی قبض کشا غذائیں کھاوے ہر قسم کی ثقیل اور قابض چیزوں سے پرہیز کرے۔ اگر ہر روز رات کو ایک عدد ہرڑ مربہ کی کھالیا کرے تو از حد مفید ہے

شب کوری یعنی رتوندا

یہ مرض تیز دھوپ میں طویل عرصہ کام کرنیسے یا میلیریا زہر کے سبب ہوا کرتا ہے۔

نسخہ ڈاکٹری۔ کاسٹک لوشن دو گرین فی اونس والا آنکھونمیں ڈالکر چند گھنٹہ پٹی باندہیں

یونانی۔ بکری کا جگر (کلیجہ) آگ کے کوئلہ پر رکھیں اور اسکا پانی ٹپکا کر آنکھہ میں ڈالیں۔

ویدک۔ سبز سونف کا پانی نکالکر اسمیں سونٹھہ کا آٹا گھسکر صبح و شام سلائی سے لگائیں

نسخہ سنیاسی۔ پیاز کا پانی دو تولہ حقہ کی میل تین ماشہ حل کرکے آنکھونمیں ڈالیں

مقوی اور مرغن غذائیں کھلائیں۔ آنکھونکو ہر وقت پاک و صاف رکھیں۔ مٹی کے تیل کی روشنی میں بھی نہ بیٹھیں۔ گھی کا چراغ جلائیں یا موم بتی اور رات کے وقت لکھنے پڑہنے کا اور دیگر نظر لگانے کا کوئی کام نہ کریں۔

نوٹ۔ اگر یہ مرض موروثی ہو یا تین چار سال کا پرانا ہو جاوے تو لا علاج ہے۔ لہذا مفت میں علاج کی مصیبت میں ہی نہ پڑیں۔

کان کے امراض

کان کی خارش - کانوں کو پاک و صاف نہ رکھنے سے ان کے باہر اندر پھنسیاں ہو کر خارش، جلن اور درد کی شکایت لاحق ہوتی ہے۔

نسخہ ڈاکٹری - کان کو بلیک واش سے دھو کر زنک آئنٹمنٹ لگایا کریں۔

نسخہ یونانی - افسنتین ایک تولہ سفوف کر کے ۴ تولہ روغن گل میں پکا کر کان میں ڈالیں۔

نسخہ ویدک - پودینہ کا پانی نکالکر قدرے رسونت حل کر کے ٹپکایا کریں۔

نسخہ سنیاسی - آک کے چند زرد پتے راکھ گرم میں کچھ دیر دبا کر ان کا پانی نچوڑ کر کام میں لائیں۔

مریض کو ہر روز گرم پانی سے غسل کرنا چاہیئے۔ صبح و شام جنگل میں دو تین میل ہوا خوری ضرور کرنی چاہیئے۔ غذا مقوی مثل حلوا پلاؤ کھیر وغیرہ کے استعمال کرا دیں نمکین چیزیں کم کھانا چاہیئے۔

کان کا درد

نسخہ ڈاکٹری - مارفیا ایک گرین۔ اٹروپین ۲ گرین۔ عرق گلاب چار ڈرام سب کو ملا کر چند قطرے کان میں ڈالیں۔

نسخہ یونانی - گندھک ۲ ماشہ گل روغن سرکہ انگوری ہر ایک دو تولہ یکجا ذات کر کے نیم گرم چند قطرے کان میں ڈالیں۔

نسخہ ویدک - مولی کے پتوں کا پانی۔ نکو کے پتوں کا پانی نکالکر نیم گرم استعمال کریں۔

نسخہ سنیاسی - بھنگ کے پتوں کا پانی نکالکر قدرے افیون حل کر کے کام میں لا دیں۔

پرہیز۔ غسل نہ کرنا چاہئیے۔ گرم گرم غذا نہ کھائیں۔ کھٹی چیزیں قطعی نہ کھانا چاہئیے۔

غذا۔ ارد کی دال نخود آب خشک پھلکا۔ اگر مریض کمزور و لاغر ہو تو حلوا وغیرہ مقوی چیزیں کھلائیں۔

بہرہ پن

یہ بیماری عرصہ دراز تک کان کو میلا رکھنے سے پیدا ہوتی ہے یا کسی نہایت زور دار آواز سے کان کے پردوں میں صدمہ پہنچے تو اونچا سنائی دینے لگتا ہے یا بواسیر کا خون بکثرت پیدا ہونے سے یا نقرس اور وجع المفاصل کی بیماری سے یا چیچک و آتشک کی حدت سے بہرہ پن کا عارضہ لاحق ہوتا ہے۔

علاج

نسخہ ڈاکٹری۔ فیلوز سرپ کچھ عرصہ کھلایا کریں اور بادام روغن تلخ ۶۰ بوند روغن تارپین ۱۰ بوند حل کرکے دو تین قطرے صبح و شام ٹپکایا کریں۔

نسخہ یونانی۔ کندر۔ زعفران ہر ایک چھ ماشہ۔ جند بیدستر دو ماشہ شراب بیسی پانچ تولہ میں حل کرکے صبح و شام چند قطرے ٹپکایا کریں

نسخہ ویدک۔ رسونت۔ شہد۔ عورتوں کا دودھ ہر سہ ہموزن عرق ادرک و چند ملا کر کام میں لاویں

نسخہ سنیاسی۔ اندرائن کا پانی نکال کر نیم گرم ڈالیں فوراً کان کھل جائے

غذا۔ دودھ چاول۔ نخود آب۔ گھی کی بریاں شدہ روٹی۔

نزلہ و زکام

سردی لگنا یا گرم سرد ہو جانا یا گرم گرم روٹی کھا کر اوپر سے سرد پانی پینا یا مرغن و مقوی غذائیں بہت مدت کھاتے رہنا اور ورزش وغیرہ نہ کرنا اس بیماری کے اسباب ہیں۔

جو رطوبت ناک سے جاری ہو اس کو زکام کہتے ہیں اور جو حلق سے ٹپکے اس کا نام نزلہ ہے بعض اوقات ناک اور حلق دونوں سے ریزش جاری ہو جاتی ہے حلق میں گرمی اور خرخری معلوم ہوتی ہے۔ آنکھوں سے پانی آتا ہے۔ قدرے دردسر و بخار بھی لاحق ہو جاتا ہے۔ آواز بھاری ہو جاتی ہے طبیعت بے چین اور سست ہو جاتی ہے بھوک مر جاتی ہے۔ پیاس کی شدت ہو جاتی ہے۔ قبض بھی لازمی طور سے ہوا کرتی ہے چھینکیں آتی ہیں۔ اگر فوراً ہی ایک دو دن ناغہ کیا جائے یا سادہ بناتی ہلکی ہی غذا استعمال کر کے قبض رفع کی جائے تو آرام ہو جاتا ہے ورنہ بدپرہیزی سے زکام و نزلہ بگڑ جاتا ہے اور ساتھ کھانسی و بخار بھی لاحق ہو جاتے ہیں۔

علاج

نسخہ ڈاکٹری۔ لائیکر امونیا ایسی ٹیٹس ایک ڈرام۔ سپرٹ ایتھر نائٹر ۳۰ بوند۔ ٹنکچر کمفر کمپونڈ ۳۰ بوند۔ وائنم اپی کاک ۱۰ بوند۔ سرپ ٹولو ایک ڈرام۔ صاف پانی ایک اونس ایسی ایک خوراک دن کے وقت اور ایک رات کو سوتے وقت دیں۔

نسخہ یونانی۔ تربد سفید مقشر دو تولہ۔ صمغ کتیرا۔ رب السوس ہر ایک ڈیڑھ تولہ سب کو باریک کر کے چار تولہ بادام روغن میں چرب کر کے بقدر ۹ ماشہ رات کو سوتے وقت گرم پانی سے کھائیں۔

نسخہ ویدک۔ گلقند بنفشہ بقدر ۵ تولہ بہت باریک گڑ ۱۰ تولہ پانی حل کر کے بغیر چھلنے نیم گرم کر کے گھونٹ پئیں۔

نسخہ سنیاسی۔ کشتہ ہرتال طبقی بقدر ایک رتی بریاں چنے کے تولہ بھر آٹا میں رکھکر کھائیں۔ گرم پانی سے غسل کریں اور سر پر گرم پانی بکثرت ڈلوائیں۔ اگر اس بیماری میں ورزش و ہواخوری کو معمول بنائیں اور غذا ہی بہت اچھی زود ہضم شروع کردیں تو بغیر دوا کے فائدہ ہو جاتا ہے

پالک کا ساگ اور خشک پھلکا از حد مفید ہے۔ یا خشخاش (جس سے افیون نہ نکالا گیا ہو) بقدر تین تولہ رات کے وقت میں بھگوئیں۔ صبح کو رگڑ کر گھی میں بریاں کریں اور قدرے نمک مرچ لہسن پیاز زیرہ وغیرہ مصالحہ ڈالکر دال کی طرح پکائیں اور اس کے ساتھ پھلکا کھائیں دو تین دن میں آرام ہوگا۔

اگر چنے کا حلوا بنا کر کھائیں تو وہ بھی مفید ہے۔ صبح و شام تین تولہ کے قریب مغز بادام رگڑ کر دیسی کھانڈ کی مصری حل کرکے پئیں تو نہایت مفید دوا و غذا ہے۔

دودھ دہی اچار اور ہر قسم کی ترشی و تیل کی اشیاء سے پرہیز کرنا چاہیئے ایک دو وقت غذا کا ناغہ بھی از حد مفید ہے۔

ناک سے بدبو آنا

مندرجہ ذیل ادویات سے صبح و شام ناک کو دھویا کریں۔

نسخہ ڈاکٹری۔ پرمینگنٹ آف پوٹاس ۲ گرین پانی دس اونس ملا کر کام میں لائیں

نسخہ یونانی۔ پھٹکڑی ایک ماشہ سہاگا دو ماشہ آدھ سیر گرم پانی میں حل کرکے دو تین دفعہ ایک دن میں پچکاری سے ناک کو دھویا کریں۔

ویدک۔ چنبیلی کی جڑ دو تولہ زعفران ۲ رتی سیر بھر پانی میں پکا کر چھان کر ٹھنڈا کرکے حسب درجہ صدر طریق سے استعمال کریں۔

نسخہ سنیاسی چنکنڈا (چرچٹہ) کے پتے بقدر ۲ تولہ پانی سیر بھر میں پکائیں

جب نصف رہ جائے چھانکر آدھا پانی قدرے شکر حل کرکے پئیں اور آدھا سے ناک کو دھوئیں۔

غذا دال یا نخود آب کے ساتھ پھلکا یا نرم کھچڑی۔

نکسیر

نسخہ ڈاکٹری۔ ٹینک ایسڈ کی نسوار لیں اور ٹنکچر ٹیل ۳ بوند۔ انفیوژن کو اشیاء ایک اونس میں ملاکر پلائیں۔

نسخہ یونانی۔ افیون و کافور ایک ایک رتی سرکہ میں حل کرکے ناک میں ٹپکائیں۔

شربت انجبار ۴ تولہ میں دس تولہ عرق کاسنی حل کرکے پئیں۔

نسخہ ویدک۔ چندن سفید (صندل سفید) گھس کر انار کے ۴ تولہ پانی میں حل کرکے بقدر ایک تولہ پلائیں۔ کاہو رگڑ کر تالو پر لیپ کریں۔

نسخہ سنیاسی۔ تربوز کھلائیں اور سر پر ٹھنڈا پانی ڈالیں۔

دھوپ میں پھرنا سخت محنت کا کام کرنا۔ گوشت شراب چرس اور تمام گرم خشک غذائیں ممنوع ہیں۔

دودھ تازہ۔ دودھ میں ساگودانہ یا جو کا دلیہ پکا کر کھائیں۔

منہ کے چھالے

نسخہ ڈاکٹری۔ پٹاسی کلوراس ایک ڈرام۔ بورک ایسڈ ۲ ڈرام صاف پانی ایک پائنٹ سب کو ملاکر ایک دن میں تین چار دفعہ غرغرہ کیا کریں اور یہ نسخہ پانی کو دیں پٹاسی کلوراس ۳۰ گرین گلسرین ۴ ڈرام پانی ۲ اونس۔

نسخہ یونانی۔ پھٹکڑی دو ماشہ۔ مازو۔ مسور کا چھلکا۔ دھنیہ۔ پوست انار ہر ایک

تولہ تولہ سیر بھر پانی میں پکا کر چھانکر دو تین دفعہ ایک دن میں غرغرہ کریں
نسخہ ویدک۔ طباشیر۔ نشاستہ۔ کیکر کا گوند سفوف کر کے منہ میں چھڑکیں۔
نسخہ سنیاسی۔ برگ عنب الثعلب دکو، بقدر دس تولہ پانی سیر میں جوش دیکر چھانکر
غرغرہ کریں۔ مکو کے ساگ سے ہی خشک روٹی پکا کر ایک دو دفعہ کھائیں۔
گرم گرم ومصالحہ دار کوئی غذا نہ کھائیں۔ گائے کے خام دودھ پر ہی دو تین
دن گذارا کریں تو مفید ہے۔

دانت کا درد

نسخہ ڈاکٹری۔ کاربالک لیڈ، ٹنکچر او پیم یا کلورافارم یا عرق منتھال سے قدرے
روئی تر کر کے جائے درد پر رکھیں۔
نسخہ دیسی یونانی۔ بائے بڑنگ۔ اجوائن خراسانی۔ عقرقرحا باریک کر کے جائے
درد پر تین چار دفعہ ایک دن میں ملنا چاہئے
نسخہ ویدک۔ کوکنار (پوست) السی۔ مکو کے پتے ہر سہ ہموزن پانی بیواں حصہ
ڈالکر پکائیں اور مضمضہ (کلی) کریں۔
نسخہ سنیاسی۔ انجیر کا دودھ درد کے مقام پر ملیں یا چوس کی راکھ۔
ہر قسم کی مٹھائیاں ترک کریں۔ گرم گرم چاء یا دودھ نہ پئیں۔
غذا۔ ادرک کے شوربہ سے پھلکا کھائیں۔ یا چنے پکا کر ان کا پانی چاولوں پر
ڈالکر کھائیں یا پلول کریلہ کی ترکاری سے روٹی کھائیں۔

گوشت خورہ

تمام مسوڑے ورم کر آتے ہیں اور منہ میں سے بدبو آتی ہے۔ ہر وقت درد کی شکائت

ہوا کرتی ہے رفتہ رفتہ دانت ہلنے لگتے ہیں اور بدپرہیزی کی جائے تو دانت سب کے سب نکل بھی پڑتے ہیں۔

نسخہ ڈاکٹری۔ ایلم۔ پناسی کلورس ہر ایک تین ڈرام۔ ٹنکچر چھ ڈرام۔ گلسرین ایک اونس۔ عرق گلاب ۱۲ اونس سب کو یکجا کر کے ایک دن میں تین دفعہ کلیاں کیا کریں۔

نسخہ یونانی۔ سپاری۔ برادہ صندل سرخ۔ سماق دانہ تینوں پانچ پانچ تولہ دو سیر پانی میں جو کوب کر کے ڈالیں اور چند جوش دیکر چھانکر بطریقہ مندرجہ صدر عمل کریں۔

نسخہ ویدک۔ مولسری کی چھال دس تولہ دو سیر پانی میں جوشا کر کلیاں کریں۔

نسخہ سنیاسی۔ بکری کے پیشاب کی دو تین دفعہ ایک دن میں کلیاں کریں۔

غذا۔ ترش لیموں سنگترہ چوسنا مفید ہے مولی کے پتے خام کھانا بہتر کچھڑی۔ آلو۔ یا چنے کے شوربہ سے خشک پھلکا کھائیں۔

کھانسی خشک

ڈاکٹری نسخہ۔ ایمونیا کارب پانچ گرین ٹنکچر سلا ۱۰ بوند ٹنکچر کمفر کو ۳۰ بوند۔ وائنم اپی کاک ۱۰ بوند۔ سرپ ٹولو ایک ڈرام۔ انفیوژن سینیگا ایک اونس۔ ایسی ایک خوراک ایک دن میں چار دفعہ دیں۔

نسخہ یونانی۔ چار تولہ گلقند بنفشہ نہایت باریک گڑ کر پندرہ تولہ پانی ڈالیں اور تین تولہ شیر خشت حل کر کے پلائیں۔ یہی خوراک صبح یہی شام کو۔

نسخہ ویدک۔ ملسی دو ماشہ۔ سپستاں۔ عناب ہر ایک تولہ تولہ۔ بہدانہ۔ دو تولہ کوٹ جدوار کر آدہ سیر پانی میں بھگوئیں چند گھنٹہ بعد پانی نتار کر ۴ تولہ ترنجبین حل کر کے پلائیں۔

نسخہ سنیاسی۔ ۱ تولہ نمک گانمبر کو پانچ سیر نیم کے سبز پتوں میں سوختہ کریں۔ اور

ایک تولہ نمک اونٹنی کے دودھ میں حل کرکے پلائیں۔
غذا مونگ کی دال۔ پالک کا ساگ اور پھلکا خشک کھائیں۔

کھانسی تر

ڈاکٹری نسخہ۔ ایمونیا کارب ۵ گرین۔ ٹنکچر کمفر کمپونڈ ۲۰ بوند۔ ٹنکچر سیلا ۱۰ بوند ایکسٹریکٹ گلیسرائیزا ۱۰ بوند۔ سرپ ٹولو ایک ڈرام۔ انفیوژن سینیگا۔ ایک اونس ایسی ایک خوراک ایک دن میں تین دفعہ دیں۔

نسخہ یونانی۔ پوست خشخاش دو ماشہ پر سیاوشاں۔ زوفا۔ بیخ بادیاں ہر ایک چھ ماشہ آدہ سیر پانی میں بھگو کر جوش کر چھانکر پلائیں۔

نسخہ ویدک۔ چرائتا ۹ ماشہ کوٹ کر آدہ سیر پانی میں رات کو بھگو کر صبح کو ایک جوش دیں اور چھانکر نیم گرم پلائیں۔

نسخہ سنیاسی۔ ادرک کی دو تولہ کی گرہ کے درمیان ۲ رتی افیون خام رکھکر اوپر گیلا آٹا لپیٹ کر چار گھنٹہ اپلے کی راکھہ میں رکھکر ادرک اور افیون کو رگڑ کر ۱/۲ ماشہ کی گولیاں بنائیں ایک گولی چوستے رہیں۔ غذا خشک کھانسی کی تجویز کردہ مفید ہے۔

یرقان

جب انسان کا جگر خون سے صفراوی رنگوں کو خارج کرنے کی وادٹی چھوڑ دیتا ہے تو یہ مرض پیدا ہوتا ہے۔ شروع شروع مرض میں پیشاب کا رنگ زرد ہوتا ہے بعض دفعہ بھوسے رنگ کا زعفرانی پیشاب آتا ہے۔ دو چار دن کے بعد جسم کی رنگت اور آنکھوں کی زردی مائل ہو جاتی ہے بلکہ پسینہ بھی زرد ہی رنگ کا آیا کرتا ہے۔ پیٹ میں اپھارہ ونفخ پیدا ہوا کرتا ہے۔ ہاضمہ قطعی بگڑ جاتا ہے منہ کا ذائقہ کڑوا بار بار ڈکار آتے ہیں

براز ناپاک، بدبودار اور میلے رنگ کا خارج ہوتا ہے۔ بیمار کی طبیعت کمزور و کم حوصلہ ہو جاتی ہے۔ چڑچڑا پن نیچر میں گھر کر لیتا ہے جسم پر پھنسیاں نکل آتی ہیں پرانے بیماروں کو تمام چیزیں زرد رنگ کی دکھائی دیتی ہیں۔ چربی دار اور روغن دار غذاؤں سے بیمار کو نفرت پیدا ہوتی ہے۔

علاج

نسخہ ڈاکٹری۔ ایکسٹرکیٹ ایلوز ۲/۱ گرین۔ ایکسٹرکیٹ ٹیراگزیکم ۲/۱ گرین پل ہائیڈ راجیرائی ۴/۱ گرین۔ پوڈافلین ریزن ۱/۴ گرین۔ کونین سلف بارہ گرین سب کو تیس گولیاں بنائیں۔ ایک گولی صبح اور ایک شام کو پانی سے دیں۔

نسخہ یونانی زرشک سات ماشہ روزمرہ صبح کو دس تولہ عرق کاسنی سے دیں

نسخہ ویدک۔ سبز کاسنی۔ سبز کو کا پانی ہم وزن نکالکر بقدر دس تولہ صبح اسی قدر شام کو ۲/۱ تولہ رُبِ انار کے ساتھ پلائیں

نسخہ سنیاسی۔ سوڈا سفید ۴ ماشہ گائے کے خام دودھ آدھ سیر میں شکر حل کر کے ہر روز صبح کے وقت پھانک لیا کریں۔

غذا۔ مونگ کی دال۔ دودھ۔ ساگودانہ۔ دودھ اراروٹ۔ ادرک شلجم مولی پالک کے ساتھ چپاتی۔ بینگن اور تیل کی اشیا مضر ہیں

ورم طحال

(زناپ تلی)

نسخہ ڈاکٹری۔ شروع میں یہ نسخہ آٹھ دس دن تک بقدر نصف اونس اسی قدر پانی ملا کر ایک دن میں چار دفعہ یہی وزن پلایا کریں۔

فیری سلفاس ایک ڈرام۔ میگنیشیا سلفاس ۴ ڈرام۔ کونین سلفاس ۱۲ گرین۔

ایسڈ سلف ڈل ۲ بوند ٹنکچر کارڈ میم ۶ ڈرام ٹنکچر نکس وامیکا ایک ڈرام ایکوا سے مائی ۱۰ اونس۔

کچھ ایام کے بعد یہ نسخہ دس دن تک استعمال کرادیں

لائیکر فیری ڈائناٹسائی ایک ڈرام۔لائکر ارینسی لیکس پندرہ بوند۔لائیکر سٹرکنی ۱۰ بوند کوئنین سلف ۶ گرین ٹنکچر جنش کمپونڈ ڈیڑہ ڈرام۔ایکوا ینتھی دو اونس۔یہ تمام چیزیں ملاکر آدہا اونس صبح کو اور بقایا آدہا شام کو پلائیں۔

نسخہ یونانی۔گندہک۔اشق۔نوشادر۔شورہ قلمی۔فلفل گرد سفید ہر ایک دو تولہ۔ایلوا۔رائی۔سہاگا بریاں ہر ایک چودہ ماشہ سب چیزوں کو گھیکوار (کوار گندل) کے رس میں تین دن تک کھرل کرکے بقدر نخود گولیاں بنائیں دو گولی صبح دو گولی شام عرق شاہترہ ۸ تولہ سے دیا کریں۔

نسخہ ویدک۔جھاؤ کی پتی بیس تولہ روزمرہ دو سیر پانی میں پکائیں جب آدہ سیر پانی رہ جائے ملکر حسب ضرورت قند سیاہ حل کرکے صبح نہار شکم پلایا کریں۔

نسخہ سنیاسی۔برادہ تانبہ دو تولہ۔برادہ فولاد تین تولہ چالیس دن تک گلگل کے رس میں تر بتر رکھیں۔بعد ازاں سایہ میں خشک کرکے باریک سفوف کریں اور روزمرہ صبح کو دو تولہ گائے کے مکھن میں ہم رتی سے ایک ماشہ تک بقدر لحاظ عمر و طاقت جسمانی کھلایا کریں۔

غذا۔سیم کی پھلیاں۔شلجم۔پالک۔میتھی۔توری۔کدو۔دال مونگ۔چپاتی۔کھچڑی گائے کا دودھ مفید ہیں۔گوشت۔شراب اور گرم خشک غذائیں مضر ہیں۔

درد معدہ

علی الصباح خالی شکم ٹھنڈا پانی پینے یا ثقیل غذا کھانے یا بدہضمی اور نفخ کی

حالت میں چرب مرغن غذائیں کھانے یا معدہ میں ترشی کا بکثرت مادہ جمع ہو جانے سے یہ مرض پیدا ہوتا ہے

اول معمولی سی درد کی شکائت ہو جاتی ہے بعض دفعہ پیٹ سے مختلف طرح کی گڑ گڑاہٹ یا خفیف آوازیں آتی ہیں۔ کچھ قدرے زیادہ درد کی شکائت ہوتی ہے۔ بائیں پہلو سے درد اٹھتا ہے اور تمام معدہ میں حرکت یکدم مریض کو بیتاب کر دیتا ہے۔ بیمار نہ بیٹھ سکتا ہے نہ اس سے لمبا پڑا جاتا ہے۔ بار بار پیٹ دباتا اور پیچ و تاب کھاتا ہے۔

اگر اس وقت شروع میں مریض کو گرم پانی پلایا جائے یا گرم پانی میں نمک ایک تولہ سرکہ چار تولہ آدہ سیر پانی میں ملا کر پلائیں اور قے ہو جائے تو درد کا آرام ہو جاتا ہے۔ ورنہ بکثرت تکلیف ہوتی ہے۔

علاج

نسخہ ڈاکٹری۔ سپرٹ ایمونیا ایرومیٹک ۲۰ بوند سپرٹ ایتھر ۱۵ بوند لائیکر مارفیا ۱۰ بوند ٹنکچر جنجر ۲۰ بوند ایکوا مینتھی پپ ایک اونس ایسی ایک خوراک دو دو گھنٹہ کے بعد دیتے رہیں۔

نسخہ یونانی۔ عرق سونف۔ عرق گلاب۔ عرق پودینہ۔ عرق اجوائن ہر ایک پانچ تولہ کھانڈ دیسی تین تولہ حل کر کے پلائیں۔

نسخہ ویدک۔ عرق سونف ۵ تولہ میں ادرک کا رس دو تولہ نچوڑ کر ۴ ماشہ نوشادر حل کر کے پلائیں۔

نسخہ سیناسی۔ کشتہ عقیق شربتی بقدر ایک ماشہ پانی سے دیں۔

غذا۔ اس وقت تک کسی قسم کی نرم و گرم و لطیف با ثقیل قطعی نہ دیں جب تک کہ مکمل

تندرستی نہ ہو غسل بھی منع ہے۔

بھوک کا نہ پیدا ہونا

ڈاکٹری نسخہ ۔ ایڈ نیٹر و میورسٹک ڈل پندرہ بوند ٹنکچر کواسشیا ٹنکچر جنشن کمپونڈ ہر ایک ۲۰ بوند صاف پانی یا عرق گلاب ایک اونس ایسی ایک خوراک صبح کو ایک شام کو پلایا کریں۔

نسخہ یونانی ۔ عرق جوائن ۔ عرق الائچی ہر ایک تین تولہ قدرے نیم گرم کر کے ایک لیموں کاغذی نچوڑ کر چار ماشہ نمک سونچر میں حل کر کے پئیں۔

نسخہ ویدک ۔ ادرک پانچ تولہ قند سیاہ پندرہ تولہ دونوں کو کوٹ کر آگ پر بطریق حلوا پکا کر بقدر دو تولہ صبح اسیقدر شام کو پلائیں۔

نسخہ سنیاسی ۔ ہینگ ڈھلی اور بھنی ہوئی ایک ماشہ ۔ گولمرچ دو ماشہ ہر دو کو باریک رگڑ کر پاؤ سیر پانی میں حل کر کے ہم نیچے شام کو روزمرہ چند یوم تک پئیں۔

غذا ۔ مونگ کی دال ۔ چاول ۔ شوربہ آب سے ساتھ خمیرہ پھلکا ۔ چرب اور روغن وثقیل چیزوں سے قطعی پرہیز کریں۔

قے اور متلی

نسخہ ڈاکٹری ۔ ایڈ نیٹر و میور ٹیک ڈل ۱۵ بوند ۔ ٹنکچر آدن شیائی ۴۰ بوند ۔ لائکرسٹر کیناہ ۱۵ بوند ۔ سپرٹ کلوروفارم ۲۰ بوند ایکو انتھی ہپ ایک اونس ایسی ایک خوراک ایکدن میں تین دفعہ پلائیں۔

نسخہ یونانی ۔ انار شیریں کا پانی نکالکر بقدر ۴ تولہ صبح ۴ تولہ دوپہر اور ۴ تولہ

شام کو پلائیں۔

نسخہ ویدک۔ طباشیر زہر مہرہ ہر ایک تین ماشہ نارجیل دریائی کے ۱۰ تولہ پانی سے پھانک لینا چاہیئے۔

نسخہ سنیاسی۔ کشتہ چاندی۔ یا سونا بقدر ۲ رتی قدرے مکھن یا دودھ گائے کی ملائی میں رکھکر کھائیں۔

غذا۔ مصالحہ دار اور گرم خشک استعمال کریں۔ سبز ترکاریاں اور لحم کی اقسام کی خوراک نہ استعمال کریں۔

خونی قے کا علاج

نسخہ ڈاکٹری۔ پلمبائی ایسٹاس ایک گرین۔ ایسڈ ایسیٹک ڈل پلوٹ ۳۰ بوند۔ لائیکر مارفیا ۱۰ بوند پانی ایک اونس دو دو گھنٹہ کے بعد یہی وزن پلائیں۔

نسخہ یونانی۔ کہربا دو ماشہ۔ موتی سفید۔ زرور ہر ایک ۲ رتی سفوف کرکے ہمراہ شربت حب الآس ۲ تولہ کے دیں۔

نسخہ ویدک۔ بارہ سنگھا کا سینگ جلا کر بقدر دو ماشہ شہد تولہ بھر میں ملا کر کھائیں

نسخہ سنیاسی۔ افیون ایک رتی نگو کے دس تولہ پانی سے نگل جائیں۔

پرہیز۔ ہر قسم کے نشے یکلخت قسم کردیں۔ گرم خشک مصالحہ دار غذائیں منع ہیں۔

غذا۔ دودھ۔ ملائی۔ چاول۔ آلو۔ اروی۔ توری۔ کدو۔ پلول۔ ساگ۔ روٹی خمیری غسل آب سرد سے کریں۔ گرم روٹی نہ کھانا چاہیئے۔

ہچکی

نسخہ ڈاکٹری۔ پٹاسی برومائیڈ ۲۰ گرین۔ سپرٹ کلوروفارم ۳۰ بوند صاف پانی ایک اونس سب کو ملا کر پلائیں اور بند نہ ہو تو دو گھنٹہ بعد پھر دیں۔

نسخہ یونانی۔ کلونجی تین ماشہ مصطگی رومی دو ماشہ۔ رب سیب دو تولہ میں ملا کر چٹائیں

نسخہ ویدک۔ ارہر کی دال کی بھوسی نیم دیگر بطور حقہ کشید کریں۔

نسخہ سنیاسی۔ مور کے پروں کی راکھ بقدر چھ ماشہ دو تولہ مکھن میں ملا کر چاٹ لیں فوراً آرام ہوگا۔

غذا۔ ساگ پالک۔ ککڑی یا لوکی کدو کی ترکاری۔ کھچڑی دال مونگ۔ نخود آب۔ چاول یا خمیرہ پھلکا۔

ہر قسم کے نشے اچار چٹنیاں اور تیل کی چیزوں کا پرہیز

فوری بیماریوں کی مختصر تشریح

اور

چاروں طرح کی حکمت

سرسام یعنے ورم دماغ۔ سخت گرم خشک غذا متواتر استعمال کرنے یا آتشک کا زہر یلہ مادہ دماغ میں چڑھ جانے یا از حد غصہ وغضب یا سخت محنت یا شدت کی دھوپ کھا جانے یا دن بھر رات کئی دن متواتر شراب پیا جائے تو دماغ کی جھلیوں میں سوزش اور ورم کا عارضہ پیدا ہوتا ہے۔

مرض شروع ہونیسے اول مریض کی طبیعت سست مگر کسی قدر رکھیلی (چڑچڑی) سی ہوجاتی ہے۔ قدرے درد سر دوران سر کی شکائت بھی ضرور ہوتی ہے۔ بعد ازاں معمولی سا بخار چڑھ جاتا ہے۔ اس وقت مریض کا چہرہ از حد متفکر نظر آتا ہے طبیعت از حد بے چین ہوتی ہے۔ نیند نہیں آتی۔ دماغ کے مقام پر از حد درد محسوس ہوتا ہے۔ عضلات پھڑکتے ہیں آنکھیں سرخ اور پانی سے بھری ہوئی آتی ہیں جس چیز کو مریض دیکھتا ہے اسی پر نظر جما دیتا ہے۔ سو پاخانہ کئی دن نہیں آتا۔ اگر فوراً ہی علاج نہ کیا جائے تو یہ ایسی فوری (جوش مارنیوالی) بیماری ہے کہ آن کی آن میں کچھ کا کچھ ہوجاتا ہے۔ تھوڑی ہی دیر میں مریض بالکل بے ہوش ہوجاتا ہے۔ چہرہ پر مردنی سی چھا جاتی ہے۔

علاج۔ علامات نظر آتے ہی مریض کے تالو کے بال منڈوا کر عرق بید مشک میں برف ڈالکر اس سے کپڑا تر بتر کر کے سر پر رکھیں یا برف ہی ایک تھیلی میں بھر کر تالو پر رکھیں۔

مریض کو کھلے اور ہوادار مکان میں رکھیں اس کے پاس شور و غوغا قطعی نہ ہونے دیں۔

نسخہ جات

ڈاکٹری نسخہ۔ شروع میں دیں۔ پانچ گرین کیومل اور ایک ڈرام جلپ کمپونڈ یکذات کر کے مسہل دیں۔ اگر قے آتی ہو تو معدہ پر رائی کا پلستر لگائیں۔ جب کھلکر دست آجائے۔ اور طبیعت کسیقدر سنبھل جائے اس وقت یہ نسخہ دیں۔ سپرٹ ایتھر کمپونڈ ایک ڈرام۔ وائنا گیلی سائی ۴ ڈرام۔ ٹنکچر کمپونڈ دو ڈرام۔ انفیوژن سنکونا فلیوا ۶ اونس سب کو ملا کر ایک دفعہ ۴ ڈرام دیں۔ اور چار چار گھنٹہ بعد دینگو دیتے جائیں۔

نسخہ جات یونانی لگائے کے دودھ گرم گرم میں دو تولہ بادام روغن چار تولہ

شیر خشت حل کر کے پلائیں ۔ اگر بیہوشی کا غلبہ ہو تو انڈے دینے والی مرغی کا پیٹ
چاک کر کے گرما گرم سر پر باندھیں ۔ یا آرد جو ۲ ماشہ رسونت تین ماشہ زعفران
۲ ماشہ سفید بیضہ مرغ ایک عدد ملا کر سر پر لیپ کریں ۔

پسینے کا نسخہ گل گاؤزبان بسفائج ہر ایک پانچ ماشہ سپستاں عناب
ہر ایک آٹھ عدد ۔ عرق گاؤزبان پاؤ سیر میں جوش دیکر شربت بادرنجبویہ دو تولہ حل
کر کے پلاویں ۔

دیگر ۔ پرسیاوشاں ۔ بیخ بادیاں ۔ اسطوخدوس ۔ اذخر ۔ تخم کرفس ہر یک پانچ
ماشہ ۔ سب کو جوش دیکر گلقند دو تولہ حل کر کے پلائیں ۔ اگر مریض پانی طلب کرے
تو ہر وقت عرق گاؤزبان شیر گرم کر کے پلایا کریں ۔ بلکہ اس میں چھ سات ماشہ
بادام روغن حل کر لیا کریں ۔

نسخہ ویدک ۔ اندرائن تازہ کا گودا اندر سے نکال پھینکیں اور اس میں پاؤ بھر یا آدھ
پاؤ ہی سہی (جسقدر کہ دودھ آ جائے) بکری کا دودھ دوہ کر دو گھنٹہ رکھ کر پلاویں ۔
فوراً قبض رفع ہو گی ۔ بعد ازاں گلقند بنفشہ بقدر تین تولہ صبح تین ہی شام کو رگڑ کر
آدھ پاؤ کدو کا پانی حل کر کے پلاتے رہیں ۔

نسخہ سنیاسی ۔ کشتہ سونا بقدر دو رتی مکھن گائے دو تولہ میں رکھ کر کھلائیں ۔
خوراک ۔ اناجی دو تین دن تک قطعی نہ دیں بلکہ دودھ اور انار سنگترہ انگور وغیرہ دیتے
رہے اگر تندرست ہو کر مریض خود بھوک کی شدت محسوس کرے تو ارارروٹ یا سابودانہ
دودھ میں پکا کر دیں ۔ یا چاول اچھی طرح گلے ہوئے ۔ نخود آب (چنے کا شوربہ) ڈال کر
کھلاویں ۔ کسی قسم کی نشے والی دوائی نہ دیں ۔ بعض جاہل طبیب بیمار کا عارضہ دور
کرنے کو اور نیند پیدا کرنے کو قدرے افیون یا بھنگ کھلا دیتے ہیں یہ ان کی
سخت غلطی ہے ۔

خناق

اس بیماری کو ڈاکٹری میں گروپ کہتے ہیں۔ حنجرہ اور نرخرہ کے اندر سوزش ہوکر ایک رطوبت رستی ہے جس کی جھلّی سی بنکر سانس کی آمد و رفت میں تنگی پیدا کرتی ہے۔ اگر جلد تر پرہیز اور علاج باقاعدہ نہ کیا جائے تو یہی جھلی زیادہ متورم ہو جاتی ہے۔ اور غذا کی آمد و رفت کے راستہ میں اچھا خاصہ ورم پیدا ہو جاتا ہے اور غذا تو درکنار سانس بھی نہایت مشکل سے آتا جاتا ہے پہلے پہلے زکام و کھانسی کی شکائت ہوتی ہے۔ بعد ازاں خفیف سا بخار بھی لاحق ہو جاتا ہے۔ رفتہ رفتہ گلے کے اندر معمولی سا درد پیدا ہوتا ہے۔ پھر پاخانہ قبض ہو جاتا ہے۔ بھوک قطعی معدوم ہو جاتی ہے۔

علاج۔ اول زکام ہی پیدا ہوتے۔ تمام گرم خشک غذاؤں اور منشیات سے یکدم کنارہ کش ہو جانا چاہیئے۔ اور گلقند بنفشہ صبح و شام بقدر ۲ تولہ نہایت باریک رگڑ کر آٹھ دس تولہ پانی حل کرکے گھونٹ گھونٹ پیا کریں۔

نسخہ جات ڈاکٹری

اینٹی منی ٹارٹاریٹا نصف گرین

وائنم اپی کاک	۳ ڈرام	یہی نسخہ صبح کو اور یہی شام کو پلادیں۔ یہ ایک خوراک ہے
پوٹاسی کلوریٹ	۲ ڈرام	
اوپیم اینی سائی	۴ بوند	
پانی صاف مقطر	۲ اونس	

دیگر۔ ٹنکچر فیری کلوریٹ ۲ ڈرام

سرپ سن	۴ ڈرام	جوان کے لئے سب ایک
گلسرین	ایک اونس	خوراک ہے چھوٹے بچوں
ایکوا سنے مومائی	۵ء۱ اونس	کو ایک ڈرام دیں۔

نسخہ جات یونانی۔ برگ عنب الثعلب۔ برگ شہتوت۔ بیخ ملٹھی۔ کوکنار۔ بیخ کنار دشتی۔ حب الآس دو دو تولہ دو سیر پانی میں جوش کر غرغرے کرائیں یا سیر بھر دودھ بھینس میں سیر بھر چھان جو (بھوسی جو کی) ڈالکر پکائیں اور غرغرہ کرائیں۔

پینے کے نسخے۔ گل بنفشہ۔ خطمی۔ شاہترہ۔ بہدانہ ہر ایک سات ماشہ۔ عناب ۹ دانہ۔ سپستاں بارہ دانہ سب کو آدھ سیر پانی میں جو کوب کر کے ڈالیں اور تین چار جوش دیکر چھانکر ۲ تولہ شربت شہتوت حل کر کے نیمگرم پلائیں

دیگر۔ شیرہ تخم خیارین۔ تخم کاہو کا شیرہ۔ ہر ایک دو تولہ عرق مکو پاؤ سیر میں شربت عناب ۲ تولہ حل کر کے پلائیں۔

نسخہ دیدک۔ چھال گوندی۔ مولی کے پتے بقدر دس دس تولہ دو سیر پانی میں پکا کر غرغرہ کرائیں۔ اور شہتوت کا پانی نکالکر نیمگرم بقدر آٹھ تولہ صبح اسیقدر شام کو تین چار دن پلاتے رہیں۔

سیناسی کا نسخہ۔ کشتہ قلعی (رانگ) بقدر ایک ماشہ گائے کے دودھ کی خام ملائی میں ملا کر چٹائیں۔ تمام شکایات رفع ہو گی۔

خوراک۔ پھرنی۔ فالودہ وغیرہ یا نرم حلوا چنے کے آٹا کا یا بادام وجو کا حریرہ تمام گرم خشک مصالحہ دار بلکہ نمکین غذا بھی ممنوع ہے۔

تپ محرقہ

یہ نہایت شدت کا بخار ہے گو وبائی تپ ہے مگر آنا فانا زندگی کا رام نام ست

بلا دیتا ہے۔ لہذا ہم نے فوری بیماریوں میں بھی اس کا ذکر کیا ہے۔
یہ بخار بکثرت چھوت چھات کی وساطت سے لاحق ہوا کرتا ہے۔ یا قحط کے سبب
ردی اور ثقیل و دیر ہضم غذا میسر ہو تو یہ مرض ہوتا ہے۔
اول اول تپ لرزہ سے چڑھ جاتا ہے۔ ہاتھ پاؤں کمر اور سر میں درد کی شکایت
ہوتی ہے۔ چہرہ سُرخ ہو جاتا ہے۔ نبض بھری ہوئی اور تیز چلتی ہے۔ سانس جلد جلد
آتا ہے۔ قبض ضرور ہوتی ہے۔ بعضوں کو قے آتی ہے۔ جی متلایا کرتا ہے۔ جسم
پر دانہ دانہ سے اور دھبے نکل آتے ہیں۔ بعض دفعہ مریض بیہوش ہو کر کئی قسم
کی بکواس کرنے لگتا ہے۔ اور ایسی حالت میں اسکا پیشاب اور پاخانہ بیخبری خارج
ہو جاتا ہے۔
جسم کی حرارت تھرمامیٹر سے ۱۰۵ ۱۰۴ درجہ تک معلوم ہوتی ہے۔

علاج

شروع بخار میں کوئی تیز و تلخ دست آور یا پسینہ والی دوا نہ دینا چاہیئے محض قے
کی دوا یا مفرح دل دے سکتے ہیں۔
نسخہ جات ڈاکٹری ایپی کاک وائن پانچ ڈرام۔ آدھ سیر گرم پانی میں ملاکر پلائیں
تاکہ کھلکر مریض کو قے آجائے یا کمپونڈ روبرب پوڈر ایک ڈرام یا کسٹرائیل ایک اونس دودھ
یا پانی نمکگرم میں دیں تاکہ دو تین دست آجائیں۔ بعد ازاں یہ نسخہ پینے کو دیں۔
ڈیلیوٹ ہائیڈروکلورک ڈل تین ڈرام شہد ایک اونس۔ آش جو دو پائنٹ سب
کو یکذات کر کے تھوڑا تھوڑا دو دو گھنٹہ کا وقفہ دیکر پلاتے رہیں۔ اگر بیمار گھبر جائے یا
کسی قسم کا ضعف معلوم ہو تو قدرے برانڈی اور ایک ٹکسچر ملاکر دیں۔ یا تین چار مرغی کے
انڈے تو کر ان میں ۴ اونس کے قریب برانڈی ملاکر پلائیں۔

نسخہ یونانی۔ گل نیلوفر۔ گل سُرخ۔ گل بنفشہ۔ گاؤزبان ہر ایک ۷ ماشہ۔ عناب ۹ دانہ شاہترہ۔ تخم کاسنی۔ تمر ہندی۔ آلو بخارا ہر ایک ایک تولہ رات کے وقت آدہ سیر پانی میں جوکوب کر کے بھگوئیں اور صبح کو پانی اوپر کا نتار کر ۲ تولہ شیر خشت اور تین تولہ شربت ورد حل کر کے پلائیں۔

نسخہ ویدک۔ شاہترہ سبز کا پانی لقدر ۱۰ تولہ نکالکر اس میں ۵ تولہ ترنجبین حل کر کے پلائیں۔

نسخہ سنیاسی۔ کشتہ ابرک ڈیڑہ ماشہ اجوائن کے ۵ تولہ عرق سے دیں۔

غذا۔ آش جو۔ ارا روٹ۔ ساگو دانہ۔ پالک کا ساگ۔ خمیرہ پھلکا۔ پتلی سی مونگ کی دال کی کھچڑی۔

پرہیز۔ مصالحہ دار غذائیں۔ چاء۔ تازہ میوے خصوصاً انار۔

ذیابیطس

یہ بھی سخت ہولناک بیماری ہے۔ مردوں کو یہ مرض زیادہ تر ہوا کرتا ہے۔ بکثرت شراب نوشی اور مٹھائی زیادہ تر کھانے سے۔ کثرت جماع۔ مرض آتشک کے سبب یا رنج و فکر اور دماغی کام بہت کرنے سے یہ عارضہ پیدا ہوتا ہے۔ اگر مرض کے شروع میں ہی کامل پرہیز نہ کر لیا جائے تو انسان کی زندگی دشوار ہو جاتی ہے۔

اس مرض میں پیشاب بار بار آتا ہے اور شکر آمیز اور کثرت سے آتا ہے بھوک اور پیاس مریض کی بڑہ جاتی ہے مگر جسم اس کا لاغر و کمزور ہوتا رہتا ہے۔ آٹھ پہر کے عرصہ میں پانچ چھ سیر کے قریب پیشاب خارج ہوتا ہے اور اس میں شکر کی مقدار دسواں حصہ کے قریب پائی جاتی ہے۔

جہاں یہ مریض پیشاب بیٹھتا ہے۔ وہاں مکھیاں۔ اور چیونٹیاں بہتات سے جمع ہو جاتی

ہیں۔ اور پیشاب کئے ہوئے مقام پر خاکستری رنگ کی شکر آمیز سفید سی تہ لگ جاتی ہے اور اس سے میٹھے خمیر کی بو آیا کرتی ہے۔ بیمار کا منہ ہر وقت چپچپا اور خشک رہا کرتا ہے۔

علاج

اس بیماری کا علاج بہ نسبت دوا کے غذا کی تجویز سے اچھا ہو سکتا ہے۔ نیز ورزش ہر وقت خوش رہنے سے مرض کا جلد دفعیہ ہو جاتا ہے۔ روزمرہ غسل اور ہوا خوری نہایت مفید ہے۔

میٹھی اور نشاستہ دار غذائیں بہت ہی کم کھانا چاہئے۔ کیونکہ اس مریض کو شیریں اور نشاستہ دار غذا ہضم نہیں ہو سکتی۔

یہ چیزیں مریض ذیابیطس کو کھانی چاہئے

گوشت ہر قسم (سوائے جگر کے) انڈہ۔ مکھن۔ روغن زرد۔ پنیر۔ بالائی۔ ہر قسم کے مغز۔ ساگ پالک۔ چولائی۔ خرفہ۔ میتھی۔ سویا۔ شلجم۔

یہ چیزیں کم مقدار میں دیں۔

چقندر۔ مولی۔ گاجر۔ گوبھی۔ کھیرا۔ ککڑی۔ پیاز۔ لہسن۔ سوڈا۔ دودھ۔ دہی۔ چھاچھ۔

یہ چیزیں قطعی بند ہیں۔

چاول۔ ارارو ٹ۔ ساگو دانہ۔ گیہوں کا آٹا۔ میدہ۔ سوجی۔ جو۔ چنے۔ مکی۔ جوار۔ مونگ ماش (اردد)۔ مسور۔ لوبیا۔ مٹر۔ سیم۔ آلو۔ اروی۔ شکر قندی۔ سنگھاڑہ۔ آلو بخارا بیر اور مٹھائیاں۔ لڈو۔ پیڑے۔ برفی۔ قلاقند۔ جلیبی۔ امرتی۔ بادانہ۔ اور ہر قسم کے شربت مضر ہیں۔

ادویات نسخہ جات ڈاکٹری

سوڈا ۱½ ڈرام۔ ٹیٹرک ایسڈ ایک ڈرام۔ پانی ۱۲ اونس حل کر کے صبح و شام یہی خوراک دیں

دیگر۔ کوڈا یا ڈیڑھ گرین۔ ایکسٹر نکس وامیکا نصف گرین۔ ایکسٹرکیٹ سیکیل نصف گرین سب کی دو گولیاں بنا کر ایک ہی وقت پانی سے نگل جائیں اور یہی خوراک ایکدن میں تین دفعہ دیا کریں۔

دیگر۔ بیتھیا کاربوناس ۵ گرین بسوڈی آرسی نیٹ نصف گرین۔ ایکسٹرکیٹ جنش آدھ گرین سب کو یکذات کرکے ۲ گولیاں بنائیں اور ایک گولی صبح اور ایک شام کو بعد از غذا پانی سے نگل لینا چاہئے۔

نسخہ جات یونانی۔ زیرہ۔ نیلوفر۔ کہربا۔ گل ارمنی۔ مرجان ہر ایک چھ ماشہ۔ بذرالبنج سفید ۹ ماشہ۔ مغز کدو۔ مغز پیٹھہ۔ مغز تخم تربز۔ کشنیز۔ مغسول۔ تخم کاہو مقشر۔ تخم خشخاش۔ گل نوفل۔ زرشک۔ آلو منقی۔ تال مکہانا ہر ایک ایک تولہ صندل سفید ۱۰ ماشہ۔ صمغ عربی۔ نشاستہ۔ دم الاخوین۔ اقاقیا۔ طباشیر ہر ایک ۱۲ ماشہ۔ گلنار۔ کو مازج۔ بلوط۔ زردوو۔ انبہ کی گٹھلی خستہ جامن۔ سنگھاڑہ سوکہا ہر ایک ڈیڑھ تولہ شکر سب کے برابر سفوف کرکے ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ کی پڑیہ بنائیں۔ ایک پڑیہ صبح کو ایک دوپہر کو ایک شام کو دیں۔ شکر محض ذائقہ بنانے کے لئے ہے اگر بغیر شکر کے سفوف کھا سکیں تو ۹ ماشہ خوراک تجویز کریں۔

دیگر۔ مغز بہدانہ۔ حب الآس۔ تخم حماض ہر ایک چھ ماشہ۔ کافور ۲ ماشہ تین پڑیہ بنا کر ایک ہی دن میں استعمال کریں۔

نسخہ ویدک۔ زہر مہرہ دو ماشہ۔ زعفران یک ماشہ۔ افیون ایک تی دس تولہ عرق گلاب میں گہسکر پلایا کریں۔

نسخہ سنیاسی۔ کشتہ مونگا دو ماشہ۔ کشتہ چاندی دو رتی قدرے دہی میں ملاکر چاٹ لیا کریں۔

یہ واضح رہے کہ شروع مرض میں علاج دوائی سے علاج غذائی بہتر ہے۔ جو

چیزیں جائز لکھی گئی ہیں ان کا استعمال اور جو ممنوع ہیں ان سے پرہیز کرنا نہائت ضروری ہے۔

اس بیماری میں کھاری چیزیں زیادہ تر مفید ہیں اور ویسی ہی شیریں اشیا نقصان رساں ہیں۔

کھاری چشموں کا پانی۔ سمندر کا پانی نہانے کے لئے نہائت فیض بخش ہے۔ نمک۔ نوشادر اور سوڈا کا ملا جلا پانی بہتر ہے۔

کھٹے میوہ جات مثل لیمو سنگترہ وغیرہ بھی کھا سکتے ہیں سب سے زیادہ تر تفریح طبع کو معمول بنانا چاہیئے

ہلکاؤ

یہ بھی معدی اور فوری عارضہ ہے۔ جب انسان کو دیوانہ کتا کاٹ کھائے تو اس وقت شروع میں تو اسے چنداں اپنے ہلکاؤ پن کا گمان نہیں ہوتا اور نہ اسکے کاٹنے کی ایسی تکلیف محسوس ہوتی ہے بسا اوقات کتے میں ہلکاؤ کے عنوان بھی ظاہر نہیں ہوتے۔ مگر انسان کے جسم میں اس کا زہر سرائیت پذیر ہو جاتا ہے اور تین روز کے بعد یا ہفتہ یا گیارہ دن بعد یا چالیس دن یا تین ماہ یا چھ ماہ یا دو سال بلکہ گیارہ اور پندرہ سال کے بعد بھی دیوانگی کے آثار دیوانہ کتے کے کاٹنے والوں میں نمودار ہو سکتے ہیں۔

زخم بھی مریض کا جلد تر اچھا ہو جاتا ہے۔ اور اس کو کسی قسم کا شک بھی اپنی مرض کا نہیں ہوا کرتا مگر جب دیوانگی کا دورہ ہونے کا موقعہ آتا ہے تو آناً فاناً اس کی عجیب و غریب ہیئت تبدیل ہونے لگتی ہے۔ موسم کی تبدیلی کیوقت عموماً یہ عارضہ اپنی رنگت دکھلایا کرتا ہے۔

اول اول مریض کی شہوات حیوانی غلبہ کرتی ہے پھر بھوک اور پیاس کا جوش پیدا ہوتا ہے۔ مگر کھانے پینے میں اسی وقت ہی تکلیف محسوس ہوتی ہے پانی اور دودھ تک نہیں پیا جا سکتا۔ کیونکہ حلق اور گلو کے تمام عضلات اینٹھنے لگتے ہیں۔ طبیعت پریشان اور مغموم ہو جاتی ہے۔ منہ سے لعاب دار جھاگ کی طرح کی بلغم سی خارج ہونے لگتی ہے۔

خشک ہچکیاں آتی ہیں۔ تمام جسم میں تشنج ہونے لگتا ہے۔ زور زور سے مریض چیختا ہے اور اجالے میں رہنے کو اس کا جی نہیں چاہتا۔ شدت مرض میں بکواس بھی کرنے لگتا ہے۔ لوگوں کو بعض وقت کاٹنے کو اس کا جی چاہتا ہے۔ عقلمند و شریف ہو تو اپنی طبیعت پر جبر کر کے اپنے آپ کو روک رکھتا ہے ورنہ کئی لوگوں کو کاٹ بھی کھاتا ہے۔

اگر فوراً ہی علاج کامل ہو جائے تو یکصد سے دو آدمی بچ سکتے ہیں ورنہ نہایت رحم ناک حالت میں تکلیف اٹھا کر مریض کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ بہتر یہ ہے کہ جب کسی قسم کا بھی کتا کاٹ کھائے اول ہی اس کا زخم عرصہ دراز تک جاری رکھنا چاہیئے۔

علاج

جہاں پر زخم ہو اس سے اوپر چند انچہ پر مضبوط پٹی باندھیں تاکہ اور حصہ جسم میں اس کا زہر سرایت نہ کرے۔ اور زخم پر گرم پانی کی دھاریں ڈلوائیں متواتر دو تین گھنٹہ تک دھوتے رہیں۔

اس کے بعد زخم کو کپڑے سے پونچھ کر نائیٹریٹ آف سلور یا کاربالک ایسڈ یا کروک ایسڈ یا نائٹریٹ آف مرکری سے یا دہکتے ہوئے کوئلوں سے یا تیز گرم شدہ لوہے کی سلاخ سے جلائیں۔ یا اس میں لال مرچ کو ہلکا بھریں تاکہ

زخم گہرا ہو جائے اور بکثرت خون ٹپک جائے یہ پانیلا تھوتھا و آک کی جڑ کا سفوف
بھریں یہ یا سنگیاں لگوا کر خون نکلوائیں۔ یا چند جونکیں زخم کے اردگرد لگا دیں
یا اس مقام کے پاس ہی پچھنے لگوا کر خون جاری کرا دیں۔
مرض کی علامت پیدا ہو جائے تو بیمار کو اندھیرے کمرے میں نرم بستر پر
لٹائیں۔ اس کے قریب کسی قسم کا غوغا نہ ہونے دیں۔ اور اس کو یہ بھی یاد نہ دلائیں
کہ تمکو کتّے کے کاٹنے سے یہ عارضہ لاحق ہوا ہے۔ مریض کو کسی قسم کا غم و فکر یا
خانگی معاملات کا سوچنے والا معاملہ حفظ نہ کرائیں۔

نسخہ جات سہ قسم

ڈاکٹری نسخہ جات۔ صرف پچکاری کرنے کے ہیں اور عموماً ڈاکٹر لوگ کیوراڑا
ہائگرین یا مارفیا اور اٹروپین کی پچکاری کیا کرتے ہیں
نسخہ جات یونانی۔ سرسونت۔ ہینگ۔ بہنگ۔ برادہ کچلہ ہر ایک دو تولہ۔ کلونجی ۱۲
تولہ سب کو سفوف کر کے روزمرہ صبح کو چار ماشہ کے قریب ٹھنڈے پانی سے
پھانک لیا کریں۔
دیگر۔ جنطیانہ۔ پنیر مایہ خرگوش۔ پنیر مایہ آہو۔ مُرمکی ہر ایک ہموزن شہد بقدر ضرورت
ملا کر بقدر کنار دشتی گولیاں بنائیں ایک گولی صبح ایک شام کو ہمراہ نیم گرم پانی نگل لیا کریں
دیگر۔ زعفران۔ سنبل الطیب۔ یاقوت سرخ۔ قرنفل۔ گول مرچ سفید سب کو رب
انار شیریں میں کھرل کر کے بقدر ۹ ماشہ روزمرہ چاٹ لیا کریں۔
نسخہ ویدک۔ کندر۔ کیسر کی جڑ۔ شونیز تینوں ہموزن سفوف کر کے جنگلی پودنہ
کے پانچ تولہ پانی سے بقدر سات ماشہ روزمرہ صبح کو پھانک لیا کریں۔
نسخہ سنیاسی۔ کتّے ہلکی کو پکڑ کر قند سیاہ میں گوٹ کر گولی بقدر ایک ماشہ

بنا دیں اور نوبت کے وقت دیں فوراً ہی صحت ہو گی۔ یا چہار دو انتا بقدر دو رتی عرق سونف سے دیں۔

غذا اس وقت تک کوئی نہ دینا چاہئے جب تک کہ مریض کے عضلات اینٹھے ہوئے درست حالت پر نہ آجائیں کیونکہ ایسی حالت میں نہ تو مریض غذا کھا ہی سکتا ہے اور نہ اسے فائدہ دیتی ہے۔

آتشک

یہ نہایت ہی نامراد مرض ہے۔ اگر فوراً ہی تدارک کا بندوبست نہ کیا جائے تو جلد تر ہی تمام جسم کی رگ رگ میں اس کا زہریلہ مادہ گھر کر لیتا ہے۔

اول اول بوقت مجامعت انسان کو معمولی سی حرارت بوقت قربت کے محسوس ہوتی ہے۔ اگر اس وقت بغیر انزال کے جدا ہو جائے تو بچ جاتا ہے ورنہ دو تین دن کے بعد حشفہ پر خارش محسوس ہوتی ہے۔ پھر اور دو تین دن گزرنے پر اول ایک ہلکا (خفیف) سا چھالا حشفہ پر نظر آتا ہے۔ اس کا چھلکا اتر جاتا ہے اور مسور کی دال کیطرح اس کی رنگت نظر آتی ہے۔ دوسرے تیسرے دن کے بعد اس سے رقیق زرد و خون آمیز رطوبت بہنے لگتی ہے یہ رطوبت جہاں جہاں پر لگتی ہے ویسا ہی اور زخم پیدا کر دیتی ہے حتےٰ کہ چند یوم میں دس بارہ زخم آلہ تناسل پر ویسی ہی شکل شباہت اور درد سوزش کے نمودار ہو جاتے ہیں۔ اگر اس حالت میں بھی مریض لاپرواہی کرے اور باقاعدہ علاج کیطرف توجہ نہ دے تو زخم زیادہ سوزندہ اور گہرا و گنتی میں بکثرت ہونے لگتے ہیں

علاج

سب سے زیادہ یہ بات ملحوظ رکھنا چاہئے کہ جب آتشک کے پہلے نشانات ہی نمودار

ہوں تو ہر قسم کے نشے اور گرم خشک میوے سے ترک کر دینا چاہیئے اور جماع وغیرہ کی یکلخت قسم کر دینا واجب ہے۔

نسخہ جات ڈاکٹری گرے پوڈر۔ڈورس پوڈر ہر ایک دو گرین۔ایسی ایک پوڑیہ صبح کو ایسی ہی شام کو پانی سے دیں۔

دیگر۔ لائکر ہیڈرارجیرائی پرکلورائی ڈائی نصف ڈرام لیکوہیڈ ایکسٹریکٹ آف سارسا ایک ڈرام۔کمپونڈ ڈیکاکشن آف سارسا ایک اونس۔

یہ سب خوراک ایک ہی دفعہ دن کو اور یہی وزن شام کو دیں۔

دیگر۔ لائیکر ہائیڈرارجیرائی پرکلورائی ½ ڈرام

ٹنکچر سنکونا کمپونڈ	ایک ڈرام	ایسی ایک خوراک ایک دن میں تین دفعہ دینا چاہیئے۔
ڈیکاکس سارسا کمپونڈ	ایک اونس	
پوٹاسی آئیوڈوایڈ	۱۵ گرین	

دیگر۔ پوٹاسی آئیوڈوایڈ	۱۵ گرین	ایسی ایک خوراک ایک دن میں دو یا تین دفعہ دیں۔
ٹنکچر سنکونا کمپونڈ	ایک ڈرام	
ایکسٹریکٹ سارسا کمپونڈ	ایک ڈرام	
ڈیکاکشن سارسا کمپونڈ	ایک اونس	

زخم زیادہ بگڑ گئے ہوں تو دھونی بھی ضرور دینا چاہیئے۔دھونی دینے کی ترکیب یہ ہے کہ مریض کو برہنہ کر کے کسی سٹول یا کرسی پر بٹھائیں اور اس کے جسم پر ینیا کمر سے لے کر گردن تک ایک کمبل لپیٹ دیں۔پھر ایک دیگ میں پندرہ بیس سیر پانی گرم کریں۔اس میں بحساب فی سیر دو تولہ مردار سنگ ڈالدینا چاہیئے۔جب پانی کھولنے لگے تو بالٹی میں ڈالکر اس کی کرسی کے پاس رکھدیں تاکہ دھواں ہیاں کے جسم میں سرائت کرنے لگے۔اور ایک اینٹ یا اور کوئی دھات آگ میں لال انگارہ

ساگر کے کرسی کے نیچے رکھکر اس پر ساگرین کیلول ڈالیں تاکہ اس کے سب بخارات اس کے زخموں پر اور جسم پر سرائٹ کریں۔ یہ دھوال چند یوم متواتر دیں تو زخم خشک ہونے لگیں گے۔

نسخہ جات یونانی عشبہ۔ چوب چینی۔ برگ حنا۔ گل نیم۔ برادہ شیشم۔ برادہ صندل سفید ہر ایک بیس تولہ۔ گل اسطو خدوس۔ برہمی بوٹی۔ منڈی بوٹی نیلکنٹھی ہلیلہ سیاہ۔ برہمڈنڈی ہر ایک پندرہ تولہ۔

یا تو سب ادویات کو جو کوب کر کے تین گنا پانی میں بھگوئیں۔ اور صبح کو ہمونرن دواؤں کے عرق کشید کرا کر روزمرہ صبح کو چار تولہ عرق میں ۹ ماشہ شہد حل کر کے پیتے رہیں۔ یا تمام ادویات کو کوٹ کر رکھ لیں۔ اور روزمرہ رات کبوقت تین تولہ سفوف تین پاؤ پانی میں بھگوئیں صبح کو چار پانچ جوش دیکر چھان کر بقدر دو تولہ شہد حل کر کے پلائیں

دیگر۔ پارہ ایک تولہ۔ اجوائن دو تولہ۔ قند سیاہ دس سالہ چار تولہ پہلے اجوائن اور قند سیاہ کو کھرل میں ڈالکر خوب یکذات کریں۔ بعد ازاں پارہ ڈالکر دو تین دن تک رگڑتے رہیں تاکہ پارہ کا ایک ذرہ بھی نظر نہ آئے۔ پھر اس کی گولیاں بقدر دانہ نخود کے بنائیں۔ ایک گولی صبح کو ایک گولی شام کو پانی سے نگل لیا کریں۔

دیگر۔ پارہ۔ مصطگی رومی۔ عاقر قرحا۔ ملٹھی کی جڑ ہر ایک چار ماشہ سنکھیا سفید نصف رتی۔ پہلے سنکھیا اور پارہ کو کاغذی لیموں کے پانی میں دو دن تک کھرل کرتے رہیں بعد ازاں اور چیزیں ملا کر قدرے شہد کی مدد سے ایکسو گولیاں بنائیں۔ ایک گولی صبح کو ایک شام کو کھانا کھانے کے بعد نگل لیا کریں۔

دیگر۔ رسکپور ایک تولہ۔ دانہ الائچی خورد۔ لونگ ٹوپی والے ہر ایک ۹ ماشہ۔ ہلدی مردار سنگ ہر ایک تین ماشہ۔ تمام چیزوں کو کھرل میں ڈالکر ایک ہفتہ تک ملسی کے پتوں

کا پانی نکالکر کھرل کرتے رہیں۔ بعد ازاں بقدر کنر روشتی گولیاں بنائیں۔ ایک گولی روزمرہ صبح کو دودھ کی ملائی میں لپیٹ کر نگل لیا کریں۔

دیگر۔ رسکپور ۴ ماشہ فلفل گرد سفید قرنفل ہر ایک ۹ ماشہ۔ برگ پان کے پانی میں دو دن تک کھرل کرکے ایک پیاز میں خول کرکے بھریں اور کپڑ وٹی چڑھا کر پندرہ فٹ اپلوں کی آگ میں رکھیں۔ پھر نکالکر چار چار رتی کی گولیاں بنا کر ایک گولی ہر روز صبح کو نگل لیا کریں۔

ویدک نسخہ جات۔ بڑی ہرڑ۔ چھوٹی ہرڑ۔ اندر اُئنی کی جڑ کا پوست ہر ایک دو تولہ نیلا تھوتھہ چھ ماشہ ایکسو لیموں کے پانی میں کھرل کرکے بقدر کنر صحرائی گولیاں بنا کر ایک گولی صبح ایک شام کو پانی سے نگل لیا کریں۔

دیگر۔ برگد کے پتے جلا کر اس کی راکھ بقدر دو ماشہ روزمرہ صبح کو پانی سے کھا لیا کریں۔

نسخہ سنیاسی۔ سنکھیا سفید چھ ماشہ۔ آٹھ دن تک پیاز کے پانی میں کھرل کریں بعد ازاں ایک مولی میں خول کرکے بھریں اور کپڑ وٹی چڑھا کر اپلوں کی آگ میں ایک گھنٹہ رکھیں پھر اندر سے سنکھیا نکالکر چھ ماشہ کتھہ پاپڑیا ۹ ماشہ طباشیر شامل کرکے دو دو رتی کی گولیاں بنائیں۔ ایک گولی صبح ایک شام کو پانی سے نگل لیا کریں

یہ بھی واضح رہے کہ آتشک کے مریض کو تندرست ہو جانے کے بعد بھی کم از کم تین ماہ تک دوائی استعمال کرتے رہنا چاہئے

غذا۔ سادہ نباتی اور نمک مرچ و مصالحہ کم ڈالکر غذا و ترکاری کھائیں۔

پرہیز۔ ہر قسم کے نشے۔ اچار اور چٹنیاں قطعی ترک کر دیں۔ گرم گرم کوئی شے نہ کھائیں۔

دن کے وقت سویا نہ کریں۔

سوزاک

سوزاک کو ڈاکٹری میں گونوریا کہتے ہیں۔ یہ بھی آتشک سے بڑھکر موذی مرض ہے۔ یہہ مرض فاحشہ سوزاک زدہ عورت کی مباشرت سے پیدا ہوتا ہے یا جائے نطفہ کی صحبت سے یا علے الصباح شراب یا کثرت پینے سے یا چونہ (آہک قلعی) آب نار رسید پر پیشاب کرنے سے لاحق ہوتا ہے۔ لیکن بکثرت وہی دیکھنے میں آیا ہے جو کہ سوزاک زدہ نسواں کے تعلق سے نفوذ ہوا کرتا ہے۔

جس دن مرد ایسی عورت یا عورت ایسے مرد سے جماع کرے اس دن چھ سات گھنٹہ کے بعد پیشاب جلکر آنے لگتا ہے۔ یہ جلن رفتہ رفتہ سوزش اور درد کو بڑھایا کرتی ہے۔ دو تین دن کے بعد پیشاب کے ساتھہ پیپ اور خون بھی خارج ہوا کرتا ہے پھر پیشاب کا سوراخ باریک ہو جاتا ہے اور پیشاب ایسا سخت تکلیف سے اترتا ہے کہ مریض خوف کے مارے پیشاب ہی کئی دفعہ روک رکھتا ہے جو اسکی بیماری کو اور بھی خطرناک بنانے کا موجب ہوتا ہے۔ پیشاب بار بار آتا ہے۔ اور پیپ وریم اور خون بھی ہر دفعہ ہی کچھ نہ کچھ ہمراہ خارج ہوتا ہے۔

علاج۔ اول شروع مرض میں مندرجہ ذیل نسخہ جات مفید ہیں۔

نسخہ جات ڈاکٹری۔

پلو کیوبب	چار ڈرام	تمام دوائیں یکجا ذات کرکے بقدر ایک اونس خوراک ہر دفعہ ایک دن تین بار پلائیں۔
پوٹاشی نٹراس	”	
بالسم کوپائبا	۲ ڈرام	
سوڈا سیلی سلاس	”	
ٹنکچر ہائیوسی فس	۴ ڈرام	
لائیڈ امونیا ایسی ٹیٹس	ڈیڑھ اونس	
صاف پانی	۱۲ اونس	

دیگر۔ پلوکیوب ۲ گرین، سوڈا بائیکارب ۱۰ گرین، پوٹاسی ٹارٹار ایسیڈا ۱۰ گرین } سب کی ایک پڑیہ بنائیں اور دودھ پاؤ بھر خام میں اسیقدر پانی ڈالکر تین دفعہ یہی خوراک اتنی ہی لسی کے ساتھہ کھائیں۔

یونانی نسخہ جات۔ برادہ صندل سفید۔ برادہ صندل سرخ۔ تخم کاسنی۔ ست سلاجیت ہر ایک دو ماشہ۔ مغز خیار ۴ ماشہ۔ کافور ۲ رتی سب کو سفوف کر کے مصری ننک کے شربت سے پھانک لیں بعد تین گھنٹہ کے پھر ایسی ہی ایک خوراک کھائیں

دیگر۔ پھٹکڑی بریاں ۲ ماشہ قلمی شورہ۔ اندر جو شیریں۔ سر وچینی ہر ایک تین ماشہ سفوف کر کے دودھ کی لسی سے پھانک لیں۔

نسخہ ویدک۔ ست گلو۔ ست سلاجیت۔ مغز تخم تمر ہندی۔ مغز تخم لہسوڑہ۔ مغز تخم ککائین پانچوں ہموزن سفوف کر کے سات ماشہ سفوف شربت انار ۴ تولہ میں عرق نکو دس تولہ حل کر کے پھانک لیں۔

دیگر۔ رال تین ماشہ گائے کے دودھ سے پھانک لیں۔

نسخہ سنیاسی۔ برگ بھنگ تین ماشہ۔ پھٹکڑی ۴ ماشہ سفوف کر کے تین پڑیہ بنائیں۔ ایک پڑیہ صبح ایک دوپہر ایک شام کو دیں۔

یہ واضح رہے کہ کچھ نہ کچھ غذا کھا کر یہ دوائی استعمال کریں۔

جب مرض پرانا ہو جائے تو ذیل کے نسخہ جات کار آمد ہیں۔

ڈاکٹری نسخے۔ جب یہ بیماری چار چھ ماہ کی پرانی ہو جاتی ہے تو پیشاب کے سوراخ میں زخم ہو جایا کرتے ہیں جن کو قرحہ کہا جاتا ہے۔ قرحہ حقیقت میں زخم کو عربی میں کہتے ہیں۔

یہ قرحہ جب پیدا ہو جائیں تو دوائی کے ساتھہ ساتھہ پچکاری بھی کرنا چاہئے۔

ڈاکٹری نسخے پچکاریوں کے یہ ہیں۔

ہائیڈرار جیرائی پرکلو ۳ گرین۔ سوڈیائی کلورائیڈ ۹ گرین۔ ایکوا۔ ۱ اونس

سب کو ملا کر بقدر ایک ڈرام ۲۰ اونس پانی میں حل کر کے نیم گرم کر کے پچکاری کریں۔

دیگر۔ لائیکر پلمبائی سب ایسی ٹیٹس ایک اونس۔ ایکسٹریکٹ اوپیائی ایکوس ۳ اونس

ایکو تین اونس سب کو ملا کر دو چند نیم گرم پانی شامل کر کے چار پانچ دفعہ پچکاری

کریں۔ ساتھ ساتھ پینے کو یہ نسخہ جات دیں۔

نسخہ۔ سوڈا بائیکارب ۱۰ گرین۔ میگنیشیا سلفاس ۳۰ گرین ٹینکچر ہائیوسی مس

۲۰ بوند۔ انفیوژن بینڈ ایک اونس۔

یہی نسخہ تین دفعہ ایک دن میں دیں۔

دیگر۔ صندل آئیل ۳۰ بوند۔ کوپائیبا ۳۰ بوند۔ سپرٹ ایتھر نائیٹر ½ ۱ ڈرام

ٹینکچر ہائیوسی مس ایک ڈرام۔ لائیکر پوٹاسی ۴۰ بوند۔ گلسرین ۴ ڈرام

انفیوژن بیوکو ۶۰ اونس سب کو ملا کر بقدر ایک اونس صبح کو اسی قدر شام کو اور دوپہر

کو دیں۔

دیگر۔ سپرٹ ایتھر نائیٹر ۴ ڈرام ٹینکچر ہائیوسی مس ۲ ڈرام۔ میوسلیج اکیشیا ۱ ڈرام

ٹینکچر لاونڈر کمپونڈ ۲ ڈرام۔ ایکو اکمفر ۱۲ اونس سب کو ملا کر بقدر ایک ایک اونس

تین دفعہ دن میں دیں۔

پچکاریوں کے نسخے

نسخہ جات یونانی ۱۔ رسونت۔ کتھ سفید ہر ایک دو تولہ کافور و افیون دو دو ماشہ

سب کو دو سیر پانی میں سفوف کر کے رات کو بھگوئیں۔ صبح کو نتھار کر سیر گرم کر کے اس

کی پچکاری کریں۔

دیگیں۔ ہلیلہ۔ آملہ۔ بلیلہ۔ برگ حنا ہر ایک ۲ تولہ پھٹکڑی چھ ماشہ بطریق مندرجہ بالا کام میں لائیں۔

دیگیں۔ ریسونت۔ سفیدہ کاشغری۔ گل ارمنی۔ مردار سنگ۔ انزروت۔ دم الاخوین۔ ہر ایک دو تولہ۔ افیون۔ کافور۔ نیلا تھوتھ ہر ایک تین ماشہ۔
اوپر لکھی ترکیب سے کام میں لائیں۔

یہ خیال رہے کہ ایک دن میں چار پانچ دفعہ پچکاری کرنا چاہئے۔ چونکہ پچکاری ہی اس مرض میں فی الواقعہ مفید ہے لہذا پچکاری کرنے کی ترکیب بتلانا بھی واجب ہے۔
شیشے کی پچکاری دو تین آنہ پر عام دوکانداروں سے مل جاتی ہے ایسی پچکاری لیویں جس کے منہ کے کنارے کاٹنے والے نہ ہوں۔
یہ بھی خیال رہے کہ پچکاری کی دوائی ہمیشہ نیم گرم ہی استعمال کیا کریں۔ مریض برہنہ ہو کر پاؤں کے بل بیٹھے دائیں ہاتھ میں پچکاری کو پکڑے اور بائیں سے ذکر پکڑ کر آہستگی سے پچکاری کا منہ نائزہ میں داخل کرے۔ اور پھر آہستہ آہستہ دوائی اندر داخل کرے اور پھر پچکاری تو نکال لے مگر حشفے کا سرا آگے سے انگلی سے بند کر لے تاکہ دوائی باہر نہ نکل آئے۔
حشفہ کو چار پانچ منٹ انگلی سے بند رکھنا چاہئے کیونکہ اس قدر عرصہ دوائی اندر رہنے سے ہی فائدہ ہو گا۔ اس طرح تین چار دفعہ ایک وقت میں پچکاری کریں

برائے سوزاک کے ویدک نسخے

گیہروسہ تولہ۔ بیخ کاسنی دو تولہ ہر دو کو باریک کر کے رات کو آدھ سیر پانی میں بھگو کر صبح کو اوپر سے پانی نتار لیں اور اس میں مصری حل کر کے تین ماشہ سنگ جراحت سوختہ پھانک لیں۔ چند یوم میں آرام ہو گا۔

دیگر۔ جفت بلوط۔ تال مکھانا۔ گوکھرو خورد۔ تخم سرالی ہر ایک دو دو تولہ۔ کوکنار چھ ماشہ کوٹ چھانکر سات سات ماشہ کی پوڑیہ بنا ئیں۔ دو دو گھنٹہ کے بعد ایک پوڑیہ گائے کے دودھ کی لسی سے پھانک لیا کریں۔

سنیاسی کا مجرب نسخہ کشتہ قلعی چار ماشہ ایک دن میں تین دفعہ مندرجہ ذیل پانی سے پھانک لیں۔ کیکر کی سبز پتی ڈیڑھ تولہ۔ پھٹکڑی سرخ دو ماشہ رگڑ کر پاؤ سیر پانی ڈالکر چھانکر سوا ماشہ سفوف کھائیں۔

غذا :۔ سادہ از قسم نباتات استعمال کریں۔ نمک ترش تیل کی اشیا ممنوع کیلا۔ مولی۔ کدو۔ پلول۔ پالک مفید ہیں۔

جذام (کوڑھ)

یہ بہت ہی بُری ڈراونی مرض ہے۔ گو مریض جھٹ پٹ مر تو نہیں جاتا مگر اپنی زندگی کو ہمیشہ منحوس اور قابل لعنت خیال کر لیتا ہے۔ سارے جسم کی چہرہ کی شکل نہایت ناپاک وگھناونی ہو جاتی ہے۔ ہاتھ پاؤں کی انگلیوں میں اور چہرہ وجسم کے عام حصوں پر سوزش پھنسیاں پیدا ہو کر پیپ پڑ جاتی ہے اگر فوراً ہی کامل علاج نہ ہو جائے تو بیمار لولا لنگڑا ابھی جلدی ہو جاتا ہے۔

اس بیماری کے خاص زہر دار ایک قسم کے کیڑے ہوتے ہیں۔ جو انسان کے جسم میں سرایت پذیر ہو کر اس کو دین ودنیا سے نکما و الگ کر دیتے ہیں۔ عام طور پر آجکل یہ مرض آتشک سے بگڑ کر اپنی صورت بدل آتا ہے لیکن آتشک سے تبدیلی پانے پر یہ اور ہی شکل اختیار کرتا ہے۔

عام طور پر اس بیماری کی دو قسمیں ہیں ایک ابھار دار۔ دوسرے بے حس۔ ابھار دار میں مریض جلد بڑا اول تو ضعیف و کمزور سا ہو جاتا ہے پھر اس کے جسم

پر سرخ سرخ رنگ کے دھبے پیدا ہو جاتے ہیں۔ ساتھ خفیف سا بخار بھی ہو جاتا ہے
بعد ازاں جسم کی جلد سخت اور کھردری بھوری سی ہو جاتی ہے۔ پھر مختلف مقامات پر
بالخصوص جوڑوں پر ورم وغیرہ پیدا ہو کر اکثر جگہ پھنسیاں بھی نکل آتی ہیں اور پیپ وغیرہ
ٹپکنے لگتی ہے۔ موچھوں اور ابروؤں کے بال گر جاتے ہیں۔ چہرے پر ابھار سا پیدا
ہو کر اُسے بدشکل کر دیتا ہے۔ اور مریض کے سارے جسم سے بدبو آنے لگتی ہے۔
اول تو گو اس کے درجوں میں ایسا درد نہیں ہوتا مگر رفتہ رفتہ درد بھی ہوا کرتا ہے۔

علاج

نسخہ جات ڈاکٹری - مریض کو کھلے ہوادار مکان میں رکھیں۔ پوشاک و بستر
اس کا پاک و صاف رکھیں یہ بھی خیال رہے کہ یہ سخت متعدی یعنی چھوت دار مرض
ہے لہٰذا اس کے لباس وغیرہ اور جسم سے تندرست آدمی کو چھونا نہ چاہئے اس کے
کپڑے جدا ہی ایک دھوبی سے دھلوایا کریں۔ ہر روز نیم گرم پانی سے غسل دینا چاہئے
روغن گرجن میں چونے کا پانی اس کے ہموزن ملا کر بقدر دو ڈرام صبح اور اسیقدر
شام کو پلایا کریں اور اسی کی جسم پر مالش کرنا چاہئے۔
نسخہ دیگر - کمپونڈ آئیوڈائیڈ سارسر بمقدار ایک ڈرام ایک اونس پانی میں ملا کر یہی خوراک
تین دفعہ ایک دن میں پلاویں۔ یا ڈونووانس سولیوشن ۲۰ بوند ایک اونس انفیوژن چرائتا
میں ملا کر دن میں دو دفعہ دیا کریں۔
نسخہ یونانی - گل سرخ۔ گل بنفشہ۔ عنب الثعلب۔ تخم کاسنی۔ شاہترہ۔ افتیموں بسفائج
برادہ صندل سفید ہر ایک دو دو تولہ عناب بیس دانہ سب کو جوکوب کر کے بقدر دو تولہ رات
کو آدھ سیر عرق شاہترہ میں بھگوئیں صبح کو دو تین جوش دیکر ۴ تولہ گلقند رگڑ کر حل کر کے
پلائیں پانچ چھ دن متواتر یہی دوا دئے جاویں تاکہ اندر کی صفائی کر دے۔
نسخہ ویدک - نرادہار یعنی افتیموں ولیتی دو تولہ برگ بکائین تازہ ۹ ماشہ دونوں کو

رگڑ کر پاؤ بھر پانی میں چھانکر قدرے نیمگرم کر کے روزمرہ صبح کو پیتے رہا کریں۔
نسخہ سنیاسی۔ نخود کی خام دال جوکوب کر کے آٹھ دن تک تھوہر کے دودھ میں تر کریں۔ بعد ازاں سایہ میں خشک کر کے سفوف بنا کر بقدر دو ماشہ سفوف ہر روز رات کو کھانا کھانے کے بعد سوتے وقت پانی سے پھانک لیا کریں۔ یہی دوا ایک ماہ یا تین ہفتہ تک کام میں لاویں۔

بے حسی جذام

اس مرض میں ابھار کی تکلیف نہیں ہوتی بلکہ اندر اندر ہی مسموم مادہ پختہ ہو کر تین چار سال کے بعد جا کر پھوٹتا ہے۔ یہ بیماری بھی ویسی ہی خوفناک ہے۔ ڈاکٹر لوگ عموماً اسکو لاعلاج بتلاتے ہیں۔ بلکہ مریض کے نزدیک آنا بھی گناہ جانتے ہیں۔ ہاں یونانی لوگ عمدہ طرح اسکا علاج کرتے ہیں۔ لہٰذا ہم یونانی ہی دو تین نسخے درج کرنے پر اکتفا کرتے ہیں۔
نسخہ مصفے خون۔ برگ جل نیم۔ برگ شاہترہ۔ برگ کرنجوہ۔ نیم کے پھول ہر یک آدہ سیر۔ سرپھوکہ۔ چرائتا۔ چوب چینی۔ عشبہ۔ تخم بکائن۔ منڈی۔ برہمڈنڈی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ سیاہ۔ تخم کاسنی۔ آملہ۔ دھمایہ۔ زردچوبہ۔ پوست بیخ نیم ہر ایک پندرہ تولہ۔ نیلکنٹھی۔ تخم پنواڑ۔ گل نیلوفر۔ گل سرخ۔ کشنیز خشک۔ برادہ شیشم۔ شیطرج۔ برگ گاؤزبان۔ گلو ہر ایک بیس تولہ۔ باکچی۔ پوست کچنال ہر ایک پچیس تولہ تمام ادویات کو جوکوب کر کے تین گنا پانی میں رات کو بھگوئیں۔ صبح کو ہموزن ادویہ کے عرق تیار کر کے دو تین دن پڑا رہنے دیں۔ بعد ازاں روزمرہ ۴ تولہ عرق صبح کو ۴ تولہ شام کو ۹ ماشہ شہد حل کر کے پیا کریں۔
دیگر سنکھیا کی گولیاں۔ سیماب یعنی پارہ۔ سم الفار یعنی سنکھیا سفید ہر ایک چھ ماشہ۔ کندر ڈیڑھ تولہ۔ ریوند چینی دو تولہ کیکر کا گوند یک تولہ۔ سنکھیا اور پارہ کو ایک

ہفتہ تک لیموں کاغذی کے عرق میں کھرل کریں۔ بعد ازاں ایک ہفتہ پیاز کے پانی میں پھر دوسری ادویات ملا کر بکری کے پتہ میں دو دن تک کھرل کر کے بقدر دانہ مونگ کے گولیاں بنائیں۔ ایک گولی صبح ایک شام کو کھانا کھانے کے بعد ۵ تولہ عرق مکو سے نگل لیا کریں۔

غذا: زود ہضم اور سادہ نباتی کھانا دیں۔ گوشت۔ شراب انڈہ وغیرہ قطعی ترک کر دیں۔ خشک چپاتی پالک کدو۔ شلغم۔ توری وغیرہ کے ساتھ یا دال مونگ اور چاول اچھی طرح پکے ہوئے استعمال کرا دیں۔

ناگہانی امراض اور انکا علاج

مرگی:۔ اس کو طبیب لوگ صرع اور ڈاکٹر اپی لیپسی کہتے ہیں۔ جلق۔ بکثرت جماع۔ اور کثرت مینوشی۔ از حد رنج و تفکرات کے سبب یا کسی خوفناک یا چمکدار شے کو دیکھتے ہی یہ عارضہ آناً فاناً پیدا ہو جاتا ہے۔ چنگا بھلا آدمی راستہ جا رہا ہے اور آگ کی جھلک یا پانی میں بجلی یا سورج کا عکس دکھائی پڑا اور وہیں دورہ آ جاتا ہے کئی دفعہ تو بعض اشخاص کو مرض کا دورہ کئی کئی ماہ کے بعد ہوتا ہے مگر جب طبیعت کمزور و نحیف ہو جاتی ہے تو ایک ایک دن میں دو دو اور تین تین دفعہ یہ مرض وار کرنے لگتا ہے۔

نوبت مرض سے اول مریض کا سر چکرانے لگتا ہے ناک سے خاص ایک قسم کی بدبو آیا کرتی ہے۔ اس کی آنکھوں کے روبرو چنگاریاں سی اڑتی دکھائی دیتی ہیں

علامات دورہ مرض: مریض پر جب خون کا غلبہ اور مرض کا وار آنے لگتا ہے تو یکلخت چہرہ ڈراونی صورت اختیار کر لیتا ہے۔ آنکھوں کے ڈھیلے اوپر

اوپر کو اٹھ جاتے ہیں اور بیمار چیخ مار کر زمین پر بے حس و حرکت چت جا گرتا ہے سانس دقت سے آنے لگتا ہے دل دھڑکتا ہے۔ منہ سے جھاگ آنے لگتی ہے

بول و براز اور بیرج بلا ارادہ خارج ہو جاتے ہیں بعضوں کی زبان دانتوں کے نیچے آکر کٹ جاتی ہے۔

تمام جسم پر تشنج پیدا ہو جاتا ہے۔ مریض ایڑیاں رگڑنے لگتا ہے پھر کچھ دیر بعد اس کو پسینہ سارے جسم پر آجاتا ہے اور اعضا کی کھچاوٹ دور ہو جاتی ہے رفتہ رفتہ کچھ کچھ ہوش آنے لگتی ہے اور مریض ٹھنڈا سانس لیکر اٹھ بیٹھتا ہے اس وقت اُسے تھکاوٹ سی محسوس ہوتی ہے اور بیماری کا اُسے خیال بھی کم آتا ہے۔

علاج۔ بیمار کو پاک صاف ہوادار کمرہ میں رکھنا چاہیئے بوقت دورہ کے اس کے منہ میں دانتوں کے نیچے بوتل کا کارک رکھ دینا چاہیئے تاکہ دانتوں میں زبان دب کر کٹ نہ جائے۔ بیمار کے سر پر برف کی تھیلی یا عرق گلاب سرکہ کی تر شدہ گدی رکھیں چہرے پر سرد پانی کے چھینٹے لگاتے رہیں۔

سب سے زیادہ اس کی غذا کا انتظام کریں۔ غذا نہایت لطیف زود ہضم اور نباتی اور دودھ کی اشیا کی اقسام سے ہوں سب سے بہتر غذا تو بادام و دودھ ہیں۔ مصالحہ دار اور حیوانی غذاؤں کی یکدم قسم کرا دیں۔ صبح و شام ہوا خوری ضرور ہی کرایا کریں۔ شراب چاء قہوہ وغیرہ سے دور رکھیں کسی قسم کا دماغی اور مشقت کا کام نہ کرنے دیں۔ مثلاً مطالعہ کتب اور گہری باتوں کے سوچنے کا کام نہ کرنے دیں۔ شہوت نفسانی کا خیال بھی اس کے دل میں نہ پیدا ہونے دیں۔

نسخہ جات ڈاکٹری۔ زنک آکسائیڈ ۵ گرین یا زنک سالٹریٹ ۲ گرین تک روزمرہ دیا کریں۔

یہ نسخہ کم از کم تین چار ماہ تک استعمال کرا دیں۔

پوٹاسی بروما ئیڈ ایک اونس۔ امونیا برومائیڈ ۳ ڈرام۔ پوٹاسی بائیکارب ایک ڈرام۔ ٹنکچر کلمبا ایک اونس۔ ایکوا چھ اونس۔ سب کو یکذات کر کے بقدر ایک ڈرام میں قدرے پانی میں ایکدن یہی وزن دو یا تین دفعہ پلایا کریں اور رات کو کھانا کھانے کے بعد دو ڈرام استعمال کرائیں۔

دیگر۔ لائیکر ارسنی لیکس ۳ بوند سلائیکر ارسٹرکینا ۳ بوند ٹنکچر کواشیا ۲۰ بوند سپرٹ کلوروفارم ۲۰ بوند۔ ایکوا مینتھی پپ ایک اونس۔ ایسی ایک خوراک کھانا کھانے کے بعد دو دفعہ ایکدن میں دیں۔

یونانی نسخے۔ ہینگ۔ جند بیدستر۔ شحم حنظل ہر سہ ہموزن شہد میں بقدر نخود گولیاں بنائیں ایک گولی صبح ایک شام کو عرق گاوزبان پانچ تولہ سے نگل لیا کریں

دیگر۔ کلونجی۔ مرکی سفوف کر کے بقدر سات ماشہ گائے کے پاؤ بھر خام دودھ سے بوقت علی الصباح استعمال کرائیں۔

دیگر۔ انسان کی کھوپڑی (پرانی قبروں سے تلاش کرا کر) لا کر بھسم کریں۔ چار چار ماشہ کی پڑیہ بنائیں روزمرہ دہنی کے پھول ۱۰ تولہ سیر بھر پانی میں پکائیں جب نصف پانی رہ جائے چھانکر ۲ تولہ شہد حل کر کے ایک پڑیہ صبح کیوقت اس کے ساتھ پھانک لیا کریں۔ یہ دوائی نہایت ہی تیر بہدف ہے آٹھ دس دن تک استعمال کریں اور ساتھ نمک کا پرہیز رکھیں تو شرطیہ مرض دفع ہوگا۔

نسخہ ویدک۔ بفانج۔ رتن جوت۔ پکھان بید ہر ایک دو تولہ لوبان ایک تولہ کوٹ چھانکر شہد میں جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی صبح ایک شام گائے کے دودھ سے دیں۔

دیگر۔ پوست بیخ چیتہ۔ بیج ہر ایک چار ماشہ سفوف کر کے ہر روز صبح کو دودھ یا عرق گاؤزبان سے دیں۔

سنیاسی نسخہ۔ سونے کا کشتہ۔ موتی سفید کی بھسم ہر ایک ۱/۲ رتی صبح کیوقت تلسی کے پتوں کا پانی بقدر ۳ تولہ نکال کر دونوں کو ملا کر منہ میں رکھیں اور دودھ پانی اوپر سے پی لیں۔ قبض کا خیال رکھیں اور جب کسی دن قبض کا خلل ہو بادام روغن دو تولہ گرم پانی یا دودھ میں حل کر کے پی لیں۔

غذا جیسا کہ بتلایا گیا ہے سادہ اور دودھ کی آمیز والی دیں طبیعت کو خوش رکھنے کے وسائل کام میں لانا چاہئیے۔

سکتہ

دماغ کی بعض رگیں خون سے پُر ہو کر پھٹ جاتی ہیں۔ اور تمام حواس حرکات جسمانی انسان کے معطل ہو جاتے ہیں۔ اور آن کی آن میں اچھا بھلا آدمی بالکل مثل مردہ کے گر کر اپنے سے بے خبر ہو جاتا ہے۔

کثرت شراب یا افیون سے یا دن بھر رات نہایت قوی غذائیں قوت باہ کی دوائیں کھانے سے اور جسم میں خون بکثرت پیدا ہونے سے اور ورزش، محنت کا کوئی کام نہ کرنے سے یا شدت کی گرمی یا سردی لگنے سے یا غصہ اور جوش نہایت زور سے پیدا ہونے سے یا امراض گردہ یا نقرس یا دماغ پر ضربہ یا سقطہ کا صدمہ پہنچنے سے یہ بیماری پیدا ہو جاتی ہے۔

عام انسان تو درکنار معمولی عقل کا طبیب بھی سکتہ والے کو دیکھ کر زندہ اور مردہ کی تشخیص مشکل سے ہی کر سکتا ہے۔

بیماری لاحق ہونے سے اول مریض کو کئی دن میں بار بار درد سر کا عارضہ ہوا کرتا ہے سر اس کا چکر آیا کرتا ہے کانوں میں کئی طرح کی شورش کی آوازیں آیا کرتی ہیں آنکھوں میں چکا چوندی سی رہا کرتی ہے اس کو تمام واحد چیزیں دو اور تین کی تعداد میں

دکھائی دیتی ہیں۔ گلے سے نکسیر آتی ہے جی متلایا کرتا ہے۔ یادداشت میں فتور پڑ جاتا ہے طبیعت مغموم اور چڑچڑی ہو جاتی ہے۔ خواب ڈراونے آتے ہیں۔

جب مرض کا زور پیدا ہو جاتا ہے تو یکلخت مریض کا چہرہ سرخ ہو جاتا ہے۔ اور اول سر پر ایک سخت بوجھ سا محسوس ہوتا ہے اور بدن میں اکڑاؤ ہونے لگتا ہے پھر دفعتہً بیہوشی وارد ہو جاتی ہے۔ اول چند منٹ دم خراٹے لیتا ہے پھر منہ میں کف آجاتی ہے اور ہاتھ پاؤں و جسم سرد ہو جاتا ہے۔ آنکھیں پتھرا جاتی ہیں دونوں پتلیاں کشادہ مثل مردہ کے ہو جاتی ہیں۔ بول و براز خطا ہو جاتے ہیں۔ سانس کی آمد و رفت نہیں معلوم ہوتی۔

تشخیص مرض زندہ اور مردہ

چونکہ سکتہ والے اور مردے کا نچتہ شک ہوتا ہے۔ لہذا ذیل کی علامات سے تحقیق ہو سکتی ہے۔

اول تو ایسے بیہوشی کے بیماروں پر نشہ کی غفلت طاری ہو جانے کا شبہ ہوا کرتا ہے لیکن شراب یا افیون کے نشے والے کے منہ سے بدبو ضرور آتی ہے۔ اور ہلانے جلانے سے وہ خواہ کیسا مریض ہو۔ اُوں۔ آں ضرور کچھ نہ کچھ کرتا ہے۔ اور افیون کا نشئی تو زور زور کے خراٹے دار سانس لیا کرتا ہے۔ مگر سکتے والے پر یہ علامتیں نہیں ہوتیں وہ تو یکدم مردہ سا ہو جاتا ہے۔ البتہ ہر قسم کے نشے کی اور مردہ کی آنکھوں کی ہر دو پتلیاں ایک ہی شکل کی پتھرائی ہوئی ہوتی ہیں لیکن سکتہ والے کی ایک آنکھ کی پتلی کشادہ اور دوسری کی تنگ ہو جاتی ہے۔

ناک کے پاس دھنی ہوئی روئی کا ذرا سا گالہ رکھیں تو دم آتا جاتا معلوم ہوتا ہے آتشی شیشہ سے آنکھوں کا معائنہ کریں تو ان میں صاف حرکت دکھائی دیتی ہے

مریض کے منہ میں انگلی دیں تو کچھ دیر بعد انگلی پر گرمائی آجاتی ہے۔
علاج۔ مریض کو تن تنہا ایک کشادہ کمرے میں لٹائیں اس کے ارد گرد کسی قسم کا مجمع نہ ہونے دیں۔ فوراً بیمار کا سر منڈوا کر اس پر برف کی تھیلی رکھیں۔ کروٹن آئیل کے پانچ چھ قطرے گلسیرین میں ملا کر زبان کی جڑ پر ملیں۔ اگر مریض کے جسم میں خون بکثرت ہو تو فوراً ہی سر رو یا ہفت اندام رگ کا فصد کریں۔ اس کے جسم پر بادام روغن کی مالش کرا کر عام اعضاء کو گرمی پہونچائیں مگر سر پر ہر حال میں ٹھنڈک پہنچانیکا انصرام کریں۔ اگر پاخانہ نہ آیا ہو تو صابون دو تولہ کسٹر آئل یا روغن بادام دو تولہ گرم پانی ۱۲ سیر میں ملا کر حقنہ کریں۔
نسخہ ڈاکٹری۔ ایمونیا یا ایتھر یا دیجی ٹیلیس مناسب مقدار میں خود ڈاکٹر جیسی حالت دیکھیگا تجویز کریگا۔ کیونکہ اس بیماری کا علاج بغیر حکیم یا ڈاکٹر کے خود تو کوئی شخص کر ہی نہیں سکتا۔
نسخہ جات یونانی۔ سر کے بال مونڈ کر جند بیدستر دو ماشہ رائی ایک تولہ سرکہ انگوری میں پیسکر لیپ کریں۔ اور بعد اسکی ٹوپی گرم کرکے پہنا دیں اور لوہے کا توا گرم کرکے اوپر رکھدیں۔

یہ خیال رہے کہ ڈاکٹر لوگ تو سر پر سرد چیزوں کا لیپ وغیرہ سکتہ والے کے لئے بہتر خیال کرتے ہیں۔ اور دیگر تمام جسم کو گرمائی دیتے ہیں۔ مگر یونانی اور دیدک والے و سنیاسی لوگ سر پر بھی گرمی ہی پہنچانا بہتر تجویز کرتے ہیں اور حقیقت میں گرمی دینے سے فائدہ ہے۔ کیونکہ خواہ جسقدر گرمی زیادہ اس کے جسم میں پیدا ہو جائیگی اس کا علاج ہو سکیگا۔ مگر سردی کے غلبہ سے اگر مریض پر کچھ پنجا لے تو کوئی تدارک نہیں ہو سکتا۔
کھانے کا نسخہ۔ بیخ وسمہ دو تولہ۔ مغز کرنجوہ فلفل گرد ہر ایک چھ ماشہ بادیک کرکے

بقدر ۳ ماشہ ادرک کے دو تولہ پانی میں حل کر کے نیم گرم حلق سے ٹپکائیں۔
نسخہ ویدک۔ حرمل کے پھول رگڑ کر ان سے بقدر دو تولہ پانی نکالیں اور تین چار ماشہ نکچھکنی اس میں حل کر کے نلی میں بھر کر دونوں ناسکا میں پھونکیں۔ فوراً دماغ پر اثر پہنچیگا اور چھینکیں آئینگی اور یقین ہے دو تین دفعہ کے عمل سے مریض کو ہوش آجائے گی۔
نسخہ سنیاسی۔ کشتہ سنکھیا بقدر ایک رتی پودینہ کے رس میں حل کر کے حلق سے ٹپکاویں۔
غذا تو یہ مریض کھا ہی نہیں سکتا۔ اگر ہوش میں آوے تو مکھن شکر تری یا شہد اور بادام روغن ملا کر چٹاتے رہا کریں۔

زہر سنکھیا

فوراً ہی اچھا بھلا انسان اس کے اثر سے بیمار ہو جاتا ہے۔ اول معمولی سا شکم میں درد اٹھتا ہے اس کے ساتھ ہی خون اور بلغم سے ملے جلے دست اور قے شروع ہو جاتے ہیں پھر پیٹ میں نہایت جلن اور درد پیدا ہو جاتا ہے پیشاب بند ہو جاتا ہے۔ زہر کی تیزی سے مریض کی زبان میں لکنت آجاتی ہے یا وہ بالکل ہی بند ہو جاتی ہے اور کچھ بول نہیں سکتا۔
اگر زہر کا اثر جگر تک اپنا پورا زور دے ڈالے تو دو چار گھنٹہ کے اندر ہی موت واقعہ ہوتی ہے اور ایک تولہ تک سنکھیا سے ایسی جلدی موت لاحق ہوتی ہے دو تین ماشہ والا ایک دو دن تبتا ہے۔ اور رتیوں والا اگر بچ جائے تو آٹھ دس دن بعد جا کر چلنے پھرنے کے کام کا ہوتا ہے مگر طبیعت اس کی تمام عمر زہر کی حدت سے کمزور دمہ والی ہو جاتی ہے اور وہ طاقت اس کے جسم میں اپنی اصلیت عود نہیں کرنے پاتی۔

علاج

ڈاکٹری علاج۔ اگر ہوسکے تو فوراً ہی سٹامک پمپ سے معدے کو اچھی طرح صاف کرائیں یا رائی کا سفوف بقدر دو تولہ بھر گرم پانی میں حل کرکے پلاویں یا زنک سلفاس ۔ ۳ گرین اسیقدر گرم پانی میں ملاکر پلاویں تا اچھی طرح کھُلکر قے ہوجائے بعد ازاں ٹائیکر فیری پر کلورائیڈ چار چار ڈرام میں اسی قدر پانی اور ایک ڈرام سوڈیم کار بونیٹ ملاکر آدہ آدہ گھنٹہ بعد دیتے ہیں۔

نسخہ یونانی۔ سرکہ نمک اور تخم مولی دو دو تولہ ملاکر نیمگرم پانی آدہ سیر میں ڈالکر پلاویں اور جب اچھی طرح قے ہوجائے تو مرغی کا انڈا شراب برانڈی میں ملاکر پلاتے رہیں۔

ویدک۔ گھی اور دودہ جسقدر ہوسکے دیتے رہیں مگر اول پانی میں تانبہ کے پیسے جوش دیکر پلائیں۔ اور قے ہوجانیکے بعد گھی و دودہ کا استعمال رکھیں۔

نسخہ سنیاسی۔ بیخ چرچٹہ۔ بیخ کپاس یعنے روئی ایک ایک تولہ خوب باریک گھڑ کر دو دو گھنٹہ بعد دیتے رہیں ضرور آرام ہوگا۔

زہر دھتورہ

جس کو دھتورہ کھلایا جائے فوراً ہی اس کیحالت دگرگوں ہوجاتی ہے سر چکراتا ہے چہرہ سُرخ ہوجاتاہے گلا سوکھنے لگتا ہے نظر میں فتور آجاتا ہے۔ آواز بیٹھ جاتی ہے۔ اور ہی قسم کی انسان باتیں کرنے لگتاہے اپنے کپڑوں اور بسترہ کو نوچنے لگتاہے بیٹھے بٹھائے وہمی طور سے مکھیاں اڑانے لگتا ہے۔ آدہ گھنٹہ تک ایسے فعل کرتا ہے پھر ایکدم بیہوشی طاری ہوجاتی ہے۔ اور بیحس و حرکت گر پڑتا ہے

نسخہ ڈاکٹری۔ کسٹرائیل یا مگنشیا کا فوراً ہی اچھا خاصہ وزن کا جلاب دیں اور پائلو کارپین کی جلدی پچکاری کریں

نسخہ یونانی۔ مولی کے پانی میں نمک گرم پانی ملا ملا کر قے کرادیں۔

ویدک۔ بلمقی کا جوشاندہ بنا کر بار بار دیتے رہیں۔

نسخہ سنیاسی۔ بھٹ کٹیائی کی جڑ پانی میں رگڑ کر پلائیں فوراً آرام ہوگا۔

زہر افیون

افیون کے زہر سے کچھ عرصہ بعد نیند و غنودگی کا غلبہ ہوا کرتا ہے آنکھوں کی پتلیاں سکڑ جاتی ہیں۔ چہرہ کی رنگت نیلی و پیلی سی ہونے لگتی ہے۔ جسم پر بار بار پسینہ آتا ہے۔ سانس خراٹے سے لیتا ہے۔ گاہے گاہے قے یا دست بھی آیا کرتے ہیں۔ مگر عام طور قبضی ہی لاحق ہوتی ہے بلکہ ایسی قبض کہ ہوا تک جسم سے خارج نہیں ہوتی جسم اکھڑ جاتا ہے اور مریض کے منہ سے افیون کی خوب چٹ پٹی بو آتی ہے۔ کچھ عرصہ بعد جسم کے سب اعضاء اینٹھنے لگتے ہیں اور بے چینی و ہذیان پیدا ہو جاتا ہے جب فالج تک نوبت پہنچے تو زیست کی امید بھی کم رکھنی چاہیئے ایک تولہ افیون سے دو دن کے عرصہ میں موت واقعہ ہوتی ہے۔

علاج

ڈاکٹری نسخہ۔ فوراً ہی سٹاکٹ پمپ اور گرم پانی سے معدہ کو دھوئیں یا زنک سلفاس یا رائی سے قے کرادیں۔

جب اچھی طرح معدہ دھل جائے تو پرمنگینیٹ آف پوٹاس ایک گرین پانی ایک اونس میں حل کر کے نصف نصف گھنٹہ کے بعد پلاتے رہیں۔

نسخہ یونانی۔ نارجیل دریائی بقدر ۴ رتی عرق گلاب میں گھسکر پلادیں دو تین دفعہ ایک ایک گھنٹہ بعد دیں۔ تمام افیون بذریعہ قے دفع ہوگی۔

نسخہ ویدک۔ سندھر بھیرہ دو ماشہ۔ انگوزہ کے پانی پانچ تولہ میں حل کر کے پلائیں

نہایت اکسیر اور بیحد تریاق ہے۔

نسخہ سنیاسی جسقدر افیون کھلائی یا کھائی گئی ہے اس سے چار حصہ زیادہ مغز اخروٹ کھلاویں۔ افیون کا زہر اثر نہ کریگا۔

تندرست ہونیکے بعد چند یوم صرف گائے کا دودھ ہی پلایا کریں اور کوئی غذا نہ دیں

عورتوں کی مرض باؤگولہ

یہ ایک عصبی عارضہ ہے جو آناً فاناً عورت کو بیہوش کر دیتا ہے۔ یہ مرض جوان اور گرم مزاج عورات کو بکثرت ہوتا ہے یا باکرہ کے جسم میں خون بکثرت بھر جائے۔ یا کثرت مجامعت سے اعصاب جسم کے ڈھیلے پڑ جائیں یا حیض میں فتور پیدا ہو جائے۔ یا شراب وغیرہ کی عورت کو علت لگ جائے تو اس مرض میں مبتلا ہو جاتی ہے۔

اس بیماری کی صدہا علامات ہیں اور ہر عورت کو قریباً الگ الگ ہی عنوان کی ہوا کرتی ہیں۔

دورہ کے وقت مریضہ کا سر اکثر چکرانے لگتا ہے۔ دل اس کا دھڑکتا ہے۔ اور پیٹ میں ایک گولا سا چلتا ہے مریضہ ہاتھ پیر مارنے لگتی ہے اس کا چہرہ سرخ ہو جاتا ہے کبھی رونے لگتی ہے گاہے ہنستی ہے گاہے بیہوش ہو جاتی ہے اور مرگی والوں کی طرح کا اشتباہ ہوتا ہے۔

علاج

اگر باکرہ (کنواری) ہو تو اس کی شادی کر دیں پس خود بخود چند ماہ میں عارضہ دفع ہوگا اگر بالغ ہو اور کثرت جماع یا شراب گوشت خوری کے باعث جسم میں خون کو عام بھر گیا ہو گو حیض جاری ہوا ہو تو اول حیض کھولنے کے نسخہ جات دیں وہ یہ ہیں:

نسخہ ڈاکٹری۔ لائیکر امونیا السی نیس ڈیڑھ ڈرام۔ سپرٹ ایتھر ۲ بوند۔ ایکسٹریکٹ ارگٹ لیکوئیڈ ۲۰ بوند پانی ایک اونس سب کو ایک ہی دفعہ رات کو کھانا کھانیکے بعد پلائیں

نسخہ یونانی۔ زیرہ کرمانی۔ انیسون۔ تخم خربزہ۔ شاہترہ ہر ایک ۹ ماشہ آدھ سیر پانی میں جوشا کر ہم تولہ قند سیاہ حل کر کے پلائیں

نسخہ ویدک۔ سدا بہند کے ۲ تولہ پتے جوشا کر شکر تری حل کر کے پلائیں۔

نسخہ سنیاسی۔ ہزار دانی بوٹی کو سایہ میں ہمعہ جڑ اور پتوں کے خشک کر کے سفوف کریں اور چھ ماشہ صبح اسیقدر شام کو گرم پانی سے دیا کریں۔

دیگر اقسام کے باؤ گولہ کے نسخے

نسخہ ڈاکٹری ٹنکچر ولیریئن ایمونیٹا ۱۵ بوند۔ ٹنکچر ہائیوسائمس ۲۰ بوند۔ سپرٹ ایتھر کمپونڈ ۲۰ بوند سپرٹ کلوروفارم ۲۰ بوند۔ ایکوا اینیتھی پپ ایک اونس۔ یہ سب ایک خوراک ایک دن میں پلائیں۔

دیگر ایکسٹریکٹ سمبل ۲۰ گرین۔ فیری سلفٹ ایکسی کیٹا ۲۰ گرین۔ پلواسافٹیڈا ۱۰ گرین ایسڈ ارسنک سب کی ۲۰ گولیاں بنائیں اور ایک گولی صبح کو ایک دوپہر کو اور ایک شام کو دیں اور یہ بات ذہن نشین رہے کہ یہ دوائی غذا کچھ نہ کچھ کھلا کر استعمال کرائیں۔

نسخہ یونانی۔ سنبل الطیب۔ سلیخہ۔ اسارون۔ دارچینی۔ بادرنجبویہ۔ عود بلسان۔ ہر ایک تین ماشہ زعفران۔ جندبیدستر دو دو رتی آدھ سیر پانی میں جوشا کر گلقند تین تولہ حل کر کے پلائیں۔

دیگر نشاستہ مصطگی رومی۔ خاکشی ہر ایک چھ ماشہ جو کوب کر کے باریک کپڑے میں پوٹلی باندھکر تین پاؤ گائے کے دودھ میں ڈالکر آگ پر دودھ کو چڑھائیں اور چمچہ ہلاتے رہیں تاکہ بلائی نہ آئے جب ڈیڑھ پاؤ دودھ رہ جائے اتار کر سرد کر کے پوٹلی نکال پھینکیں اور

دودھ میں دو تولہ یا ڈیڑھ تولہ بادام روغن حل کرکے پلایا کریں۔ یہی خوراک چند دن متواتر استعمال کرائیں ہر قسم کا باد گولہ دور ہوگا۔

یہ خیال رکھیں کہ ان ایام میں مریضہ کو غذا نہایت زود ہضم دیں

نسخہ ویدک۔ پوست بیخ ہرلوئی (ارنڈ) پوست بیخ کرشجوہ پوست بیخ کنیر زرد۔ ہر ایک تین ماشہ۔ سیر بھر بکری کے دودھ میں سفوف کرکے ڈالیں۔ جب دودھ جل کر تین پاؤ رہ جائے اس وقت دو تین تولہ سرکہ قندی ڈالیں اور نیچے اتار لیں۔ بعد ازاں چھانکر اس کا پنیر جدا پھینک دیں اور پانی میں ۵ تولہ شہد حل کرکے روزمرہ نہار شکم صبح کو نیم گرم پی لیا کریں۔ پندرہ بیس دن میں شرطیہ مرض دفع ہوگا۔

نسخہ سنیاسی۔ چرس کی راکھ۔ سونے کا کشتہ ہر ایک چھ ماشہ۔ کستوری دو رتی۔ پیپل کی ڈاڑھی دو تولہ شہد میں رگڑ کر بقدر گول مرچ گولیاں بنائیں۔ ایک گولی روزمرہ گائے کے خام دودھ سے دیا کریں۔

غذا۔ نخود آب۔ پالک کا ساگ۔ آلو۔ اروی۔ پلول۔ مونگ کی دال وغیرہ کے ساتھ پھلکا یا ارارو ٹ دودھ میں پکا کر دیں اس مرض میں چاول اور کھٹائی و تیل مضر ہے۔

موسمی اور وبائی عوارض مع طریقہ علاج

ملیریا یعنی موسمی بخار

یہ وبا ایک قسم کی ناقص بخیر ہے جو نمناک اور مرطوب نالوں و کاشت شدہ متعفن زمینوں سے پیدا ہو کر انسان کے جسم میں بذریعہ مسامات سرایت پذیر ہو کر تپ لرزہ اور کئی ایک دیگر امراض بھی پیدا کرنے کا موجب ہوتی ہے۔

ان دنوں میں جو لوگ نچلی چھتوں میں بود و باش رکھتے ہیں ان کے جسم میں یہ مسموم وبا جلد

حلول کرتی ہے۔ کیونکہ زہریلے اجرام ثقیل ہونے کے سبب اس کو ہلکی اور پاک اور صاف ہوا کے ساتھ بلندی پر نہیں جانے دیتے لہذا یہ زہر نیچے کے مقامات میں ہی اپنا خیمہ خرگاہ رکھتا ہے۔ جو لوگ زمین پر سوتیں ان کو فوراً ملیریا کا اثر فا لو کر لیتا ہے یہ کرم باریک باریک خوردبین سے دکھائی دیتے ہیں۔ جب یہ انسان کے جسم میں سرائت پذیر ہو جاتے ہیں تو سستی بے چینی اسے لاحق ہو جاتی ہے اور طبیعت میں اکساہٹ وانگڑائیوں کا زور ہوتا ہے۔ یہ زہریلا مادہ کونین۔ گلو۔ افسنتین۔ پپاپیتہ۔ کرنجوہ۔ چرائتا۔ شاہترہ۔ سنکھیا وغیرہ تلخ ویز ادویات کے اثر سے زائل ہو جاتا ہے لہذا جو لوگ ملیریا کے ایام میں ان چیزوں میں سے ایک یا چند چیزوں کا استعمال جاری رکھتے ہیں وہ ان عوارض سے بھی محفوظ رہتے ہیں۔

ملیریا بخار جوان آدمیوں کو ہی بکثرت لاحق ہوتا ہے کیونکہ جن کے جسم میں خون بکثرت ہوتا ہے اس کے اندر ان کیڑوں کی زیادہ تر تیزی سے نشوونما ہوتی ہے جس سے ایسے اشخاص کو ہی بخار کا عارضہ ہوتا ہے۔

بوڑھے اور لاغر آدمی اس مرض میں کم مبتلا ہوتے ہیں۔ چنگے بھلے آدمی کو دفعتہً سردی محسوس ہوتی ہے کچھ دیر بعد انگڑائیاں آتی ہیں سر میں درد شروع ہوتا ہے اور جاڑہ ودیگر بخار چڑھ جاتا ہے۔

علاج

نسخہ جات ڈاکٹری۔ امونیا کارب۔ ۳۰ گرین۔ سپرٹ مائی رس ٹیکی ۲ ڈرام ٹنکچر کلوروفارم کمپونڈ ایک ڈرام۔ ٹنکچر کارڈمی عم کمپونڈ ۲ ڈرام۔ انفیوژن کیرو مائی لائی ۵ اونس۔

سب ادویات کو یکجا کر کے چھ خوراک کریں اور ایک خوراک پانچ چھ گھنٹے کے بعد

پلاتے رہیں

دیگر۔ سپرٹ وائنائی گلیلی سالٹی ڈیڑھ اونس۔ انفیوژن سنکونا فلیوا ۶ ½ اونس۔ ہر دو ملا کر ہر چھٹے گھنٹہ میں ایک اونس دیں۔

دیگر۔ پوٹاسی آئیوڈائیڈ ۳۰ گرین۔ پوٹاسی بائیکارب ایک ڈرام۔ سپرٹ امونیا ایروماٹک ۲ ڈرام۔ انفیوژن سنکونا چھ اونس۔

سب کو یکذات کر کے ایک اونس ہر چہار گھنٹہ کے بعد دیا کریں۔

نسخہ جات یونانی۔ پسینہ لانے کے لئے یہ چاء پکا کر دیں۔ چاء کی پتی ۳ ماشہ بنفشہ ۶ ماشہ۔ دانہ الائچی ایک ماشہ۔ بیخ کاسنی ۵ ماشہ۔ کوکنار یعنی پوست دو ماشہ۔ سب کو جوکوب کر کے آدھ سیر پانی میں حل کر کے پلائیں۔

دیگر۔ زیرہ سیاہ۔ کلونجی برابر لے کر قند سیاہ دو تولہ میں پیس گولیاں بنائیں ان دونوں کا وزن تین تولہ ہونا چاہیے۔ ایک گولی گرم پانی سے دیا کریں۔

دیگر۔ تکو خشک۔ گل بنفشہ ہر یک ۷ ماشہ۔ اصل السوس مقشر ۵ ماشہ۔ مویز منقی ۷ دانہ۔ بادیاں۔ تخم خیارین ہر ایک چھ ماشہ۔ سب کو آدھ سیر پانی میں جوکوب کر کے رات کو بھگوئیں۔ صبح کو ان کا پانی نتار کر تین تولہ شربت ورد حل کر کے پلائیں۔

نسخہ ویدک۔ بھنگ کوکنار دونوں کو برابر وزن کو لیکر بقدر تین ماشہ تین چھٹانک عرق گاؤزبان کے ساتھ پھانک دیا کریں۔

دیگر۔ ہڑتال طبقی ایک تولہ۔ تخم دھتورہ دونوں کو تین دن رات بھنگرہ کے پانی میں کھرل کر کے بقدر سیاہ مرچ گولی بنائیں ایک گولی گرم پانی سے دو دو گھنٹہ بعد دیں نہایت اکسیر دوائی ہے۔

نسخہ سنیاسی۔ کشتہ ابرک دو ماشہ۔ کشتہ ہڑتال گئودنتی ۴ ماشہ۔ ہر دو کی چھ پوڑیہ بنائیں اور بکری کا دودھ آدھ سیر آگ پر رکھیں جب دو جوش آجاویں اس میں تین تولہ

سرکہ ڈالیں جب دو بگڑ جائے اتار کر چھانکر دیسی کھانڈ بقدر ۴ تولہ پانی میں حل کر کے دو پڑیہ صبح کو دیں۔ باقی ایک ایک پڑیہ پانی کے ساتھ ہر تین گھنٹہ بعد دیتے رہیں۔ ہر قسم کا بخار نشر طیبہ دور ہوگا۔

غذائیں جائز و ممنوع

ہر ایک بخار والے کو پانی پکا کر دینا چاہیئے۔ یا عرق گاؤزبان پلایا کریں۔ پانی پکانا ہو تو دو سیر کے قریب پانی آگ پر چڑھا کر اس میں دو تولہ سونف اور ایک تولہ الائچی سفید کا چھلکا ڈالیں جب چند جوش آ جائیں اتار کر چھان کر پانی کو ایک مٹی کی صراحی میں بھر یں اور یہ پانی پلایا کریں۔

مریض کو قبض کی شکائیت ہو تو خمیرا پھلکا و پتلی سی دال مونگ یا نخود آب یا پالک کا ساگ یا کدو کی ترکاری ساتھ کھانے کو دیں۔ اگر دستوں کی شکائت ہو یا قبض مطلقاً نہ ہو تو پتلی کھچڑی یا دودھ چاول لیکن دودھ چاول انگریزی ادویات کے ساتھ استعمال کرائیں یا سیناسی لوگوں کی دواؤں کے ہمراہ جائز ہیں۔ گھی تیل کی اشیا ترشی نشے والی چیزیں گوشت ہر قسم منع ہیں۔

تپ پرسوت

اس کو یونانی میں حمے نفاسیہ اور ڈاکٹری میں پیور پرل فیور کہتے ہیں یہ بھی ایک قسم کا وبائی اور متعدی بخار ہے۔

ایک قسم کے باریک نباتی کیڑے اس بخار کا بھی باعث ہوا کرتے ہیں۔ بچہ پیدا ہونے کے بعد جب عورت کی طبیعت ضعیف ہوتی ہے ان دنوں میں اس مرض کا ہونا ہے۔

کسی نالائق دایہ کی وساطت سے یا اور کسی عورت کی چھوت چھات سے یہ

نہ ہزچہ کے جسم میں سرایت پذیر ہوتا ہے یا دایہ کے اثر سے واقعہ ہوتا ہے۔

علامات۔ بچہ کی پیدائش سے چوتھے یا پانچویں دن جاڑہ دیکر زچہ کو بخار چڑھ جاتا ہے۔ رحم کے مقام پر درد کا احساس ہوتا ہے نبض بہت تیز چلتی ہے $\frac{104}{105}$ درجہ تک بخار ہوا کرتا ہے۔ بعضوں کو قے اور دست بھی ساتھ ہی شروع ہو جاتے ہیں۔ پیٹ ابھر جاتا ہے پستانوں میں دودھ خشک ہوتا ہے۔ مریضہ کی طبیعت نہائت ملول اور مشوش ہو جاتی ہے۔ بعضوں کے سر میں بخار چڑھ جاتا ہے اور کئی قسم کی بکواس شروع کر دیتی ہیں۔

بعضوں کے جسم پر سرخ سرخ رنگ کے دھبے سے نمودار ہو جاتے ہیں۔

اگر دوران مرض میں سوزش پردہ صفاق یا غلاف ریہ یا گردہ وغیرہ میں ہو جائے تو بار بار لرزہ کا بخار ہوا کرتا ہے۔ مریضہ نہائت ضعیف ہو جاتی ہے۔

علاج۔ چونکہ یہ نہائت متعدی اور وبائی بیماری ہے اس لئے ہر ایک دائیہ اور قابلہ کا فرض ہے۔ کہ اگر اس بخار کی کوئی مریضہ اس کے زیر علاج ہو تو اسے دوسری زچہ کے پاس جانے سے حتی الوسع پرہیز کرنا چاہئیے اور اگر بحالت مجبوری جانا پڑے تو یہ اشد ضروری ہے کہ وہ خوب نہا دھو کر اپنے لباس کو تبدیل کرے اور اپنے ہاتھوں کو آب گرم اور کاربالک سوپ سے دھو کر اور پھر دوبارہ تیز مرکری لوشن سے صاف کر کے جائے تندرست عورت کے پاس قطعی بغیر جسم و ہاتھ صاف کئے نہ جائے۔

نسخہ جات ڈاکٹری۔ رحم کے مقام پر سینک کریں یا ارد (ماش) کے آٹا کا پولٹس باندھیں اور یہ دوائی پینے کو دیں۔

کونین سلفاس ۲ گرین۔ ایسڈ سلفیورک ڈائیلوٹ ۔ابوند ٹنکچر ڈیجی ٹیلس ۴ بوند ایکوا ایک اونس۔ ایسی ایک خوراک ایک دن میں دو دفعہ دیں۔

دیگر۔ کونین سلفاس ایک ڈرام۔ ایسڈ سلفٹ ڈل ۲ ڈرام۔ ایسڈ کاربالک ۱۰ بوند۔
گلسرین ۴ ڈرام۔ ایکوا۔ ۱۲۔ اونس۔ سب کو ملا کر بمقدار نصف اونس ہر دو دو یا تین گھنٹہ
بعد پلائیں۔

اگر کمزوری زیادہ ہو تو یہ نسخہ چار چار گھنٹہ کے بعد پلاتے رہیں۔
سپرٹ امونیا ایرومیٹک ۲۰ بوند ٹنکچر مسک ۱۰ بوند ٹنکچر بلس ۵ بوند سپرٹ وائنی
گیلی سائی ۲ ڈرام۔ ایکوا۔ ایک اونس۔ دوائی ہذا پلا دیں اور ساتھ ساتھ اگر انٹی سٹریپ
ٹو کوکائی سیرم کی جلدی پچکاری کرائیں تو نہایت مفید ہے۔

نسخہ جات یونانی۔ ریوند چینی۔ نیلی سوسن کی جڑ۔ ہر ایک تین ماشہ۔ زنجبیل
پوست بیخ کبر۔ بارتنگ ہر ایک ۶ ماشہ تین پاؤ پانی میں جو کوب کر کے پکائیں جب
نصف پانی رہ جائے اتار کر چھان کر قدرے شکر حل کر کے نیم گرم پلا دیں۔

دیگر۔ بنفشہ۔ سونف۔ بیخ کرفس۔ پرسیاوشاں۔ برگ گو۔ تخم خطمی۔ ملٹھی ہر ایک
۶ ماشہ تمام چیزوں کو بطریق مندرجہ بالا پکا کر چھان کر دو تولہ شربت ورد دو تولہ شربت
بزوری حل کر کے پلائیں۔

نسخہ ویدک۔ ست گلو۔ پت پاپڑہ۔ گوکھرو ہر ایک ۹ ماشہ سفوف کر کے کاسنی
کے دس تولہ پانی میں ملا کر گرم کر کے پلائیں

دیگر۔ مولی سفید۔ سمبو چن۔ نرسی۔ پاہپنہ چاروں ہموزن تلسی کے پانی میں کھرل کر کے
بقدر نخود گولیاں بنائیں۔ تین تین گھنٹہ بعد ایک گولی گرم پانی سے دیا کریں۔

نسخہ سنیاسی۔ برگ بھنگ دھو کر بقدر ایک ماشہ دو تولہ مغز بادام کے ساتھ رگڑ
کر پاؤ بھر پانی ڈالکر چھان کر کھانڈ دیسی حل کر کے نیم گرم پلائیں۔ مریض کو بکثرت گرم پانی
پینے کو دینا چاہئے۔ اگر ٹھنڈے پانی کے لئے مجبور کرے تو عرق نیلوفر و گاؤزبان
دیں۔

پرسوت والی کی غذا

جائز: یخنی یا شوربہ یا نخود آب یا دودھ میں ساگودانہ پکا کر کھلائیں یا کھچڑی میں بادام روغن ملا کر دیا کریں۔ یا ساگ پالک یا پلول کی ترکاری سے ساتھ ڈبل روٹی یا چپڑو پھلکا یا گیہوں کا بریاں دلیہ پکا یا ہوا۔

ممنوع: غسل قطعی منع ہے۔ تیل کی اشیاء ہر قسم کی چیزیں اچار دہی چھاچھ۔

نوٹ: یہ واضح رہے کہ پرسوت کے بخار والی عورت کو دن کے وقت ہرگز نہ سونا چاہیئے۔

وبائی ہیضہ

انگریزی میں کالرا کہتے ہیں۔ یہ نہایت خوفناک اور موذی مرض ہے جس علاقہ میں پھیلتا ہے گھروں کے گھر چند یوم کے اندر ویران کر دیتا ہے۔ زیادہ تر یہ مرض نوجوانوں لاحق ہوتا ہے۔ دودھ گھی اور دیگر ایسی ہی اشیا کھانے پینے سے یہ مرض پیدا ہوتا ہے لہذا بازار کا دودھ اور گھی بغیر اچھی طرح جوش دئے کے ہرگز نہ کام میں لادیں پانی بھی اچھی طرح جوش دیکر چھان کر پینا چاہیئے۔ ہر روز غسل ضرور کرنا چاہیئے لباس پاک و صاف پہنیں جب تک ایک غذا ہضم نہ ہو جائے مطلق کوئی شے استعمال نہ کریں۔ جو شخص وبائی ایام میں بہت کم کھاتے وہ اپنی زندگی کا بیمہ کرا لیتا ہے۔ باسی غذا اور کچی ہرگز نہ کھانا چاہیئے۔ کھیرا ککڑی۔ خربوزہ۔ امرود کیلہ وغیرہ بالکل استعمال نہ کریں۔

ایام وبا میں جلاب یا قے کی کوئی دوائی استعمال نہ کرنا چاہیئے سخت محنت دماغی یا جسمانی بھی ممنوع ہے۔

ہیضہ کے مریضوں کی ہمسایہ پرسی کو نہ جانا چاہیئے۔ اگر ضروری کسی کے پاس جانا

پڑ جائے تو فوراً ہی اگلا لباس اتار دیں اور گرم پانی میں دو تین لیموں کاغذی نچوڑ لیں اور تھوڑا پیپرمنٹ کافور حل کر کے غسل کر کے اور نیا لباس پہنیں۔

کثرت بھیڑ بھاڑ کے میلوں میں ہرگز نہ جاویں۔

نیز سب سے زیادہ ضروری بات یہ ہے کہ اس بیماری کا خوف دل میں قطعی نہ پیدا ہونے دیں۔ محض خیال کی کمزوری سے ہی ہزار ہا انسان مبتلائے وبا ہوتے ہیں۔ اپنے مکان کو اچھی طرح پاک صاف رکھیں۔ دیواروں پر عرق گلاب سرکہ ہموزن ملا کر قدرے ہینگ حل کر کے چھڑکنا چاہیئے۔ لوبان۔ حرمل۔ گوگل اور گندک ایک دو دفعہ دن بھر میں ضرور سلگانا واجب ہے۔

ہر وقت اپنے جیب میں مشک کافور یا رومال پر چند قطرے لگا کر یوکالپٹس آئیل کے رکھیں۔

یہ گولیاں بنا کر روزمرہ ایک گولی صبح کو پانی سے نگل لیا کریں۔ ہرگز مرض کا دخل نہ ہوگا جدوار، زہر مہرہ، پاپیتہ ہر ایک ۳ ماشہ سب چیزیں نئی اور زہر مہرہ اصلی ہونا چاہیئے۔ مرکی، مصبر، مصطگی رومی۔ زیرہ۔ ناگیسر ہر ایک تولہ تولہ عرق گلاب دو آتشہ میں گھس کر گولیاں بنائیں۔

وبائی ہیضہ کے علامات

جب وبائی مادہ انسان کے جسم میں داخل ہو جاتا ہے تو طبیعت میں سستی اور کاہلی سی پیدا ہوتی ہے جسم میں گرانی سی محسوس ہوتی ہے۔ انگڑائیاں آتی ہیں قدرے درد سر کا عارضہ ہوتا ہے ہاضمہ خراب ہو جاتا ہے۔ ایک دو روز ناول دو تین دست آ جاتے ہیں۔ خیالات مشوش اور متفکر ہو جاتے ہیں۔

بیماری کا حملہ ہوتے ہی دست اور قے شروع ہو جاتے ہیں۔ قے میں اول اول غذا برآمد ہوتی ہے۔ پھر چاولوں کی پیچ کی طرح کا پانی خارج ہوتا ہے کھٹی اور تلخ ذائقہ

کی قے ہوتی ہے۔ دست اول اول زرد رنگ کے آتے ہیں بعد ازاں وہ بھی قے کی رنگت کے سفید ہو جاتے ہیں۔

ہاتھ پاؤں اینٹھنے لگتے ہیں سر اور پیٹ میں سخت درد شروع ہو جاتا ہے۔ پیاس کی شدت ہوتی ہے پانی پیتے ہی فوراً قے کے ذریعہ خارج ہو جاتا ہے اور بیچینی گھبراہٹ و تشنگی بڑھنے لگتی ہے۔

آخری حالتوں میں ضعف اور نقاہت بڑھ جاتی ہے۔ بیمار کی آنکھیں اندر کو گر جاتی ہیں۔ قے اور دست بند بھی ہو جاتے ہیں۔ پسینہ سرد آتا ہے۔ دم لینے میں ذرا تکلیف ہوتی ہے بیمار میں بولنے کی سکت نہیں رہتی۔ چہرے پر مردنی چھا جاتی ہے آنکھوں کے گرد نیلے حلقے پڑ جاتے ہیں۔ پیشاب بالکل نہیں آتا جسم کی حرارت گھٹ جاتی ہے۔ تھرمامیٹر لگا کر دیکھیں تو ۹۵ یا ۹۶ درجہ کی حرارت ہوتی ہے۔

نبض مریض کی کمزور اور رک رک کر چلتی ہے۔ اگر بیمار نے بچ جانا ہو تو فوراً ہی اس کو تیسرے درجہ کے وقت اول ہی بخار چڑھ جاتا ہے۔ اور چہرے پر سرخی آ جاتی ہے آنکھوں پر تازگی کا نور نظر آتا ہے پیشاب بھی ضرور خارج ہوتا ہے۔ ویسی حالت میں گو پیاس لگتی ہے اور پانی پینے سے قے بھی ہوتی ہے پھر بھی زیست کا یقین رکھنا چاہئے۔

علاج۔ مریض کو اچھی کھلی اور ہوادار جگہ میں رکھیں اور یکلخت اس کے دست اور قے بند کرنے کی کوشش نہ کریں۔ بلکہ شروع میں کوئی نہ کوئی مسہل دیں۔

نسخہ جات ڈاکٹری۔ اول اسہال لانے کے لئے کیلومل بقدر تین گرین یا چار تک عرق گلاب یا تودے کے ساتھ کھلائیں پھر ایک ایک گھنٹہ بعد ایک ایک گرین دیتے رہیں۔ کل ۹ یا ۱۰ گرین تک استعمال کرا دیں۔

جب معدہ اور انتڑیاں خوب صاف ہو جائیں تو مندرجہ ذیل قابض نسخہ جات سے کوئی ایک

استعمال کرادیں۔

نسخہ سپرٹ ایتھر نائٹر ۲ بوند۔ سپرٹ کلوروفارم ۲۰ بوند سپرٹ امونیا ایرومیٹک ۳۰ بوند ٹنکچر کارڈی مم کمپونڈ ۴۰ بوند۔ ادیم منیتھی پیپ ۲ بوند۔ ادیم کیجوپٹ ۲ بوند۔ اکوا کمفر ایک اونس۔

ایسی ایک خوراک ایک ایک گھنٹہ بعد دیں۔ کل پانچ چھ خوراک دیں۔

دیگر نسخہ ڈاکٹری - ایسڈ سلف ڈل ۱۵ بوند ٹنکچر اوپیم ۱۰ بوند ٹنکچر کیٹی کو ۳۰ بوند سپرٹ کلوروفارم ۲۰ بوند۔ ادیم پیپ منٹ ۲ بوند۔ ایکوا منیتھی پیپ ایک اونس۔

بطریق مندرجہ بالا استعمال کریں

دیگر - سٹرانگ سپرٹ آف کمفر ۵ بوند۔ ایکوا منیتھی پیپ ایک اونس ایسی ایک خوراک پندرہ پندرہ منٹ کے بعد پیتے جادیں اور سات یا آٹھ خوراک تک دیں۔

دیگر - کمفوروائن ۱۰ بوند۔ ایکوا منیتھی پیپ ایک اونس یہ سب ایک ہی دفعہ دیں۔ اور پانچ خوراک تک ایک ایک گھنٹہ بعد استعمال کرادیں۔

دیگر - لائیکر ارفیا ایسی ٹاس ۱۰ بوند۔ پلمبائی ایسی ٹاس ½ گرین ایسی ٹک ایسڈ ڈائلوٹ ۲۰ بوند۔ ادیم منیتھی پیپ ½ گرین ایکوا کمفر ایک اونس

دیگر - جب زیادہ کمزوری ہو تو یہ نسخہ دیں۔

سپرٹ ایتھر ۲۰ بوند۔ سپرٹ کلوروفارم ۲۰ بوند سپرٹ امونیا ایرومیٹک ۳۰ بوند ڈائنا گیلی ۴ ڈرام۔ ایکوا منیتھی پیپ ایک اونس۔

ایسی ایک خوراک پون پون گھنٹہ بعد دیں۔ اور پانچ چھ خوراک تک یہی وزن دیتے جادیں۔

آخری درجہ میں یہ نسخہ مفید ہے

امونیا کارب ۵ گرین سلفیورک ایسڈ ۲۰ بوند ایکوا کمفر ایک اونس نصف نصف

گھنٹہ بعد ایک خوراک دیں اور پانچ چھ خوراک متواتر استعمال کرائیں۔
اگر مریض بہت ہی گھبراتا ہو اور لحظہ بہ لحظہ کمزور ہوا جاتا ہو تو شمپئن شراب یا برانڈی میں قدرے سوڈا واٹر حل کر کے پلائیں۔ پیاس دور کرنے کیلئے یہ نسخہ مفید ہے۔
سلفیورک ایسڈ ڈائیلوٹ ۱۲ ڈرام۔ کریم آف ٹاٹار دو ڈرام۔ سیرپ آرنشیائی ۲ اونس عرق گلاب ایک بوتل سب کو ملا کر بوتلوں میں بھریں اور ایک ایک اونس پندرہ پندرہ منٹ بعد دیتے رہیں۔

نسخہ جات یونانی

پاپیتہ۔ جدوار۔ نارجیل دریائی۔ زہر مہرہ اصلی۔ فادزہر حیوانی ہر ایک دو ماشہ عرق کیوڑہ میں گھسکر پندرہ گولیاں بنائیں ایک گولی دوا دو گھنٹہ بعد لیموں کی سکنجبین سے دیتے رہیں۔

دیگر۔ پیاز انگار۔ زنجبیل۔ بادیاں۔ نانخواہ۔ شیطرج۔ فلفل گرد۔ نمک سیاہ ہر ایک دو تولہ۔ ہینگ۔ پھٹکڑی بریاں۔ نمک ششہ ہر ایک تولہ سب کو باریک کر کے لیموں کے عرق میں چنے کے مقدار کی گولیاں بنائیں دو گولی ایک ایک گھنٹہ بعد عرق پودینہ ۲ تولہ سے دیں۔

عرق شفا۔ پوست الائچی سفید۔ دارچینی۔ نرنسک۔ برادہ صندل سفید۔ انار دانہ ترش۔ سماق دانہ ہر ایک بیس تولہ۔ آلو بخارا۔ سونف۔ پودینہ۔ طباشیر ہر ایک دس تولہ کافور ۵ تولہ۔ تمام ادویات کو جوکوب کر کے تین گنا پانی میں رات کو بھگوئیں کافور رکھ لیں اور اس کو صبح کے وقت عرق نکالتے ہوئے بھبکہ عرق والے میں جوکوب کر کے پوٹلی باندھکر ڈالیں ادویہ کے ہموزن کشید کریں اور مریض کو ایک ایک گھنٹہ بعد دو تولہ عرق لیموں کی سکنجبین ایک تولہ میں حل کر کے دیتے رہیں شرطیہ بچ جائیگا۔
دیگر۔ گولیوں کا مجرب المجرب نسخہ۔ غنچہ مدار ۵ تولہ دیلا ہوا سبز۔ فلفل گرد دو تولہ۔ نمک ملی

قرنفل کلہدار۔ نوشادر ہر ایک ۱۲ ماشہ۔ چونہ آب نارسیدہ افیون ہر ایک ۳ ماشہ۔ تمام چیزوں کو کھرل میں ڈالکر ادرک کے رس میں گولیاں بنائیں ایک گولی بقدر چار رتی ایک ایک گھنٹہ بعد عرق اجوائن ۳ تولہ سے نگل لیا کریں۔

دیگر۔ پوست بیخ نیم۔ پوست بیخ کرنجوہ ہر ایک ۹ ماشہ مرچ سیاہ ۴ رتی تینوں کو رگڑ کر ڈیڑھ پاؤ پانی ملاکر ایک دو جوش دیں۔ بعد ازاں اتار کر چھانیں۔ اور دو تولہ شربت ورد ملاکر پلائیں۔ تین تین گھنٹہ بعد یہی وزن استعمال کرائیں۔

نسخہ جات ویدک۔ افیون ۴ رتی۔ کافور بھیم سینی ۴ رتی۔ ہینگ ایک ماشہ۔ سونٹھ ۹ ماشہ۔ سیاہ مرچ۔ آک کا زیرہ۔ نمک سونچر ہر ایک تولہ تولہ تمام چیزوں کو گلاب کے عرق میں رگڑ کر دو دو رتی کی گولی بنائیں۔ ایک گولی گرم پانی کے ساتھ ایک ایک گھنٹہ بعد دیا کریں۔

دیگر۔ چرچٹہ کی جڑ کا پوست دو تولہ۔ پوست بیخ کنیر سفید۔ پوست بیخ بیل ہر ایک ۹ ماشہ۔ تینوں کو پودینہ سبز کا پانی ڈالکر کھرل کریں اور سیر بھر پانی ڈالکر پکائیں۔ جب نصف پانی رہ جائے اتار کر چھان کر تین خوراک کریں۔ ایک ایک خوراک تین تین گھنٹہ بعد قدرے دیسی شکر حل کرکے دیتے جاویں۔ اگر پیاس کی شدت ہو تو نیم گرم کرکے دیں۔

نسخہ جات سنیاسی

سنکھیا سفید ایک تولہ۔ بھنگرہ کی راکھ دس سیر۔

ترکیب۔ اول راکھ میں بیس سیر پانی ڈالکر گھولکر چھانیں بعد ازاں سنکھیا کی ڈلی ایک تولہ پر رکھیں اور اس کے عین اوپر ایک گھڑا ایس سوراخ کرکے وہ پانی بھریں۔ گھڑا کسی سہ پائی پر رکھنا چاہیئے سوراخ اس قدر ہو کہ اس پانی کی باریک سی دھار اس سنکھیا کی ڈلی پر ٹپکتی رہے۔ توا کے نیچے آگ اس قدر تیز جلاویں کہ وہ پانی کی

دار فوراً ہی خشک ہوتی جائے پس سب پانی اس سنکھیا پر گر گر کر جب ختم
ہو جائیگا تو وہ سنکھیا موم کیطرح نرم ہو جائیگا۔ اس کیساتھ مندرجہ ذیل ادویہ ملا کر
لیموں کے رس میں بقدر دانہ نخود گولیاں بنائیں ایک ہی گولی سے ہیضہ کا مریض
اٹھ بیٹھیگا۔ اور بات یہ ہے زعفران۔ پیپل کی ڈاڑہی ہر ایک دو تولہ۔ کیکر کے پھول
سفید، دہتورہ کے پھول ہر ایک تین تولہ۔ گولمرچ سفید۔ برگ بھنگ دہلی ہوگے الائچی
گجراتی ہر ایک تولہ۔ اجوائن اندرائنی کی دس تولہ

دیگر نسخہ سنیاسی

کشتہ قلعی (رانگ) دو ماشہ۔ کشتہ تانبہ سہ رتی۔ دانہ الائچی خورد۔ نوشادر۔ پوست
بیخ مدار ہر ایک ماشہ۔ پیاز کے پانی میں کھرل کر کے ایک ایک ماشہ کی گولیاں بنائیں
ایک گولی گرم پانی سے گھنٹہ گھنٹہ بعد دیتے رہیں۔

غذا جائز و ممنوع

اول تو اس مرض میں کئی دن تندرست ہو جانے پر بھی مریض کچھ طلب نہیں کرتا پانی
ہی مانگتا ہے۔ لیکن اگر کھانے کو مانگے تو پتلی سی کھچڑی لیموں کاغذی کے اچار
کے ساتھ دیں۔ ہر وقت پیاس لگنے پر انار کا پانی نچوڑ کر پلاتے رہیں۔ سنگترہ چوسنے
کو دیں۔ دیگر نخود آب۔ آلو کا پانی۔ اردکی دال کا پانی چاولوں کے ساتھ یا روٹی پتری
سے دیں۔

تیل کی اشیاء سخت منع ہیں۔ کچے ساگ پات اور پکائے ہوئے ممنوع ہیں۔
نشہ ہر قسم کا اور گوشت کئی ماہ تک تندرستی کے بعد بھی نہ کھلاویں۔

طاعون

یہ نہایت ہی شدید متعدی وبا ہے۔ اب تو ہندوستان میں ایک کروڑ کے قریب آدمی اسی نامراد عارضہ کی نذر ہو چکا ہے۔ مگر ہندوستان کو فائدہ یہ ہوا کہ اب بچہ بچہ اس مرض سے واقف ہے لہذا مزید تشریح کی حاجت نہیں۔

یہ بیماری بہت پرانی ہے۔ یورپ افریقہ اور ایشیا کے مختلف حصص میں کئی دفعہ پھیل چکی ہے۔ اس کا دفعیہ یوں ہو سکتا ہے کہ جب پہلے پہل ہی کسی شہر یا قصبہ میں یہ وبا پھیلے جبکہ ایک دو انسان بھی اس بیماری میں مبتلا ہوں اسوقت تمام شہر کے لوگ بمعہ جسم شہر سے دور نکل جائیں۔ اور تمام مال و اسباب سمیت اس شہر کو آگ لگا کر جلا دیں۔ تب تو یہ مرض کسی جگہ نہ پھیلنے پاویگا۔ ورنہ حکیموں کا تحقیق شدہ ہے کہ پورا ایک سو سال تک یہ مرض ایک ملک میں رہتا ہے۔ سو سال اس کی عمر ہے مگر زیادہ جوش و خروش اس کا بچپن کے ایام میں ہی ہوا کرتا ہے دس بارہ سال ابتدائی تو از حد تکلیف و مصیبت میں مبتلا کر کے ساکنان شہر کو حیران کر دیتا ہے۔

یہ بیماری بھی ہیضہ کیطرح ایکدوسرے انسان سے منتقل ہوا کرتی ہے۔ اس کے بھی زہریلے کرم ہوتے ہیں۔ احتیاط میں ویسی ہی ضرورت ہے جیسا کہ کالرا کی۔

سات قسم کی یہ مرض ہے

اول خفیف طاعون جس کو ڈاکٹری میں بارٹو بلنگ کہتے ہیں۔ ران یا بغل میں یا ران میں ایک معمولی سی گلٹی نکلتی ہے جسکا بالکل خفیف سا درد ہوتا ہے۔ دو چار دن معمولی سا بخار بھی بعضوں کو ہوتا ہے بعضوں کو نہیں ہوتا چند یوم بعد آپ سے آپ یہ گلٹی

بیٹھ جاتی ہے ورنہ اس میں پیپ پڑ جاتی ہے اور پانچ سات دن انسان کو قطعی صحت ہو جاتی ہے۔

۲۔ معمولی طاعون جس کو انگریزی میں بیوبونک پلیگ نامزد کرتے ہیں مرض سے اول ایکدو دن طبیعت سست ہو جاتی ہے۔ سر اور کمر میں قدرے درد کا احساس ہوتا ہے۔ تیسرے دن بخار چڑھ جاتا ہے۔ بخار ۱۰۲ و ۱۰۳ و ۱۰۴ درجہ تک ہوتا ہے بعضوں کو بیہوشی کے ساتھ ہذیان بھی ہوا کرتا ہے۔ نبض بہت تیز چلتی ہے۔ جی متلاتا اور ابکائیاں آتی ہیں۔ آنکھوں کی رنگت زرد ہو جاتی ہے اور انمیں پانی سا بھرا دکھائی دیتا ہے۔ دوسرے تیسرے دن ران یا بغل میں گلٹی نکل آتی ہے یا کان کے پاس گلٹی پیدا ہوتی ہے۔ بعضوں کو بخار کے پہلے ہی گلٹی نمودار ہو جاتی ہیں مگر یہ گلٹی بھی جسم کے دائیں حصہ پر ہی نکلتی ہیں۔

۳۔ طاعون تنفسی جسکو ڈاکٹر لوگ نیمونک پلیگ کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔ یہ بہت خراب مرض ہے اس کی گلٹی بھی بائیں پہلو پر ہوتی ہے اور بخار بھی بہت شدید ہوتا ہے بعضوں کا پیشاب بھی بند ہو جاتا ہے۔ طبیعت نہائیت بیچین و سراسیمہ ہو جاتی ہے۔

کھانسی تنگ کرتی ہے کھانسی کے ساتھ خون آلودہ بلغم آیا کرتا ہے۔ سانس مشکل سے آتا ہے بعضوں کے ناک اور منہ سے خون جاری ہو جاتا ہے۔ جسم پر دھبے سے پڑ جاتے ہیں۔ رنگت سیاہی مائل ہو جاتی ہے۔ حاملہ عورتوں کو یہ عارضہ ہو تو فوراً بچہ اسقاط ہو جاتا ہے۔

۴۔ خونی طاعون اس کو ڈاکٹری میں ہیمو راجک پلیگ کے نام سے نامزد کیا گیا ہے یہ سخت خوفناک مرض ہے عورتوں اور مردوں کو اس کا گرفتار ہوتے ہی ہر ایک راستہ سے خون جاری ہو جاتا ہے تمام جسم کی رنگت فوراً ہی سیاہ ہو جاتی ہے گویا

آگ میں کسی نے جھلس دیا ہے۔

ع۵۔ مہلک طاعون جس کو ڈاکٹری میں فلمی نینٹ پلیگ نام دیا ہے۔ اس مرض کا مادہ اندر داخل ہوتے ہی ایک دم مریض پر غفلت طاری ہو جاتی ہے اور اس کے جسم پر گلٹی بھی نہیں نکلنے پاتی کہ راہی ملک عدم ہو جاتا ہے۔

ع۶۔ طاعون معدی وامعائی اس کو ڈاکٹری میں گیسٹرو انٹس ٹائنل پلیگ کہتے ہیں یہ بھی ویسا ہی خراب مرض ہے۔ اس کے مریض رات کو آرام اور صحت سے سوتے ہیں کہ چند گھنٹہ بعد سوئے ہوئے ہی چل دیتے ہیں۔
البتہ اس بیماری سے پہلے ایک دو دن مریض کو حلق و معدہ میں کسیقدر درد بھی ضرور محسوس ہوتا ہے۔

ع۷۔ طاعون اعصابی اس کو ڈاکٹری میں نروس پلیگ کے نام سے بیان کیا گیا ہے۔ اس مرض کے مبتلا انسان کو سر درد بے چینی۔ ہذیان وغیرہ سب کے سب از حد شدت سے تنگ کرتا ہے۔ سارے اعضا اینٹھنے لگتا ہے اور درد و مصیبت سے لاچار ہو کر مریض بہت شور مچاتا ہے یہ بھی ویسا ہی مہلک مرض ہے۔

آخری علامات صحت یا صحت

خواہ جس درجہ کا مریض ہو۔ اگر بچنے والا ہو تو دو تین دن تکلیف اٹھا کر رو بصحت ہونے لگ جاتا ہے۔ بخار اس کا ہلکا ہو جاتا ہے۔ بُن ران اور بُن کان و بغل کی گلٹیاں پک کر پھوٹ جاتی ہیں۔ یہ تو آزمایا جا چکا ہے۔ کہ اگر کوئی ایسا لائق حکیم ہو جو مریض کو ایک تو پینے کی ایسی دوائی دے جس سے اس کا حوصلہ قوی رہے ایک اوپر گلٹی کے لگانے کی ایسی دوائی تجویز کرے جس سے اس میں پیپ پڑ جائے اور وہ پھوٹ

جائے تو بیمار شرطیہ طور سے تندرست ہو جاتا ہے۔ اگر بخار زور پر ہے اور محرک ادویات سے بھی پسینہ قطعی نہ آئے تو مریض کو ہذیان و بیہوشی کی شدت رہے گلٹی سخت رہے تو زندگی کی امید قطع کر دینا چاہئے۔

علاج - مریض جداگانہ کسی ہوادار مکان میں آبادی سے دور رکھنا چاہئے۔ نہایت قوی حوصلہ شخص اس کی خدمت میں رہے مگر وہ بھی تین چار گھنٹہ کے بعد ایک دفعہ اس کے پاس ایک ہی کپڑا اوڑھکر آیا کرے اور جب اس کو پانی والی یا دوائی دے چکے پھر فوراً ہی غسل کرکے وہ کپڑا بھی دھوکر دھوپ میں ڈالدے اور خود اور لباس پہنے۔ اور کوئی نہ کوئی مصفی خون و مقوی دوائی ہر روز کھاتا رہے۔ جدوار بہت تحفہ چیز ہے۔ اگر روزمرہ ایک ماشہ جدوار سفوف کرکے گائے کی پتلی لسی کے ساتھ صبح کے وقت پھانک لیا کرے تو پلیگ کے حملہ سے محفوظ رہتا ہے۔

نسخہ جات ڈاکٹری

سپرٹ ایمونیا ایرومیٹک ۲۰ بوند۔ ٹنکچر لیونڈر ۳۰ بوند۔ ٹنکچر کارڈیمم کمپونڈ ۳۰ بوند سپرٹ کلوروفارم ۲۰ بوند۔ برانڈی ڈینیس منی ۲ ڈرام۔ ایکوا کمفر ایک اونس۔

ایسی ایک خوراک تین چار گھنٹہ کے بعد دیا کریں۔

دیگر - لائیکر امونیا ایسی ٹیٹس ایک ڈرام۔ سپرٹ ایمونیا ایرومیٹک ۳۰ بوند۔ سپرٹ ایتھر نائٹر ۲۰ بوند۔ سپرٹ کلوروفارم ۱۵ بوند۔ ٹنکچر ڈیجی ٹیلس ۵ بوند۔ برانڈی ۲ ڈرام۔ ایکوا کمفر ایک اونس

ایسی ایک خوراک صبح ایک دوپہر ایک شام کو دیں۔

دیگر - لائیکر ہائیڈرار جیرائی پرکلورائی ڈائی لیوٹس ۴۰ بوند۔ ٹنکچر سنکونا ۴۰ بوند۔ ٹنکچر سٹرو فنتھس ۴ بوند۔ سپرٹ کمفر ۱۰ بوند۔ ایکوا کمفر ایک اونس۔ ایسی ایک خوراک ایک

دن میں چار دفعہ دیں۔

دیگر۔ امونیا کارب ۴ گرین سپرٹ ایتھر ۱۵ بوند سپرٹ کلوروفارم ۱۰ بوند۔
ٹنکچر سٹرڈ فنتھن ۴ بوند۔ ٹنکچر لیونڈر ۳۰ بوند۔ ایکوا کمفر ایک اونس۔
یہ سب ایک خوراک ہے ایسی خوراک تین تین گھنٹہ بعد دیتے رہیں۔

نسخہ جات یونانی

گولیوں کا بے نظیر نسخہ۔ یاقوت رمانی۔ موتی سفید ہر ایک سفید ہر ایک ۶ ماشہ جدوار۔ پاپیتہ۔ مائہ شتر اعرابی زہر مہرہ اصلی ہر ایک دو تولہ۔ کافور بھیم سینی تین تولہ تمام ادویات کو عرق بید مشک سے آتشہ میں دو دن تک کہرل کرکے دو دو رتی کی گولیاں بنائیں ایک گولی ۴ تولہ عرق گلاب سے دو دو گھنٹہ بعد نگل لیا کریں۔

دیگر۔ صاصفراس ۴ تولہ جوکوب کرکے دو سیر پانی میں پکائیں جب آدہ سیر پانی رہ جاوے چھانکر ایک بوتل میں بھریں۔ اور بقدر دس تولہ لے کر اس میں دو تولہ شہد حل کرکے تین ماشہ مرکی کا سفوف اس دوائی سے پھانک لیں۔ یہی خوراک پھر دو گھنٹہ کے بعد استعمال کریں یہی پھر دو گھنٹہ بعد۔ اس دوائی سے گلٹی میں فوراً پیپ پڑ جاتی ہے۔

دیگر۔ چوب چدوار۔ جدوار بنفشی[1] دو تولہ۔ زرنباد۔ پوست بیخ چترا۔ زرد چوب ہلدی برادہ صندل سفید۔ گل مختوم ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ کافور۔ زہر مہرہ ہر ایک ۹ ماشہ۔ کافور اور زہر مہرہ کو عرق کیوڑہ میں گھس کر دو دیگر سب کو کوٹ چھانکر ملادیں اور اسپغول کا لعاب ڈالکر دو دو ماشہ کی گولیاں بنائیں۔ تین تین گھنٹہ بعد ایک گولی نیم گرم پانی سے دیں۔

دیگر۔ چدوار کو سرکہ انگوری میں رگڑ کر تین تین گھنٹہ بعد گلٹی پر لیپ کریں۔ یا شاخ مرچ

[1] جدوار کو نربسی بھی کہتے ہیں گو یہ ایک قسم اصلی ہوتی ہے۔ میٹھے تیلیا کی طرح۔ دوسری شاخ کی طرح نقلی وہ بالکل ردی چیز ہوتی ہے۔ دہوکا نہ کھانا چاہئے۔

کے تخم باریک رگڑ کر لیپ کریں۔ یا دودھ چاول پکا کر تین تین گھنٹہ بعد اوپر نیمگرم پلٹس باندھا کریں۔ ان سے پیپ پڑ جائے گی۔

نسخہ جات ویدک

مغز تخم کرنجوہ۔ مغز تخم کنار دشتی۔ پوست بیخ تلسی ہر سہ کو تین دن تک چرچٹہ کے سبز پتوں کا پانی نکال کر کھرل کریں۔ اور دو دو ماشہ کی گولی بنائیں۔ ایک گولی دو دو گھنٹہ کے بعد گائے کے خام دودھ سے دیا کریں۔

دیگر۔ ایلوا پیپل کی ڈاڑہی۔ نرملی ہر سہ ہموزن سفوف کر کے چھ چھ ماشہ کی پوڑیہ بنائیں۔ ایک پوڑیہ صبح ایک دوپہر ایک شام کو نیمگرم پانی سے دیتے رہیں۔

دیگر۔ رسونت ۷ ماشہ۔ گل ارمنی۔ بابونہ۔ پرسیاؤشاں ہر ایک ۹ ماشہ سرکہ میں کھرل کر کے نیمگرم کر کے گلٹی پر لیپ کریں۔ یہ لیپ ایکدن میں تین دفعہ استعمال کریں۔ یہ واضح رہے کہ گلٹی کے مقام پر اگر بال ہوں تو وہ استرہ سے مونڈ کر لیپ لگانا چاہیئے۔ ورنہ بہت کم فائدہ دوا کا ہوگا۔

نسخہ جات سنیاسی

کشتہ ہڑتال طبقی دو ماشہ۔ کشتہ ابرک سیاہ ایک ماشہ۔ کشتہ عقیق شربتی ۴ ماشہ تینوں کو پودینہ سبز کے رس میں کھرل کر کے چار گولیاں بنائیں۔ ایک گولی دو دو گھنٹہ بعد پانی سے دیتے رہیں۔

دیگر۔ گھوڑے کی لید پکا کر گلٹی پر باندھیں۔ اور لید کا ہی پانی نچوڑ کر بقدر دو تولہ ایک ایک گھنٹہ بعد پانچ دفعہ دیں۔ اسیوقت مریض اٹھ بیٹھیگا۔ نہایت لاجواب نسخہ ہے۔

خوراک جائز۔ دودھ چاول۔ مربہ اور ک صندل۔ مربہ سیب۔ سنگترہ۔ شوربہ چوزہ بٹیر۔ ساگ پالک۔ نخود آب۔ جو کا دلیہ۔ گیہوں کا دلیہ۔ حلوا نخود پتلا سا۔

ممنوع۔ گرم خشک غذائیں۔ بیگن کریلہ تیل کی اشیا۔ زیادہ تر خام چیزیں نہ کھانا چاہئیں مثلاً مولی گاجر منع ہیں۔ چند یوم صرف دودھ ہی پئیں تو بہتر ہے۔

عورتوں اور بچوں کی بیماریوں کے صرف نسخہ جات

خارش اندام نہانی۔ جس کو ڈاکٹری میں ولول کہتے ہیں۔

نسخہ ڈاکٹری۔ ایکسٹرنکیٹ بیلاڈونا ۱/۲ گرین۔ کافور نصف گرین۔ گولی بناکر صبح کے وقت پانی سے دیں اور یہی وزن شام کو دیں اور مندرجہ ذیل دوا سے کپڑا تر کر کے اندام نہانی کے اندر رکھوائیں۔

نسخہ۔ آلو آئیل ایک اونس۔ لڈ اینڈ اوپیم لوشن چار گرین۔

یونانی نسخہ۔ گل نیلوفر۔ گل خطمی۔ گل سرخ۔ شاہترہ۔ عنب الثعلب۔ تخم کاسنی ہر ایک چھ ماشہ آدھ سیر پانی میں پکا کر چھانکر تین تولہ شربت بزوری بار دحل کر کے دیں۔ اور کافور گلاب میں گھسکر کپڑا اس سے تر کر کے فرج میں رکھوائیں۔

نسخہ ویدک۔ انار شیریں کا رس بقدر ۲ تولہ پلائیں۔ اور اس کا چھلکا پانی میں پکا کر اس سے فرج دھولا یا کریں۔

سینیاسی نسخہ۔ بھنگ کی پتی دو ماشہ۔ کرنجوہ کی پتی ایک تولہ۔ کشتہ سنگرف ۲ رتی رگڑ کر چھ گولیاں بنائیں ایک گولی پانی سے صبح کو نگل لیا کرے ایک پانی میں گھولکر اس سے کپڑا تر کر کے جائے مخصوص میں رکھے۔

سوزش اندام نہانی

جس کو ڈاکٹری میں ویجائناٹس کہتے ہیں

نسخہ ڈاکٹری۔ یہ نسخہ پینے کو دیں۔ پوٹاسی بائیکارب ۱۰ گرین ٹنکچر ہائیوسی مس ۲۰ بوند انفیوژن آف نیبنڈ ایک اونس ایسی ایک خوراک چار چار گھنٹہ بعد دیں۔

نسخہ یونانی۔ مغز تخم تربوز ۹ ماشہ گلقند ۲ تولہ رگڑ کر صبح و شام پلایا کریں۔

نسخہ ویدک۔ تلسی کے سبز پتوں کا پانی بقدر ۲ تولہ ہر روز صبح کو پلایا کریں۔

نسخہ سنیاسی۔ چرس کی راکھ دو رتی نیلوفر کے ۲ تولہ عرق سے کھلائیں۔

غذا۔ ان ہر دو امراض مندرجہ بالا میں زود ہضم از قسم پالک ڈال مونگ چاول دودھ وغیرہ کھلائیں۔

حیض کا بند ہو جانا

اگر مریضہ موٹی تازی ہو تو یہ نسخہ جات مفید ہیں:۔

ڈاکٹری نسخہ۔ پل انوزایٹ مرپل الوزیت اسافیٹڈا ہر ایک تین گرین۔ پوٹاسی برومائیڈ ۹ گرین۔ ایکسٹریکٹ ہائیوسامائی بقدر ضرورت ڈالکر تین گولیاں بنائیں اور ایک گولی صبح کو ایک دوپہر کو ایک شام کو پانی سے نگل لیا کریں۔

یونانی نسخہ۔ زیرہ کرمانی۔ افسنتین۔ تخم خربزہ ہر ایک ۹ ماشہ۔ اشق ۳ ماشہ آدھ سیر پانی میں پکا کر چھانکر قدرے قند سیاہ حل کر کے پلائیں۔

نسخہ ویدک۔ نکو کی جڑ بقدر ڈیڑھ تولہ سفوف کر کے گرم پانی یا دودھ سے پھانک لینا چاہئے۔

نسخہ سنیاسی۔ بانس کی جڑ۔ پت پاپڑہ دونوں ایک ایک تولہ۔ بھنگ کے بیج

ہر تی آدھ سیر پانی میں پکا کر پلادیں - اگر مریضہ لاغر ہو تو یہ نسخہ جات کام میں لاویں -

ڈاکٹری نسخہ - فیری ایٹ امونیا سٹراس ۱۰ گرین - ٹنکچر کھمبا ۳۰ بوند سپرٹ کلوروفارم ۵ ابوند ایکوا ایک اونس ایسی ایک خوراک صبح ایک شام کو دیں -

دیگر - فیری سلف ایگی کیٹا ۱ گرین - ایکسٹریکٹ ایلوز ½ گرین ایسی ایک گولی بنا کر دن میں دو دفعہ صبح و شام دیں -

نسخہ یونانی - گل خطمی - پرسیاوشاں - مشکترا مشیع - عنب الثعلب - خارخسک ہر ایک ۶ ماشہ آدھ سیر پانی میں پکا کر دو ماشہ جوکھار مل کر کے پلائیں -

نسخہ ویدک - کلونجی - اٹ سٹ کی جڑ ہر ایک ۴ تولہ پانی ۱۰ تولہ عرق سونف کے ہمراہ پھانک لینا چاہیئے -

نسخہ سنیاسی - بھارنگی کی جڑ ایک تولہ جوکوب کر کے آدھ سیر دودھ میں ڈالکر آگ پر پکائیں جب ڈیڑھ پاؤ دودھ رہے اتار کر چھانکر قند سیاہ بقدر ضرورت ملا کر پلیں

اگر سردی کیوجہ سے حیض بند ہو جائے تو ذیل کے نسخہ جات کام میں لائیں -

نسخہ ڈاکٹری - لائیکر امونیا ایسی ٹیٹس ½ ۱ ڈرام - سپرٹ ایتھر ۲۰ بوند ایکسٹریکٹ ارگٹ لیکوئیڈ ۲۰ بوند عرق گلاب ایک اونس - یہ ایک خوراک ہے اور ایک دن میں ایک ہی خوراک دیں پھر ضرورت ہو تو دوسرے دن دیں -

نسخہ یونانی - سرکی سیلنجہ ہر ایک چھ ماشہ درونج عقربی - تخم خربوزہ ہر ایک ۱۰ ماشہ - اکلیل الملک ۴ ماشہ - تخم کرفس تین ماشہ تین پاؤ پانی میں جوکوب کر کے پلائیں - جب آدھ رہ جائے ۴ تولہ قند سیاہ ڈالکر چھانکر پلائیں -

نسخہ ویدک - سونف کی جڑ سبز دو تولہ گاجر کے بیج ایک تولہ بطریق مندرجہ بالا استعمال کریں -

نسخہ سنیاسی - چلغوزہ کی جڑ کا چھلکا بقدر دو تولہ سیر بھر پانی میں سفوف بنا کر

ڈالیں۔ اور نرم نرم آگ پر چار پہر پکائیں جب پاؤ بھر پانی رہے اتار کر پانچ تولہ کے قریب پلائیں اسیدن حیض کھل جائیگا۔

غذا مفید و مضر

اگر مریضہ فربہ جسم ہو تو دال مونگ۔ خشک پھلکا یا ڈبل روٹی یا آشجو کھلائیں اور دودھ وغیرہ بالکل نہ دیا کریں۔

اگر مریضہ لاغر ہے تو شوربہ گوشت یا نخود آب جسمیں گھی یا دو تین تولہ بادام روغن ڈالا ہو حلوا اچھی طرح بھنے ہوئے آٹا کا حلوا دیں۔ دودھ چاول یا کھیر پالک کا ساگ آلو اور روغنی روٹی دیں۔ اس مریض کو نرم و سادہ غذا مضر ہے۔

اگر سردی کی سبب بیماری لاحق ہوئی ہو تو بادام کا سفوف بقدر ۲ تولہ آدھ پاؤ آرد گندم میں ڈالکر گھی لگا کر پراٹھا بنا کر دیسی کھانڈ کے ساتھ کھلائیں یا گائے کے تین پاؤ دودھ میں دو تین چھوہارے ڈالکر اس کو پکائیں جب نصف دودھ رہ جائے ڈبل روٹی کے ساتھ کھانڈ ملا کر کھائیں۔

حیض کا تکلیف سے آنا

نسخہ ڈاکٹری۔ لائیکر امونیا ایسی ٹیٹس ۴ ڈرام۔ سپرٹ ایتھر نائیٹر ایک ڈرام۔ ٹنکچر ہائیوسی مائی ۴ بوند۔ سوڈا سیلی سلاس ۵ اگرین۔ پوٹاسی برومائیڈ ۔ ۲گرین میگنیشیا سلفاس چھ ڈرام۔ ایکو اکمفر چھ اونس۔

تمام ادویات کو یکذات کر کے ڈیڑھ اونس ہر چھٹے گھنٹے بعد دیتے رہیں۔

دیگر نسخہ حبوب۔ ایکسٹریکٹ کینابس انڈیکا ۴ گرین۔ ایکسٹریکٹ بیلاڈونا ایک گرین۔ ایکسٹریکٹ ہائیوسی مائی ۶ گرین۔ کمفر ۴ گرین۔ سب کو بخوبی ملا کر ۱۲

گولیاں بنائیں۔ چار چار گھنٹہ بعد ایک ٹسن میں ایک گولی دیا کریں۔

نسخہ یونانی۔ تخم کشوث ۔ ہو سیر بغار جسک ۔ بیج کاسنی ۔ تخم خربزہ ہر ایک ما ت ماشہ۔ تین پاؤ پانی میں پکائیں۔ جب نیم سیر رہے اتار کر چھانکر ہہ تولہ غلوس خیار شنبر حل کر کے دیں۔

نسخہ ویدک۔ گاؤ کی آدہ پاؤ پی آدہ سیر پانی میں پکائیں جب تین چھٹانک پانی رہ جائے اتار کر چھانکر ہہ تولہ ترنجبین ملا کر پلائیں۔

نسخہ سنیاسی۔ کشتہ چاندی تقدر دو رتی گائے کے دودہ کا مکھن ایک تولہ ملا کر صبح کے وقت چٹایا کریں۔ نہایت اکسیر چیز ہے۔

غذا جائز و مفید۔ سبزی ترکاری ہر قسم سوائے بینگن کریلہ اور زمین قند کے۔ دودہ۔ گھی۔ چاول۔ گیہوں کی پھنیری روٹی۔

مضر۔ گوشت ہر قسم کے نشے تیل کی اشیا خمیری روٹی۔ گرم گرم غذا۔

حیض کا بکثرت آنا

ڈاکٹری نسخہ۔ گیلک ایڈہ گرین ۔ ایٹ سلف ایرومیٹک ڈل پندرہ بوند۔ عرق بید مشک ایک اونس۔ ایسی تین خوراک تین دفعہ ایک دن میں دیں۔

یونانی نسخہ۔ اثمد سیاہ دو رتی ۔ گل ارمنی ہم ماشہ۔ شربت صندل یا رُب بہی دو تولہ پر چھڑک کر چٹا دیں۔

ویدک نسخہ۔ گل چھالیہ بنسلوچن۔ کات سفید۔ ببول کی خام پھلی خشک چاروں ہموزن سفوف بنا کر چھہ ماشہ سفوف پانی سے پھانک لیوے۔

سنیاسی نسخہ۔ انار کے پھول چھہ ماشہ۔ آم کی گٹھلی کا مغز ہہ ماشہ باریک کر کے

پانی سے پھانک لینا چاہئے
غذا۔کھچڑی۔ساگودانہ پانی میں پکایا ہوا۔
پرہیز۔غسل۔گرم گرم غذا۔گرم خشک غذا۔دن کا سونا۔

سفید رطوبت کا آنا

ڈاکٹری ذیل کی دوائیں مناسب مقدار میں دینا چاہئے۔سٹرکینا۔مرکبات فولاد کاڈلیور آئل۔ایسٹنز سرپ۔سکاٹس ایملشن۔
ان ادویات کی خوراک اُن شیشیوں پر بھی لکھی ہوتی ہے۔
نسخہ یونانی۔گل مختوم۔مازو۔موصلی سفید۔موچرس۔طباشیر۔بہیدانہ۔گل پستہ۔گوند لسبنہ۔سب ہموزن سفوف کرکے بقدر ۵ ماشہ عرق گاؤزبان دس تولہ سے ہر روز صبح کو پھانک لیا کریں۔
نسخہ وید ک۔اسگندھ ناگوری ۶ ماشہ گائے کے گرم دودھ سے رات کو سوتے وقت پھانک لیا کریں۔
نسخہ سنیاسی۔املی کا مغز بقدر ۶ ماشہ۔انار کا پانی ۵ تولہ نکالکر حل کرکے ہر روز صبح کو پلائیں تین دن میں آرام ہوگا۔
غذا۔خشک ساگ اور دال و چپاتی۔
بادی اور ترش چیزوں کا پرہیز کرائیں۔

بچوں کی بیماریاں

آشوب چشم۔ڈاکٹری نسخہ۔سیچوریٹیڈ بورک ایسڈ سولیوشن سے ایکدن میں چھ دفعہ آنکھوں کو دھوئیں آرام ہوگا۔

نسخہ یونانی۔ اطریفل زمانی ہلیلہ بلیلہ ہموزن بقدر ۴ تولہ سفوف کرکے پاؤ بھر عرق گلاب میں رات کو بھگو کر صبح کو تین دفعہ ایک دن میں آنکھوں پر چھینٹیں لگائیں۔

نسخہ ویدک۔ مغز تخم ہلیلہ زرد دو تولہ عرق گلاب ۔ آتشہ چار تولہ میں کھرل کرکے آنکھوں کے اندر باہر لیپ کریں۔

نسخہ سنیاسی۔ مغز تخم سرس خشک۔ سونف تازہ کے پانی میں چار دن تک کھرل کرتے رہیں۔ بعد ازاں لوہے کے توا پر لیپ کرکے آگ پر سوختہ کرکے باریک پیس کر بچے کی آنکھ میں چٹکی سے ڈالا کریں دو تین دفعہ کے عمل سے آنکھیں تندرست ہونگی۔

بچے کی والدہ کو غذا لطیف اور زود ہضم کھانا چاہئے۔

کھانسی

نسخہ ڈاکٹری۔ بلغمی کھانسی کی شدت سے بچہ بیہوش ہو جایا کرتا ہے اس حالت میں وائنم اپی کاک بقدر ۱۰ بوند عرق سونف و شہد چھ چھ ماشہ ملا کر دیں فوراً قے ہو کر طبیعت بچہ کی درست ہو جاویگی بعد ازاں کچھ دنوں تک سکاٹس املشن استعمال کراویں۔

نسخہ یونانی۔ کتیرا۔ رب السوس۔ مغز بادام شیریں۔ شکر تیغال۔ خشخاش ہر پنج چھ چھ ماشہ شربت زوفا ۴ تولہ میں ملا کر چٹنی سی بنا کر بقدر تین چار ماشہ صبح و شام کو چٹایا کریں۔

نسخہ ویدک۔ چرائتا کے پھول بقدر ۶ ماشہ آدھ سیر پانی میں پکائیں جب دو تولہ کے قریب پانی رہ جائے چھانکر ۴ تولہ شہد حل کرکے بقدر بقدر ۴ ماشہ روزمرہ چٹایا کریں مفید ہے۔

نسخہ سنیاسی۔ سنکھ کی راکھ کشتہ شاخ بارہ سنگھا ہر دو نصف نصف رتی دودھ کی ملائی ۶ ماشہ شکر دیسی تین ماشہ ملا کر چٹائیں۔

قے

نسخہ ڈاکٹری۔ ایک گرین بسمتھ کاربٹ تولہ دودھ بکری میں حل کرکے دیں۔
نسخہ یونانی۔ ناریل دریائی بقدر نصف رتی سونف کے عرق میں گھسکر دیں۔
نسخہ ویدک۔ بنسلوچن ورقی۔ عرق پودینہ میں ملا کر پلائیں۔
نسخہ سنیاسی۔ سہاگہ بریاں ½ رتی والدہ کے دودھ میں شامل کرکے دیں۔

قبض

ڈاکٹری۔ کسٹر آئل ۴ ماشہ قدرے دیسی کھانڈ ملا کر چٹائیں۔
یونانی نسخہ۔ روغن بادام شیریں تین ماشہ ایک تولہ گائے کے دودھ میں دیں
نسخہ ویدک۔ گل قند بنفشہ بقدر چھ ماشہ رگڑ کر قدرے عرق گلاب ملا کر دیں۔
نسخہ سنیاسی۔ عشق پیچہ کی پتی ۹ ماشہ سردائی کی طرح رگڑ کر دو تولہ پانی ملا کر چھانکر نیم گرم پلائیں۔

پیٹ درد و قبض

نسخہ ڈاکٹری۔ میگنشیا کارب ۲۰ گرین ٹنکچر کارڈیمم کمپونڈ ۲۰ بوند ٹنکچر اسافیٹڈا ۱۵ بوند ٹنکچر ہائیڈ سی مس ۱۰ بوند ایکوا ڈل ۲ ڈرام ایکوا اینی سائی ۱ اونس سب کو ملا کر بچے کو ایک دفعہ ایک درام دیں ہر تین گھنٹہ بعد ایک خوراک ایسی

ہیچ ہیں۔

نسخہ یونانی۔ عرق اجوائن۔ عرق پودینہ۔ عرق گلاب۔ عرق سونف ہر ایک دو تولہ۔ شیر خشت ڈیڑھ تولہ سب کو یکذات کر کے بقدر ۶ ماشہ دو دو گھنٹہ بعد دیں۔

نسخہ ویدک۔ کچور۔ پوست ہلیلہ زرد۔ سناء ہر سہ ایک ایک ماشہ گرم پانی میں ملا کر پلائیں تین گھنٹہ کے بعد ایسی ہی ایک خوراک دیں۔

نسخہ سیناسی۔ مغز تخم کرنجوہ۔ ہلیلہ زرد کی گٹھلی کا مغز۔ گھی میں دونوں کو بریاں کر کے بقدر ایک ماشہ سرد پانی ایک تولہ میں ملا کر پلائیں۔

اسہال

اگر دانتوں کے ایام میں خفیف اسہال آتے ہوں تو بند نہ کریں۔ اگر بکثرت آویں یا موسمی ہوں یا بدہضمی سے آتے ہوں تو یہ نسخہ جات کام میں لادیں۔

ڈاکٹری نسخہ۔ بسمتھ سب نائٹر۔ پلوریہائی ہر ایک ڈیڑھ گرین تین پاوڈریہ بنا کر ایک صبح ایک دوپہر ایک شام کو دیں

یونانی۔ زر ورد۔ زیرہ سفید۔ انار کے پھول ہر سہ ہموزن سفوف کر کے بقدر ۲ ماشہ پانی میں حل کر کے دیں۔

ویدک نسخہ۔ عود ہندی۔ زہر مہرہ ہر ایک دو رتی پانی میں گھسکر پلائیں۔

نسخہ سیناسی۔ بیگڑی بقدر دو رتی سفوف کر کے دودھ خام یا پانی سے دیں۔

پرہیز۔ بچہ کی والدہ کو کچے میوے اور ساگ پات ہرگز نہ کھانا چاہیئے۔ کھچڑی یا ساگودانہ دودھ میں پکا کر کھلائے۔

چُرنے یعنی کرم امعا

نسخہ ڈاکٹری۔ ایسڈ ہائیڈرو کلورک ڈل ۲ بوند۔ ٹنکچر چرائتہ نصف ڈرام ٹنکچر کواشیا ۱۵ بوند سپرٹ کلوروفارم ۱۰ بوند۔ ایکوا انیتھی پپ نصف اونس سب کو شیشی میں بھر کر دس خوراک کریں۔ ایک دن میں پانچ خوراک دینا چاہیئے۔

نسخہ یونانی۔ بائے بڑنگ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ نمک سونچر ہر سہ ہموزن سفوف کرکے بقدر ایک ماشہ پانی میں گھولکر دیں۔

نسخہ ویدک۔ کمیلہ۔ ایلوا ہر ایک تین رتی پانی میں حل کرکے دیں۔

نسخہ سنیاسی۔ شفتالو کے سبز پتوں کا پانی نکالکر بقدر چھ ماشہ پلائیں شرطیہ چُرنے دفع ہونگے۔

بچے کی والدہ کو گوشت اور شیرینی و خام پھل اور خراب پانی نہ استعمال کرنا چاہیئے ہر غذا میں نمک زیادہ کھائے۔

سنیاسی لوگوں کے کشتہ جات

کشتہ چہار دھاتا قلعی ارانگ، سکہ، جست ہر ایک ایک تولہ۔ پارہ ۱۵ ماشہ چاروں کو چھپریں ڈالکر آگ پر رکھیں جب سب پانی ہو جائیں تو اوپر ان کے کوکنار یعنی پوست کا سفوف بھرتے جاویں۔ سفوف کا وزن دس تولہ ہونا چاہیئے۔ بعد ازاں گھیکوار کے رس میں چار دن تک کھرل کریں اور بھنگرہ کا نگدہ بقدر پاؤ سیر اسکے اوپر نیچے دیکر کپروٹی چڑھادیں۔ اور گڑھا کھود کر ایک من اپلوں کی آنچ دیں۔ نہایت تحفہ کشتہ ہوگا۔

خوراک - جوان آدمی کو دو رتی سے چاند رتی تک بھی دے سکتے ہیں عورت کو بوڑھے کو ایک رتی سے دو رتی تک ملائی یا مکھن میں یا نسخہ جات ہیں۔

کشتہ چاندی

چاندی کا برادہ دو تولہ۔ ہزار دانی بوٹی کا نگدہ دس تولہ۔ اول برادہ کو پندرہ دفعہ گیدڑ تمباکو کے پانی میں سرخ کر کے بجھائیں بعد ازاں اوپر کے مندرجہ نگدہ میں لپیٹ کر اس پر کپڑمٹی چڑھا کر بیس سیر اپلوں کی آگ میں بھسم کریں۔

خوراک و ترکیب استعمال

جوان کو ایک سے دو رتی تک۔ عورت اور بوڑھے کو نصف وزن۔ لڑکوں کو چہارم وزن شکر میں یا منقہ میں یا شیرہ مربہ آملہ میں یا مکھن یا ملائی میں رکھکر کھانا چاہیئے۔ نہائیت مقوی دماغ و مفرح دل ہے۔

کشتہ تانبہ

برادہ تانبہ ۴ تولہ۔ سبز کائی کا پانی کی ۲۰ بوند۔ مغز تخم جامن ۱۰ تولہ۔

ترکیب - جامن کے مغز کو تھوہر کے دودہ میں رگڑ کر گولی بنائیں اور اس کے درمیان برادہ رکھیں پھر اس کو دھوپ میں خشک کریں بعد ازاں کائی کی ٹکیہ بنا کر اس کے اوپر نیچے رکھکر دو پیالوں میں بند کریں۔ پیالوں کا منہ رگڑ کر ملائیں اور ان کے اوپر چکنی مٹی کا کپڑا تر شدہ لپیٹیں۔ بعد ازاں گڑھا کھود کر من بھر اپلوں کی آگ میں تمام رات رکھیں۔ صبح کو نکال لیں۔ کشتہ برنگ سفید برآمد ہوگا نہائیت مقوی باہ ہے کئی امراض میں کارآمد ہے۔

خوراک۔ جوان کو ایک رتی بوڑھے و عورت کو نصف رتی یہ کشتہ تیس سال سے کم عمر کے انسان کو نہ دینا چاہیئے۔ ملائی یا مکھن میں رکھکر کھائیں۔

ترکیب کشتن اشرفی

گھونگچی سفید دو تولہ۔ پوست یا کونپل یا تخم یا پھل درخت کریر یعنی ڈیلہ پانچ تولہ۔ سرد و کو کونڈا ڈنڈا میں خوب باریک رگڑ کر ان کے درمیان اشرفی کو رکھیں۔ اور کونپل درخت نیم ایک کوزہ میں بقدر ایک سیر اوپر نیچے بچھاکر اس کے درمیان میں وہ نگدہ بمعہ اشرفی رکھیں اور ایک تنور اپلوں کا بھر کر درمیان میں بہ ترین رکھکر آگ سلگائیں تمام رات آگ جلتی رہے۔ صبح کو نکالیں۔ اشرفی بہت تحفہ پھولکر کشتہ ہو گی۔

مالیخولیا۔ جنون۔ وسواس۔ کمزوری دماغ و ضعف باہ کیلئے تیر بہدف ہے خوراک رتی مکھن یا ملائی یا گرمی کے ایام میں مربہ آملہ میں رکھکر کھاویں۔ ہر عمر کے انسان کو ایک رتی کا حرج نہیں ہے۔

کشتہ قلعی

دو تولہ قلعی کو ایک چمچہ میں ڈالکر آگ پر رکھیں جب پگھل جائے تو دس تولہ گائے کے پیشاب میں ڈالیں پھر گرم کر کے ویسے ہی پیشاب میں بجھائیں یونہی پندرہ دفعہ عمل کریں بعد ازاں باریک پتر سے کر کے ایک سیر بھنگ کا نگدہ بناکر اس کے درمیان رکھکر اوپر ایک سیر چھیچڑے لپیٹیں اور گڑھے میں دس سیر اپلوں کی آگ دیں تحفہ کشتہ ہوگا۔ یونہی حرمل کے پتوں میں مہندی کے پتوں میں نیم کی چھال میں پیپل کی چھال میں قلعی کشتہ ہو جاتی ہے۔

خوراک ۱/۲ رتی سے ۱/۲ ماشہ تک بھی دی جاتی ہے۔ سوزاک کے مریضوں کو ۱/۲ ماشہ دودھ کی لسی سے دے سکتے ہیں۔ جریان و احتلام والے کو ملائی میں بقدر ۱/۲ رتی۔ عورتوں اور لڑکوں کو ایک رتی مکھن میں دیں۔

کشتہ فولاد

فولاد کا برادہ ایک چینی کی پیالی میں ڈالکر چالیس دن تک تربوز کے پانی میں تر کر کے سایہ میں خشک کریں نہایت عمدہ کشتہ ہوگا۔

دیگر۔ برادہ مذکور گھیکوار کے رس میں ایک ماہ تک تر کریں سیاہی تحفہ ہوگا۔

دیگر۔ انار ترش کے رس میں ایک ماہ تک تر کریں یا جامن کے پانی میں چالیس دن تک تر کریں تو بھی بہت عمدہ کشتہ تیار ہوگا۔

دیگر۔ فوراً درکار ہو تو ۲ تولہ برادہ فولاد۔ دس تولہ شراب ولیتی میں کھرل کر کے دو پیالوں میں ڈالکر گلحکمت کر کے بیس سیر اپلوں کی آگ دیں نہایت نفیس اور بے ضرر کشتہ ہوگا۔

خوراک نصف رتی مکھن یا ملائی یا شکر کے ساتھ۔ بچوں کو یہ کشتہ نہ دینا چاہئے۔

کشتہ سیسہ یعنی سکہ

چار تولہ سکہ کو کڑچھی (چمچہ) میں ڈالکر آگ پر رکھیں اور ۱۰ تولہ قلمی شورہ کا سفوف بطور چٹکی چھڑکتے جاویں۔ فوراً کشتہ ہوگا۔

دیگر ترکیب۔ سکہ ۱ تولہ کڑاہی میں ڈالیں جب پانی ہو جائے تو گھیکوار کا رس بقدر آدھ سیر فاحل کریں اور نیچے درمیانہ میل کی آگ جلاتے رہیں۔ جب سب اس میں جذب ہو جائیگا بہت تحفہ کشتہ ہوگا۔

خوراک دو رتی۔ سوزاک و جریان۔ استسقا اور درد شکم دمہ و کھانسی کو مفید ہے۔ آنکھوں کی ادویات میں ڈالا جاتا ہے۔

کشتہ پارہ

پارہ ۲ تولہ ادرک کے رس میں سارا دن کھرل کرکے گولی بنائیں اور ایک سبز ڈھاک کی لکڑی بقدر سیر بھر لے کر اس کے درمیان خول کرکے گولی بند کرکے اوپر برادہ ڈالیں۔ اور گلحکمت کرکے تین من پاچکدشتی کی آگ میں کشتہ قائم النار ہوگا۔

کشتہ الماس

گدھے کا دانت پانی میں رگڑ کر الماس یعنی ہیرے پر طلا کرکے دو پیالوں میں رکھکر کپروٹی چڑھا کر من بھر اپلوں کی آنچ دیں بہت تحفہ کشتہ ہوگا۔

کشتہ سنکھیا

دو تولہ سنکھیا کو تین دن مولی کے پانی میں کھرل کرکے گولی بنائیں اور تھوہر کے ڈنڈا میں رکھکر گل حکمت کرکے دس سیر اپلوں کی آگ میں کشتہ کریں۔

کشتہ ہڑتال طبقی

دو تولہ ہڑتال کی ڈلی ایک کوزی میں اوپر نیچے پاؤ بھر پھٹکڑی سرخ ڈالکر کپڑ مٹی کرکے من بھر اپلوں کی آگ دیں نہایت نفیس کشتہ ہوگا۔

دیگر۔ برگ دھتورہ سیاہ سیر بھر کا نگدہ بنا کر اس کے درمیان ۱ تولہ ہڑتال رکھکر کپڑ مٹی کرکے من بھر اپلوں کی گڑھا کھود کر آنچ دیں۔ بہت تحفہ کشتہ ہوگا۔

کشتہ ہڑتال گئوونتی

بین پھل کو سرکہ انگوری میں رگڑ کر ۱ تولہ ہڑتال پر لیپ کر کے کیکر کے کوئلوں کی آگ میں تین گھنٹہ تک کھیں بعدازاں نکالکر پیسکر شیشی میں بھریں۔

نوٹ۔ یہ چند کشتہ جات مندرجہ صدر جن کی ترکیب استعمال درج نہیں کیگئی یہہ سب کے سب سینا سی نسخہ جات میں مستعمل ہیں وہاں پر وزن وغیرہ درج ہے۔

بعض غذائیں جو کئی ایک بیماریوں میں دوا کا کام دیتی ہیں

خشکی گرمی کا درد سر ہو۔ سارے سر کا ہو یا آدھے سر کا درد شقیقہ تو تین شبانہ روز صرف آدہ سیر دودہ اور جلیبی گھی کی پاؤ سیر یا تین چھٹانک کھائیں۔ درد کا نام و نشان رہیگا یہ خوراک ایک دن میں دو دفعہ استعمال کر سکتے ہیں۔

آشوب چشم۔ دودہ گائے کا تازہ آدہ سیر بادام روغن ۲ تولہ روزمرہ صبح کو پی لینا چاہئے۔ اور صبح کی غذا ناغہ کریں شام کو پتلی سی کھچڑی کھائیں تین دن میں شفا ہو جائے گی۔

زکام کا مریض ہاتھ پیر ناغہ کرے اور پیڑے چھٹانک بھر گڑ کر سرد پانی ڈیڑھ پاؤ ملاکر علے الصباح پیئے تندرست ہوگا۔

سوء الہضمی اور درد معدہ کے لئے۔ غلہ گندم کو دہو کر دہوپ میں سکھائیں اور بہاڑ میں بہنوا کر جو کوب کریں۔ بعدازاں بقدر ۲ تولہ آدہ سیر پانی میں پکائیں۔ جب گل جائے تو مندرجہ ذیل سفوف ڈالکر چار دن تک کھائیں بہتر صحت ہوگی۔

نسخہ سفوف پودینہ۔ انار دانہ۔ سونف ہر ایک ۶ ماشہ۔ اجوائن۔ دارچینی۔ امچور تیزپات ہر ایک ۵ ماشہ۔ سونٹھ نمک ہر ایک سات ماشہ

اگر شیرین پسند ہو تو بجائے نمک کے شکر دس تولہ ڈالکر دو تولہ بادام روغن ملا کر کھائیں۔
یہ خوراک آٹھ پہر میں صرف ایک دفعہ کھائیں دوسرے وقت بھوک لگے تو دودھ پیئیں۔

ورم طحال

اگر تاپ تلی کا مریض پورے پندرہ دن تک مندرجہ ذیل ترکاریوں کے ساتھ خمیرہ پھلکا بغیر گھی و کسی چکنائی کے کھائے تو ورم اتر جائیگا۔
کریلہ۔ گوبھی۔ ادرک۔ پلول پالک۔ ٹڈیلہ۔ آم کی گری۔ شلجم۔ مولی۔ ساگ بھتوہ۔ کمرک خام کیلہ۔ ان سب کی ترکاری پکا کر خشک پھلکا سے کھائیں۔ دودھ دہی اور ہر قسم کی شیرینیوں سے پرہیز ہے۔

بواسیر خونی

مولی کی ترکاری سے روٹی کھائیں۔ مولی خام اور مولی کے پتے کھائیں۔ چند یوم کے اندر بواسیر کا خون بند ہوگا۔ اگر چند تولہ مولی کا پانی پیئیں اور اسی کے پانی سے آبدست کریں تو اسی دن خون بند ہوگا۔

ہر موسم کیلئے تندرستی کے اصول

ماہ بماہ کی غذا وغیرہ کی تجویز

ماہ جنوری۔ گرم پانی سے غسل کریں۔ غسل کے بعد اندر بیٹھکر ورزش کریں۔ صبح کے وقت ہواخوری کا ناغہ نہ رکھیں۔ دوپہر کے بعد ۲ بجے کے قریب کم از کم تین میل سبزہ زار میں ہواخوری کو جاویں۔

ہر وقت بغیر رات کو سونے کے موزے پہنے رکھیں۔ گیلا کپڑا کسی وقت بھی جسم پر نہ اوڑھیں ننگے سر کسی وقت باہر نہ نکلیں۔

ممنوع۔ جلاب کرانا۔ قے کا دوا کھانا۔ ٹھنڈائی پینا۔ کھٹائی ہر قسم چٹنیاں اچار وغیرہ۔ قدرے نشہ استعمال کرنے کی اجازت ہے

جائز۔ دودھ۔ حلوا مٹھایاں میوہ جات مثل بادام۔ اخروٹ۔ چلغوزہ۔ چھوہارہ کھجور۔ تقولات و ترکاریاں مثل شلغم۔ مولی۔ گاجر۔ پالک۔ میتھی۔ بینگن۔ مٹر۔ آلو۔ سیم کی پھلی۔ پلول۔ گوبھی۔

ماہ فروری

گرم پانی کا غسل کے بعد بوقت سات بجے صبح سیر کو جاویں۔ جسم پر ہر روز دوپہر کے وقت اُبٹن کی مالش کرانا چاہیئے۔ شام کو بھی ہوا خوری ضرور کریں۔ دن کے وقت موزے ضرور پہنیں رکھیں۔ نمدار جگہ پر ہرگز نہ بیٹھیں

